مع

مرتب

شہیدِ اسلام حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانوی نور اللہ مرقدہٗ

مکتبہ لدھیانوی

سلام کتب مارکیٹ بنوری ٹاؤن کراچی

021-34130020-0321-2115595-0321-2115590

www.maktabaludhyanvi.com

maktabaludhyanvi@gmail.com

www.shaheedeislam.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تالیف

حکیم الامت حضرت مولانا محمد اشرف علی تھانوی رحمۃ اللہ علیہ

مکتبہ لدھیانوی

سلام کتب مارکیٹ بنوری ٹاؤن کراچی

021-34130020-0321-2115595-0321-2115590

www.maktabaludhyanvi.com

maktabaludhyanvi@gmail.com

مناجات اور درود شریف کا نفیس ترین مجموعہ

حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کے افاداتِ عالیہ میں سے ایک "قربات عند اللّٰہ و صلوات الرسول" بھی ہے۔ جس میں حضرتؒ نے حصنِ حصین وغیرہ سے قرآنی اور حدیثی دعاؤں کا ایک نادر ذخیرہ منتخب کر کے امت کے ہاتھ میں دے دیا جو "مناجاتِ مقبول" کے عام فہم نام سے شائع ہوتا آرہا ہے۔

جبکہ علامہ مخدوم محمد ہاشم سندھی ٹھٹھویؒ کا فارسی رسالہ "ذریعۃ الوصول الٰی جناب الرسول صلی اللّٰہ علیہ وسلم" درود شریف کے وہ الفاظ ہیں جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم، صحابہؓ وتابعینؒ سے منقول ہیں۔ اس رسالہ کا اردو ترجمہ شہیدِ اسلام حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانوی نور اللہ مرقدہ نے عقیدت و محبت میں ڈوب کر کیا ہے اور مناجاتِ مقبول کی طرز پر ذریعۃ الوصول کو بھی منزل کی ترتیب پر مرتب فرمایا، اسی طرح مناجاتِ مقبول اور ذریعۃ الوصول کو یکجا شائع کرنے کا اہتمام فرمایا تاکہ مریدین و متوسلین اور قارئین بہ سہولت ایک ہفتہ میں اسے مکمل کر سکیں۔

عرصہ دراز سے ہمارے دوست و احباب، معزز قارئین اور ہمارے بعض کرم فرماؤں کا شدت سے تقاضا تھا کہ یہ مجموعہ آن لائن پڑھنے کے لیے دستیاب ہو۔ چنانچہ مناجات اور درود شریف کے اس مجموعہ کو نہایت خوبصورت اور جدید انداز میں تیار کیا گیا ہے، اور آن لائن پڑھنے میں یہ سہولت رکھی گئی ہے کہ فہرست سے ہی کسی بھی صفحہ تک رسائی حاصل کی جاسکتی ہے، جبکہ درود شریف کے نمبرات پر کلک کر کے اس کے ترجمہ تک رسائی حاصل کی جاسکتی ہے اور ترجمہ کے نمبرات پر کلک کرنے سے درود شریف کے متن کو اسکرین پر دیکھا جاسکتا ہے۔

اللہ تعالیٰ کی رحمت، قرب ورضا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت کے حصول کے لیے درود شریف کو اپنے روزانہ کے معمولات میں شامل فرمائیں۔

''شہیدِ اسلام ڈاٹ کام'' کے پلیٹ فارم سے اس مجموعہ کو عام کرنے کی سعادت حاصل کرنے پر ہم اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی بارگاہ میں سر بسجود ہیں۔ اللہ تعالیٰ اس کے ذریعے ہمارے اکابرین کے علوم ومعارف کا فیض عام فرمائے۔ آمین

جن حضرات کی دعاؤں اور توجہات سے اس اہم کام کی تکمیل ہو پائی، میں ان کا بے حد ممنون ہوں خصوصاً میرے والد ماجد مولانا محمد سعید لدھیانوی دامت برکاتہم، میرے چچا جان صاحبزادہ مولانا محمد طیب لدھیانوی مدظلہ (مدیر دار العلوم یوسفیہ، گلزار ہجری کراچی) اور شیخ ڈاکٹر ولی خان المظفر حفظہ اللہ جن کی بھرپور سرپرستی حاصل رہی۔ اللہ تعالیٰ ان کے علم وعمر میں برکت عطا فرمائے اور صحت وعافیت کے ساتھ اپنے حفظ وامان میں رکھے۔ اور ان کتابوں کی ڈیجیٹل فارمیٹ میں تیاری کیلئے مشاورت اور بھرپور تعاون پر جناب امجد رحیم چوہدری، علامہ یاسر عرفات اور حافظ محمد طلحہ طاہر کا بے حد مشکور ہوں، اسی طرح جناب نعمان احمد (ریسرچ اسکالر، جامعہ کراچی) جناب عمیر ادریس، جناب شہود احمد اور جناب عبد الرحمٰن سمیت تمام معاونین جنہوں نے کسی بھی طرح تعاون کیا تہہ دل سے شکر گزار ہوں۔ اللہ سبحانہ وتعالیٰ ہم سب کو اپنی رضا ورضوان سے نوازے۔ آمین۔

محمد الیاس لدھیانوی

بانی ومنتظم ''شہیدِ اسلام'' ویب پورٹل

www.shaheedeislam.com

Info@shaheedeislam.com

فہرست

نوٹ:

ترجمہ دیکھنے کے لیے درود شریف کے نمبرز پر کلک کریں۔

ترجمہ سے درود شریف کے متن تک رسائی کیلئے ترجمہ کے نمبرز پر کلک کریں۔

کسی بھی صفحہ پر موجود "فہرست" پر کلک کر کے فہرست تک رسائی حاصل کی جاسکتی ہے۔

خطبہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نَحْمَدُكَ يَا خَيْرَ مَأْمُولٍ ۞ وَأَكْرَمَ مَسْئُولٍ ۞ عَلٰى مَا عَلَّمْتَنَا مِنَ الْمُنَاجَاةِ الْمَقْبُولِ ۞ مِنْ قُرُبَاتٍ عِنْدَ اللّٰهِ وَصَلَوَاتِ الرَّسُولِ ۞ فَصَلِّ عَلَيْهِ مَا اخْتَلَفَ الدَّبُورُ وَالْقَبُولُ ۞ وَانْشَعَبَتِ الْفُرُوْعُ مِنَ الْأُصُوْلِ ۞ ثُمَّ نَسْئَلُكَ بِمَا سَنَقُوْلُ ۞ وَمِنَّا السُّؤَالُ وَمِنْكَ الْقَبُوْلُ ۞

اے ان سب سے بہتر جن سے امید قائم کی جاسکتی ہے اور اے ان سب سے کریم تر جن سے کچھ طلب کیا جاسکے، ہم تیری حمد وستائش کرتے ہیں کہ تو نے ہمیں مناجاتِ مقبول سکھائی جو اللہ کے ہاں موجبِ قربت ہے، اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعائیں سکھائیں۔ تو (یا اللہ) اُن (رسول) پر رحمتِ کامل نازل فرما جب تک کہ پچھوا اور پُر واہوائیں چلتی رہیں اور جڑوں سے شاخیں پھوٹتی رہیں۔ اس کے بعد ہم تجھ سے وہ طلب کرتے ہیں، جو ابھی (آگے) عرض کرتے ہیں۔ ہمارا کام طلب کرنا ہے اور تیرا کام عطا کرنا ہے۔

المنزل الاوّل یوم السّبت

پہلی منزل بروز ہفتہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ○ (البقرہ۔ع ۲۵۔ پ۲)

اے ہمارے پروردگار! ہمیں دُنیا میں (بھی) بھلائی دے اور آخرت میں (بھی) بھلائی دے اور ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچادے۔

رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَیْنَا صَبْرًا وَّثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَی الْقَوْمِ الْکٰفِرِیْنَ ○ (البقرۃ۔ع ۳۲۔ پ۲)

اے ہمارے پروردگار! ہمارے اُوپر صبر اُنڈیل دے اور ہمارے قدم جمادے اور ہمیں کافر لوگوں پر غالب کردے۔

رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِیْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا ج رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَیْنَآ اِصْرًا کَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَی الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِنَا ج رَبَّنَا وَلَا

تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَاعْفُ عَنَّا ۏ وَاغْفِرْ لَنَا ۏ وَ ارْحَمْنَا ۏ اَنْتَ مَوْلٰنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ○ (البقرۃ۔ع ۴۰۔ پ۳)

اے ہمارے پروردگار! ہماری پکڑ نہ کر، اگر ہم بھول جائیں یا چوک جائیں اور ہمارے اُوپر بھاری بوجھ نہ رکھ، جیسا تو نے ہم سے پیشتر کے لوگوں پر رکھا تھا۔ اے ہمارے پروردگار! ہم سے وہ چیز نہ اُٹھوا جسے ہم آسانی سے نہ اُٹھاسکتے ہوں۔ اور ہم سے درگزر کر، اور ہمیں بخش دے، اور ہمارے اُوپر رحم کر، تو ہی تو ہمارا مالک ہے، تو ہم کو کافر لوگوں پر غالب کردے۔

رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ○ (آل عمران۔ع ۱۔ پ۳)

اے ہمارے پروردگار! ہمارے دِل کو ہدایت کرنے کے بعد کہیں پھیر نہ دینا اور ہمیں اپنے حضور سے (بڑی) رحمت عطا کر، بیشک تو تو بڑا عطا کرنے والا ہے۔

رَبَّنَآ اِنَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ○

اے ہمارے پروردگار! ہم وہ لوگ ہیں جو ایمان لاچکے ہیں، سو ہمارے گناہ بخش دے، اور ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچادے۔

رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا ۚ سُبْحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ○ (آل عمران۔ع ۲۰۔ پ۴)

اے ہمارے پروردگار! تو نے یہ (سارا کارخانۂ قدرت) یوں ہی بیکار نہیں پیدا کردیا، تو پاک ہے اس سے، پس ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچالے۔

رَبَّنَآ اِنَّكَ مَنْ تُدْخِلِ النَّارَ فَقَدْ اَخْزَيْتَهٗ ؕ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ۝ (آل عمران۔ ع ۲۰ پ۴)

اے ہمارے پروردگار! تو نے جسے دوزخ میں ڈالا، بس اُسے رُسوا ہی کر ڈالا، سیاہ کاروں کا ہمدرد کوئی بھی نہیں۔

رَبَّنَآ اِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِيًا يُّنَادِيْ لِلْاِيْمَانِ اَنْ اٰمِنُوْا بِرَبِّكُمْ فَاٰمَنَّا ۖ رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَكَفِّرْ عَنَّا سَيِّاٰتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ الْاَبْرَارِ ۝ (آل عمران۔ع ۲۰ ۔ پ۴)

اے ہمارے پروردگار! ہم نے تو ایک پکارنے والے کو ایمان کے لئے پکارتے ہوئے سنا کہ اپنے پروردگار پر ایمان لے آؤ، اور ہم ایمان لے آئے۔ اے ہمارے پروردگار! اب ہمارے گناہ بخش دے اور ہماری بُرائیوں کو اُتار دے، اور ہمارا خاتمہ نیکوں کے ساتھ کر۔

رَبَّنَا وَاٰتِنَا مَا وَعَدْتَّنَا عَلٰى رُسُلِكَ وَلَا تُخْزِنَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ۝ (آل عمران۔ع۲۰۔ پ۴)

اے ہمارے پروردگار! ہمیں وہ عطا کر جو تو نے اپنے پیمبروں کی معرفت ہم سے وعدہ کیا، اور ہمیں قیامت کے دن رُسوا نہ کرنا، بے شک تو (ہرگز) وعدہ خلافی نہیں کرتا۔

رَبَّنَا ظَلَمْنَآ اَنْفُسَنَا ۫ وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ۝ (الاعراف۔ع ۲۔ پ۸)

اے ہمارے پروردگار! ہم نے خود اپنے اُوپر ظلم کئے ہیں، اور اگر تو ہی ہمیں نہ بخشے گا اور ہم پر رحمت نہ کرے گا، تو ہم تو یقیناً نامرادوں میں سے ہوجائیں گے۔

رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّتَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ ○ (الاعراف ع ۱۴ پ ۹)

اے ہمارے پروردگار! ہم پر صبر ڈال دے اور ہمیں اسلام ہی کی حالت پر موت دے۔

اَنْتَ وَلِيُّنَا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الْغٰفِرِيْنَ ○
(الاعراف - ع ۱۹ - پ ۹)

توہی ہمارا مددگار ہے پس تو ہمیں بخش دے، اور تو ہم پر رحمت کر، اور تو ہی سب سے بہتر بخشنے والا ہے۔

رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ○ وَنَجِّنَا بِرَحْمَتِكَ مِنَ الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ○ (یونس - ع ۱۴ - پ ۱۱)

اے ہمارے پروردگار! ہم کو ظالم لوگوں کا ہدف نہ بنائیو، اور ہمیں اپنے رحم و کرم سے کافر لوگوں سے چھڑالیجیو۔

فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ قف اَنْتَ وَلِيّٖ فِی الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ تَوَفَّنِیْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِیْ بِالصّٰلِحِيْنَ ○ (یوسف - ع ۱۱ - پ ۱۳)

اے زمین و آسمان کے پیدا کرنے والے! تو ہی میرا رفیق دُنیا اور آخرت میں رہیو، مجھ کو اسلام پر موت دیجیو، اور مجھے نیکوں کے ساتھ شامل کیجیو۔

رَبِّ اجْعَلْنِیْ مُقِيْمَ الصَّلٰوةِ وَمِنْ ذُرِّيَّتِیْ صلے رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ ○ (ابراہیم - ع ۶ - پ ۱۳)

اے میرے پروردگار! مجھے اور میری نسل کو بھی نماز دُرست رکھنے والا کردے، اے ہمارے پروردگار! میری دُعا قبول کرلے۔

رَبَّنَا اغْفِرْ لِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ يَقُوْمُ الْحِسَابُ ○
(ابراہیم - ع ۶ - پ ۱۳)

اے ہمارے پروردگار! مجھے اور میرے ماں باپ کو اور کل مؤمنین کو بخش دیجیو، جس دن کہ حساب قائم ہو۔

رَبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِيْ صَغِيْرًا ۝ (بنی اسرائیل۔ع ۳۔پ۱۵)

اے میرے پروردگار! میرے والدین پر رحمت کیجیو، جیسا کہ انہوں نے مجھ چھوٹے کو پالا۔

رَبِّ اَدْخِلْنِيْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِيْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّيْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا نَّصِيْرًا ۝ (بنی اسرائیل۔ع ۹۔پ۱۵)

اے میرے پروردگار! مجھے اندر بھی صاف لے جا اور مجھے باہر بھی صاف نکال لا، اور میرے حق میں اپنے پاس سے ایک مدد دینے والی قوّت تجویز کردے۔

رَبَّنَآ اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً وَّهَيِّئْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا ۝ (کہف۔ع ۱۔پ۱۵)

اے ہمارے پروردگار! ہمیں اپنے حضور سے رحمت (خاصہ) عنایت کر، اور ہمارے مقصد میں کامیابی کا سامان بہم پہنچادے۔

رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ ۝ وَيَسِّرْ لِيْٓ اَمْرِيْ ۝ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِيْ ۝ يَفْقَهُوْا قَوْلِيْ ۝ (طٰہٰ۔ع ۱۔پ۱۶)

اے میرے پروردگار! میرا سینہ کھول دے، اور مجھ پر میرا کام آسان کردے، اور میری زبان سے گنجلک کھول دے، کہ میری بات کو لوگ سمجھ لیں۔

رَبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا ۝ (طٰہٰ۔ع ۱۵۔پ۱۶)

اے میرے پروردگار! مجھے علم میں بڑھا۔

اَنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۝ (انبیاء۔ع ۶۔پ۱۷)

مجھے دُکھ نے ستایا ہے، اور تو تو سب سے بڑا مہربان ہے۔

رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَیْرُ الْوٰرِثِیْنَ ۝ (انبیاء۔ع۶۔پ۱۷)

اے میرے پروردگار! مجھے اکیلا نہ چھوڑیئو، اور سب سے اچھا وارث تو تو ہی ہے۔

رَبِّ اَنْزِلْنِیْ مُنْزَلًا مُّبٰرَكًا وَّاَنْتَ خَیْرُ الْمُنْزِلِیْنَ ۝ (مؤمنون۔ع۲۔پ۱۸)

اے میرے پروردگار! مجھے مبارک جگہ میں اُتار، اور تو ہی سب سے بہتر اُتارنے والا ہے۔

رَبِّ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّیٰطِیْنِ ۝ وَاَعُوْذُ بِكَ رَبِّ اَنْ یَّحْضُرُوْنِ ۝ (مؤمنون۔ع۶۔پ۱۸)

اے میرے پروردگار! میں شیطانوں کی چھیڑ سے تیری پناہ چاہتا ہوں، اور اس سے بھی تیری پناہ چاہتا ہوں کہ وہ میرے پاس آئیں۔

رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَیْرُ الرّٰحِمِیْنَ ۝ (مؤمنون۔ع۶۔پ۱۸)

اے ہمارے پروردگار! ہم ایمان لے آئے، تو تو ہمیں بخش دے اور ہم پر رحمت کر، اور تو سب مہربانوں سے بہتر ہے۔

رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ ۖ اِنَّ عَذَابَهَا كَانَ غَرَامًا ۖ ۝ (فرقان۔ع۵۔پ۱۹)

اے ہمارے پروردگار! عذابِ دوزخ کو ہم سے پھیر رکھ، کہ اس کا عذاب تو چمٹ جانے والا ہے۔

رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّیّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْیُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِیْنَ اِمَامًا ۝ (فرقان۔ع۵۔پ۱۹)

اے ہمارے پروردگار! ہمیں ہماری ازواج و اولاد کی طرف سے آنکھوں کی ٹھنڈک عطا کر، اور ہمیں پرہیز گاروں کا پیشوا بنا دے۔

رَبِّ اَوْزِعْنِیْۤ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِیْۤ اَنْعَمْتَ عَلَیَّ وَعَلٰی وَالِدَیَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَاَدْخِلْنِیْ بِرَحْمَتِكَ فِیْ عِبَادِكَ الصّٰلِحِیْنَ ۝ (نمل۔ع ۲۔ پ۱۹)

اے میرے پروردگار! مجھے توفیق دے کہ میں شکر ادا کروں تیرے اس احسان کا جو تو نے مجھ پر اور میرے والدین پر کیا، اور یہ کہ میں نیک عمل کروں جو تو پسند کرے اور تو مجھے اپنے رحم و کرم سے اپنے صالح بندوں میں داخل کر دے۔

رَبِّ اِنِّیْ لِمَاۤ اَنْزَلْتَ اِلَیَّ مِنْ خَیْرٍ فَقِیْرٌ ۝ (قصص۔ع ۳۔ پ۲۰)

اے میرے پروردگار! میں اس بھلائی کا جو تو میری طرف اُتارے، محتاج ہوں۔

رَبِّ انْصُرْنِیْ عَلَى الْقَوْمِ الْمُفْسِدِیْنَ ۝ (عنکبوت۔ع ۳۔ پ۲۱)

اے میرے پروردگار! مجھے مفسد لوگوں پر غالب کر۔

رَبَّنَا وَسِعْتَ كُلَّ شَیْءٍ رَّحْمَةً وَّعِلْمًا فَاغْفِرْ لِلَّذِیْنَ تَابُوْا وَاتَّبَعُوْا سَبِیْلَكَ وَقِهِمْ عَذَابَ الْجَحِیْمِ ۝ (مومن۔ع ۱۔ پ۲۴)

اے ہمارے پروردگار! تیری رحمت اور تیرا علم ہر شے پر محیط ہے، تو تو ان لوگوں کو جنہوں نے توبہ کی اور جو تیری راہ پر چلے، انہیں بخش دے، اور انہیں دوزخ کے عذاب سے بچا دے۔

رَبَّنَا وَاَدْخِلْهُمْ جَنّٰتِ عَدْنِ ِۨالَّتِیْ وَعَدْتَّهُمْ وَمَنْ صَلَحَ مِنْ اٰبَآىِٕهِمْ وَاَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّیّٰتِهِمْ ۭ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِیْزُ

الْحَكِيمُ ۝ وَقِهِمُ السَّيِّاٰتِ ۭ وَمَنْ تَقِ السَّيِّاٰتِ يَوْمَئِذٍ فَقَدْ رَحِمْتَهٗ ۭ وَذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ ۝ (مؤمن۔ع ١۔ پ٢٤)

اور اے ہمارے پروردگار! انہیں ہمیشگی کی جنتوں میں داخل کر جن کا تو نے اُن سے وعدہ کیا ہے، اور ان کو بھی جو کوئی ان کے باپ دادوں میں سے اور ان کی بیویوں میں سے اور ان کی اولاد میں سے نیک ہو، بیشک تو ہی زبردست ہے، حکمت والا ہے۔ اور انہیں خرابیوں سے بچادے اور جس کو تو نے اس دن خرابیوں سے بچالیا، اس پر تو نے (بڑا) رحم کیا، اور یہی بڑی کامیابی ہے۔

وَاَصْلِحْ لِيْ فِيْ ذُرِّيَّتِيْ ۚ اِنِّيْ تُبْتُ اِلَيْكَ وَاِنِّيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ۝ (احقاف۔ ع ٢۔ پ٢٦)

اور میری اولاد میں صلاحیت (نیکی کی) دے، میں نے تیری طرف رُجوع کیا اور میں فرمانبرداروں میں سے ہوں۔

اَنِّيْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ ۝ (قمر۔ع ٢۔ پ٢٧)

میں ہارا ہوا ہوں، پس تو میرا بدلہ لے لے۔

رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِيْمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِيْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا رَبَّنَآ اِنَّكَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝ (حشر۔ع ١۔ پ٢٨)

اے ہمارے پروردگار! ہمیں اور ہمارے ان بھائیوں کو جو ایمان میں ہمارے پیشرو ہیں، بخش دے، اور ہمارے دِلوں میں ایمان والوں کے ساتھ کدورت نہ ہونے دے، اے ہمارے پروردگار! تو بڑا شفیق مہربان ہے۔

رَبَّنَا عَلَيْكَ تَوَكَّلْنَا وَإِلَيْكَ أَنَبْنَا وَإِلَيْكَ الْمَصِيرُ ۝ (ممتحنہ۔ع ۱۔ پ ۲۸)

اے ہمارے پروردگار! ہم نے تجھی پر بھروسہ کیا اور تیری طرف ہم رُجوع ہوئے، اور تیری ہی طرف لوٹنا ہے۔

رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلَّذِينَ كَفَرُوا وَاغْفِرْ لَنَا رَبَّنَا ۚ إِنَّكَ أَنتَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ۝

اے ہمارے پروردگار! ہمیں کافر لوگوں کا ہدفِ ستم نہ بنا، اور ہمیں اے پروردگار! بخش دے، بیشک تو ہی زبردست ہے، حکمت والا ہے۔

رَبَّنَا أَتْمِمْ لَنَا نُورَنَا وَاغْفِرْ لَنَا ۖ إِنَّكَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۝ (تحریم۔ ع ۲۔ پ ۲۸)

اے ہمارے پروردگار! ہمارے لئے ہمارا نور کامل کردے اور ہمیں بخش دے، بیشک تو ہر چیز پر قادر ہے۔

رَّبِّ اغْفِرْ لِي وَلِوَالِدَيَّ وَلِمَن دَخَلَ بَيْتِيَ مُؤْمِنًا وَلِلْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ ۝ (نوح۔ ع ۲۔ پ ۲۹)

اے میرے پروردگار! بخش دے مجھ کو اور میرے والدین کو اور اس کو بھی جو میرے گھر میں مؤمن ہو کر داخل ہو، اور سارے مؤمن مردوں اور عورتوں کو بھی۔

اَللّٰهُمَّ اغْسِلْ خَطَايَايَ بِمَاءِ الثَّلْجِ وَالْبَرَدِ وَنَقِّ قَلْبِي مِنَ الْخَطَايَا كَمَا يُنَقَّى الثَّوْبُ الْأَبْيَضُ مِنَ الدَّنَسِ وَبَاعِدْ بَيْنِي

وَبَيْنَ خَطَايَايَ كَمَا بَاعَدْتَّ بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ ؁

(بخاری۔ عن عائشہؓ)

یا اللہ! میرے گناہوں کو برف اور اولے کے پانی سے دھو دے اور میرے دِل کو گناہوں سے (ایسا) پاک کردے، جیسا کہ سفید کپڑا میل سے پاک کیا جاتا ہے، اور مجھ میں اور میرے گناہوں کے درمیان ایسا فاصلہ کردے، جیسا کہ مشرق ومغرب میں تو نے فاصلہ رکھا ہے۔

اَللّٰهُمَّ اٰتِ نَفْسِيْ تَقْوٰهَا وَزَكِّهَا اَنْتَ خَيْرُ مَنْ زَكّٰهَا اَنْتَ وَلِيُّهَا وَمَوْلٰهَا ؁ (مسلم۔ عن زید بن ارقم۔ باب الادعیۃ)

یا اللہ! میرے نفس کو اس کی پرہیزگاری عطا کر اور اُسے پاک کردے، تو ہی اس کو سب سے بہتر پاک کرنے والا ہے، تو ہی اس کا مالک اور آقا ہے۔

اِنَّا نَسْأَلُكَ مِنْ خَيْرِ مَا سَأَلَكَ مِنْهُ نَبِيُّكَ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ؁ (ترمذی۔ عن ابی امامۃؓ۔ ابواب الادعیۃ)

ہم تجھ سے وہ سب بھلائیاں مانگتے ہیں جو تجھ سے تیرے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے مانگی ہیں۔

اِنَّا نَسْأَلُكَ عَزَآئِمَ مَغْفِرَتِكَ وَمُنْجِيَاتِ اَمْرِكَ وَالسَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ اِثْمٍ وَّالْغَنِيْمَةَ مِنْ كُلِّ بِرٍّ وَّالْفَوْزَ بِالْجَنَّةِ وَالنَّجَاةَ مِنَ النَّارِ ؁ (مستدرک حاکم۔ عن ابی مسعودؓ۔ باب الدعاء)

ہم تجھ سے مانگتے ہیں مغفرت کے اسباب، اور نجات دینے والے کام، اور ہر گناہ سے بچاؤ، اور ہر نیکی کی لوٹ، اور بہشت میں اپنا پہنچنا، اور دوزخ سے نجات پانا۔

اَسْأَلُكَ عِلْمًا نَّافِعًا ۞ (کنز العمال۔ عن جابرؓ و عائشہؓ۔ جلد اوّل ص۲۰۰)

میں تجھ سے طلب کرتا ہوں علم کارآمد۔

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ ذُنُوْبِيْ خَطَئِيْ وَعَمْدِيْ ۞ (بیہقی و طبرانی عن ابن عباسؓ)

یا اللہ! بخش دے میرے گناہ، نادانستہ اور دانستہ۔

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ خَطِيْئَتِيْ وَجَهْلِيْ وَإِسْرَافِيْ فِيْ أَمْرِيْ وَمَآ أَنْتَ أَعْلَمُ بِهٖ مِنِّيْ ۞ (بخاری و مسلم۔ عن ابی موسیٰ الاشعریؓ)

یا اللہ! بخش دے میری خطا اور نادانی اور میری زیادتی میرے بارے میں، اور وہ بھی جو تو مجھ سے بڑھ کر جانتا ہے۔

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ جِدِّيْ وَهَزْلِيْ ۞ (بخاری و مسلم۔ عن ابی موسیٰ الاشعریؓ)

یا اللہ! بخش دے جو (گناہ) مجھے مقصود تھا اور جو غیر مقصود تھا۔

اَللّٰهُمَّ مُصَرِّفَ الْقُلُوْبِ صَرِّفْ قُلُوْبَنَا عَلٰى طَاعَتِكَ ۞ (ابنِ شیبہ۔ عن عائشہؓ)

یا اللہ! دلوں کے پھیرنے والے! ہمارے دِل اپنی طاعت کی طرف پھیر دے۔

اَللّٰهُمَّ اهْدِنِيْ وَسَدِّدْنِيْ ۞ (مسلم۔ عن علیؓ۔ باب الادعیہ)

یا اللہ! مجھے ہدایت دے اور مجھے استوار رکھ۔

اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ الْهُدٰى وَالتُّقٰى وَالْعَفَافَ وَالْغِنٰى ۞ (مسلم۔ عن عبد اللہ بن عمرو بن العاصؓ)

یا اللہ! میں مانگتا ہوں تجھ سے ہدایت اور پرہیزگاری اور پارسائی اور سیر چشمی۔

اَللّٰهُمَّ أَصْلِحْ لِيْ دِيْنِيَ الَّذِيْ هُوَ عِصْمَةُ أَمْرِيْ وَأَصْلِحْ لِيْ دُنْيَايَ الَّتِيْ فِيْهَا مَعَاشِيْ وَأَصْلِحْ لِيْ اٰخِرَتِيَ الَّتِيْ فِيْهَا

مَعَادِیْ وَاجْعَلِ الْحَیٰوۃَ زِیَادَۃً لِّیْ فِیْ کُلِّ خَیْرٍ وَّاجْعَلِ الْمَوْتَ رَاحَۃً لِّیْ مِنْ کُلِّ شَرٍّ ۞ (مسلم۔ عن ابی ہریرۃؓ۔ باب الادعیۃ)

یا اللہ! میرا دِین دُرست رکھ جو میرے حق میں بچاؤ ہے، اور میری دُنیا دُرست رکھ جس میں میری معاش ہے، اور میری آخرت دُرست رکھ جہاں مجھے لوٹنا ہے، اور زندگی کو میرے حق میں ہر بھلائی میں ترقی، اور موت کو میرے حق میں ہر بُرائی سے امن بنادے۔

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ وَارْحَمْنِیْ وَعَافِنِیْ وَارْزُقْنِیْ ۞ (مسلم بن ابی مالک الاشجعی۔ باب فضل التہلیل والدعاء)

یا اللہ! مجھے بخش دے اور مجھ پر رحمت کر، اور مجھے چین دے اور مجھے رزق دے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْکَسَلِ وَالْجُبْنِ وَالْھَرَمِ وَالْمَغْرَمِ وَالْمَاْثَمِ وَمِنْ عَذَابِ النَّارِ وَفِتْنَۃِ النَّارِ وَفِتْنَۃِ الْقَبْرِ وَعَذَابِ الْقَبْرِ وَشَرِّ فِتْنَۃِ الْغِنٰی وَشَرِّ فِتْنَۃِ الْفَقْرِ وَ مِنْ شَرِّ فِتْنَۃِ الْمَسِیْحِ الدَّجَّالِ وَمِنْ فِتْنَۃِ الْمَحْیَا وَ الْمَمَاتِ وَمِنَ الْقَسْوَۃِ وَالْغَفْلَۃِ وَالْعَیْلَۃِ وَالذِّلَّۃِ وَ الْمَسْکَنَۃِ وَالْکُفْرِ وَالْفُسُوْقِ وَالشِّقَاقِ وَالسُّمْعَۃِ وَ الرِّیَآءِ وَمِنَ الصَّمَمِ وَالْبُکَمِ وَالْجُنُوْنِ وَالْجُذَامِ وَسَیِّئِ الْاَسْقَامِ وَضَلَعِ الدَّیْنِ وَمِنَ الْھَمِّ وَالْحُزْنِ وَالْبُخْلِ وَغَلَبَۃِ الرِّجَالِ وَمِنْ اَنْ اُرَدَّ اِلٰٓی اَرْذَلِ الْعُمُرِ وَفِتْنَۃِ الدُّنْیَا

وَمِنْ عِلْمٍ لَّا يَنْفَعُ وَمِنْ قَلْبٍ لَّا يَخْشَعُ وَمِنْ نَفْسٍ لَّا تَشْبَعُ وَمِنْ دَعْوَةٍ لَّا يُسْتَجَابُ لَهَا ۞ (نسائی، کتاب الاستعاذہ۔ بخاری کتاب الدعوات والاذکار، مسلم، مستدرک، کنز العمال، جمع الفوائد)

یا اللہ! میں تیری پناہ پکڑتا ہوں کم ہمتی سے، اور سستی سے، اور بزدلی سے، اور انتہائی کبرسنی سے، اور قرضہ سے، اور گناہ سے، اور عذابِ دوزخ سے، اور دوزخ کے فتنہ سے، اور قبر کے فتنہ سے، اور قبر کے عذاب سے، اور مالداری کے فتنے سے، اور محتاجی کے بُرے فتنہ سے، اور مسیح دجال کے بُرے فتنہ سے، اور زندگی اور موت کے فتنہ سے، اور سخت دِلی سے، اور غفلت سے، اور تنگدستی سے، اور ذلت سے، اور بیچارگی سے، اور کفر سے، اور فسق سے، اور ضد اضدی سے، اور (لوگوں کے) سناوے سے، اور دکھاوے سے، اور بہرہ پن سے، اور گونگے پن سے، اور جنون سے، اور جذام سے، اور بُری بیماریوں سے، اور بارِ قرضہ سے، اور فکر سے، اور غم سے، اور بخل سے، اور لوگوں کے دباؤ سے، اور اس سے کہ ناکارہ عمر تک پہنچوں، اور دُنیا کے فتنے سے، اور اس علم سے جو نفع نہ دے، اور اس دل سے جس میں خشوع نہ ہو، اور اس نفس سے جو سیر نہ ہو، اور اس دُعا سے جو قبول نہ ہو۔

المنزل الثانی یوم الاحد

دوسری منزل بروز اتوار

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

رَبِّ اَعِنِّیْ وَلَا تُعِنْ عَلَیَّ وَانْصُرْنِیْ وَلَا تَنْصُرْ عَلَیَّ وَ
امْکُرْ لِیْ وَلَا تَمْکُرْ عَلَیَّ وَاهْدِنِیْ وَیَسِّرِ الْهُدٰی لِیْ وَانْصُرْنِیْ
عَلٰی مَنْ بَغٰی عَلَیَّ رَبِّ اجْعَلْنِیْ لَکَ ذَکَّارًا لَّکَ شَکَّارًا
لَّکَ رَهَّابًا لَّکَ مِطْوَاعًا لَّکَ مُطِیْعًا اِلَیْکَ مُخْبِتًا اِلَیْکَ
اَوَّاهًا مُّنِیْبًا رَبِّ تَقَبَّلْ تَوْبَتِیْ وَاغْسِلْ حَوْبَتِیْ وَاَجِبْ
دَعْوَتِیْ وَثَبِّتْ حُجَّتِیْ وَسَدِّدْ لِسَانِیْ وَاهْدِ قَلْبِیْ وَاسْلُلْ
سَخِیْمَةَ صَدْرِیْ ۞ (ترمذی، عن ابن عباسؓ، ابن ماجہ ابواب الادعیہ)

اے میرے پروردگار! میری مدد کر اور میری مخالفت میں کسی کی مددمت کر، اور مجھے فتح دے اور کسی کو میرے اُوپر غالب نہ کر، اور میرے حق میں تدبیر کر اور میرے مقابلے میں کسی کی تدبیر نہ چلا، اور مجھے ہدایت کر اور میرے لئے ہدایت کو آسان کردے، اور اس کے مقابلے میں مجھے مدد دے جو مجھ پر زیادتی کرے۔ اے میرے پروردگار! مجھے ایسا کردے کہ میں تجھے بہت یاد کیا کروں، تیرا بہت شکر ادا کیا کروں، تجھ سے بہت ڈرا کروں، تیری بہت فرمانبرداری کیا کروں، تیرا بہت مطیع رہوں، تجھی سے سکون پانے والا رہوں، تیری ہی طرف متوجہ ہونے والا

رہوں، رُجوع ہونے والا رہوں، اے میرے پروردگار! میری توبہ قبول کر اور میرے گناہ دھودے، اور میری دُعا قبول کر، اور میری حجت (دینی) قائم رکھ، اور میری زبان دُرست رکھ، اور میرے دِل کو ہدایت پر رکھ، اور سینہ کی کدورت کو نکال دے۔

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلَنَا وَارْحَمْنَا وَارْضَ عَنَّا وَاَدْخِلْنَا الْجَنَّۃَ وَنَجِّنَا مِنَ النَّارِ وَاَصْلِحْ لَنَا شَأْنَنَا کُلَّہٗ ۞ (ابن ماجہ۔عن ابی امامۃؓ باب دعا رسول صلی اللّٰہ علیہ وسلم)

یا اللہ! ہمیں بخش دے اور ہم پر رحم کر اور ہم سے راضی ہوجا، اور ہمیں بہشت میں داخل کر، اور ہمیں دوزخ سے بچادے اور ہمارے حال سب دُرست کردے۔

اَللّٰھُمَّ اَلِّفْ بَیْنَ قُلُوْبِنَا وَاَصْلِحْ ذَاتَ بَیْنِنَا وَاھْدِنَا سُبُلَ السَّلَامِ وَنَجِّنَا مِنَ الظُّلُمَاتِ اِلَی النُّوْرِ وَجَنِّبْنَا الْفَوَاحِشَ مَا ظَھَرَ مِنْھَا وَمَا بَطَنَ وَبَارِكْ لَنَا فِیْٓ اَسْمَاعِنَا وَاَبْصَارِنَا وَقُلُوْبِنَا وَاَزْوَاجِنَا وَذُرِّیّٰتِنَا وَتُبْ عَلَیْنَآ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ وَاجْعَلْنَا شَاكِرِیْنَ لِنِعْمَتِكَ مُثْنِیْنَ بِھَا قَابِلِیْھَا وَاَتِمَّھَا عَلَیْنَا ۞ (مستدرک کنز العمال۔عن ابن مسعودؓ)

یا اللہ! ہمارے دِلوں میں اُلفت دے، اور ہمارے آپس کے تعلقات دُرست کردے، اور ہمیں سلامتی کے راستے دکھا، اور ہمیں اندھیریوں سے نور کی طرف نکال لا، اور ہمیں بے حیائیوں سے جو اِن میں سے ظاہری ہوں اور باطنی ہوں (دونوں سے) الگ رکھ، اور ہمیں برکت دے ہماری سماعتوں میں اور ہماری بینائیوں میں اور ہمارے دِلوں میں اور ہماری بیویوں میں اور ہماری اولادوں میں، اور ہماری توبہ قبول کر، بے شک تو ہی تو توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے، اور ہمیں اپنی نعمتوں کا شکر گزار اور ثنا خواں بنا، اور نعمتوں کے قابل بنا اور انہیں ہم پر پورا کر۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُكَ الثَّبَاتَ فِی الْاَمْرِ وَاَسْأَلُكَ عَزِیْمَةَ الرُّشْدِ وَ اَسْأَلُكَ شُكْرَ نِعْمَتِكَ وَحُسْنَ عِبَادَتِكَ وَاَسْأَلُكَ لِسَانًا صَادِقًا وَّقَلْبًا سَلِیْمًا وَّخُلُقًا مُّسْتَقِیْمًا وَّاَسْأَلُكَ مِنْ خَیْرِ مَا تَعْلَمُ وَاَسْتَغْفِرُكَ مِمَّا تَعْلَمُ اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ ۞ (ترمذی۔ عن شداد بن اوسؓ۔ نسائی۔ حاکم)

یا اللہ! میں تجھ سے ثابت قدمی طلب کرتا ہوں اُمورِ (دین) میں، اور تجھ سے اعلیٰ صلاحیت طلب کرتا ہوں، اور تجھ سے تیری نعمتوں کے شکریہ کی توفیق اور حسنِ عبادت چاہتا ہوں، اور تجھ سے مانگتا ہوں سچی زبان اور قلبِ سلیم اور اخلاقِ صحیح، اور تجھ سے وہ بھلائی مانگتا ہوں جس کو تو جانتا ہے، اور تجھ سے اس گناہ سے معافی چاہتا ہوں جس کو تو جانتا ہے، بے شک تو ہی ہر غائب کا جاننے والا ہے۔

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ مَا قَدَّمْتُ وَمَآ اَخَّرْتُ وَمَآ اَسْرَرْتُ وَمَآ اَعْلَنْتُ وَمَآ اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّیْ ۞ (حاکم۔ عن ابن عمرؓ)

یا اللہ! مجھے بخش دے جو کچھ میں نے پہلے کیا اور جو کچھ بعد میں کیا، اور جو کچھ میں نے پوشیدہ کیا اور جو کچھ علانیہ کیا، اور اس کو بھی جو تو مجھ سے زیادہ جانتا ہے۔

اَللّٰهُمَّ اقْسِمْ لَنَا مِنْ خَشْیَتِكَ مَا تَحُوْلُ بِهٖ بَیْنَنَا وَبَیْنَ مَعَاصِیْكَ وَمِنْ طَاعَتِكَ مَا تُبَلِّغُنَا بِهٖ جَنَّتَكَ وَمِنَ الْیَقِیْنِ مَا تُهَوِّنُ بِهٖ عَلَیْنَا مَصَآئِبَ الدُّنْیَا وَمَتِّعْنَا بِاَسْمَاعِنَا وَاَبْصَارِنَا وَقُوَّتِنَا مَآ اَحْیَیْتَنَا وَاجْعَلْهُ الْوَارِثَ مِنَّا وَاجْعَلْ ثَأْرَنَا عَلٰی

مَنْ ظَلَمَنَا وَانْصُرْنَا عَلٰى مَنْ عَادَانَا وَلَا تَجْعَلْ مُصِيبَتَنَا فِي دِينِنَا وَلَا تَجْعَلِ الدُّنْيَا أَكْبَرَ هَمِّنَا وَلَا مَبْلَغَ عِلْمِنَا وَلَا غَايَةَ رَغْبَتِنَا وَلَا تُسَلِّطْ عَلَيْنَا مَنْ لَّا يَرْحَمُنَا ۞ (ترمذی۔ نسائی عن ابن عمرؓ)

یا اللہ! ہمیں اپنی خشیت سے اتنا حصہ دے کہ ہمارے اور گناہوں کے درمیان حائل ہوجائے، اور اپنی طاعت سے اتنا حصہ کہ تو ہمیں اس کے ذریعہ سے اپنی جنت میں پہنچادے، اور یقین سے اتنا حصہ کہ اس سے تو ہم پر دُنیا کی مصیبتیں آسان کردے اور ہماری سماعتیں اور ہماری بینائیاں اور ہماری قوت کو کام کار کھ جب تک تو ہمیں زندہ رکھے، اور اس کی خیر کو ہمارے بعد باقی رکھنا، اور ہمارا انتقام اس سے لے جو ہم پر ظلم کرے، اور ہمیں اُس پر غلبہ دے جو ہم سے دُشمنی کرے، اور ہمارے دین میں ہمارے لئے مصیبت نہ ڈال، اور دُنیا کو نہ ہمارا مقصودِ اعظم بنا اور نہ ہمارے معلومات کی انتہا اور نہ ہماری رغبت کی منزلِ مقصود، اور ہم پر اُس کو حاکم نہ کر جو ہم پر نامہربان ہو۔

اَللّٰهُمَّ زِدْنَا وَلَا تَنْقُصْنَا وَأَكْرِمْنَا وَلَا تُهِنَّا وَأَعْطِنَا وَلَا تَحْرِمْنَا وَآثِرْنَا وَلَا تُؤْثِرْ عَلَيْنَا وَارْضِنَا وَارْضَ عَنَّا ۞ (مستدرک، عن عمرؓ کنزالعمال)

یا اللہ! ہمیں بڑھا، اور گھٹا مت، اور ہمیں آبرو دے، اور ہمیں خوار نہ کر، اور ہمیں عطا کر، اور ہمیں محروم نہ رکھ، اور ہمیں بڑھائے رکھ اور دُوسروں کو ہم پر نہ بڑھا، اور ہمیں خوش رکھ اور ہم سے خوش رہ۔

اَللّٰهُمَّ أَلْهِمْنِي رُشْدِي ۞ (ترمذی عن عمران بن حصین)

یا اللہ! میرے دِل میں ڈال دے میری سعادت۔

اَللّٰهُمَّ قِنِي شَرَّ نَفْسِي وَاعْزِمْ لِي عَلٰى رُشْدِ أَمْرِي ۞ (ابوداؤد۔ عن ابن عمرؓ مستدرک عن حصین بن عبید اللہؓ)

یا اللہ! مجھے میرے نفس کی بُرائی سے محفوظ رکھ، اور مجھے میرے اُمور کی اصلاح کی ہمت دے۔

اَسْأَلُ اللّٰهَ الْعَافِيَةَ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ؁ (ابن ماجہ۔ عن ابی ہریرہؓ)

میں اللہ سے دُنیا و آخرت دونوں میں عافیت مانگتا ہوں۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْأَلُكَ فِعْلَ الْخَيْرَاتِ وَتَرْكَ الْمُنْكَرَاتِ وَ حُبَّ الْمَسَاكِيْنِ وَاَنْ تَغْفِرَلِيْ وَتَرْحَمَنِيْ وَاِذَا اَرَدْتَّ بِقَوْمٍ فِتْنَةً فَتَوَفَّنِيْ غَيْرَ مَفْتُوْنٍ وَّاَسْأَلُكَ حُبَّكَ وَحُبَّ مَنْ يُّحِبُّكَ وَحُبَّ عَمَلٍ يُّقَرِّبُ اِلٰى حُبِّكَ ؁ (مستدرک۔ عن ثوبانؓ)

یا اللہ! میں تجھ سے توفیق چاہتا ہوں نیکیوں کے کرنے کی اور بُرائیوں کے چھوڑنے کی اور غریبوں کی محبت کی اور یہ کہ تو مجھے بخش دے اور مجھ پر رحم کرے اور جب تو کسی جماعت پر بلا نازل کرنے کا ارادہ کرے تو مجھے اُٹھالینا بلا اس کے کہ میں اس بلا میں پڑوں، اور میں تجھ سے تیری محبت مانگتا ہوں، اور اس شخص کی محبت (بھی) جو تجھ سے محبت رکھتا ہے، اور اس عمل کی (بھی) محبت جو تیری محبت سے قریب کردے۔

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ حُبَّكَ اَحَبَّ اِلَيَّ مِنْ نَّفْسِيْ وَاَهْلِيْ وَمِنَ الْمَآءِ الْبَارِدِ ؁ (ترمذی، عن ابی الدرداءؓ وعن معاذؓ)

یا اللہ! اپنی محبت مجھے پیاری کردے میری جان سے اور میرے گھر والوں سے اور سرد پانی سے بھی بڑھ کر۔

اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِيْ حُبَّكَ وَحُبَّ مَنْ يَّنْفَعُنِيْ حُبُّهٗ عِنْدَكَ اَللّٰهُمَّ فَكَمَا رَزَقْتَنِيْ مِمَّآ اُحِبُّ فَاجْعَلْهُ قُوَّةً لِّيْ فِيْمَا تُحِبُّ اَللّٰهُمَّ وَمَا زَوَيْتَ عَنِّيْ مِمَّآ اُحِبُّ فَاجْعَلْهُ فَرَاغًا لِّيْ

فِيْمَا تُحِبُّ ۞ (ترمذی۔ عن عبداللہ بن یزید الانصاریؓ)

یا اللہ! مجھے اپنی محبت نصیب کر اور اس شخص کی بھی محبت جس کی محبت تیرے نزدیک میرے حق میں نافع ہو، یا اللہ! جس طرح تو نے مجھے وہ دیا ہے جو مجھے پسند ہے، اُسے میرا معین بھی اس کام میں بنا دے جو تجھے پسند ہے، یا اللہ! جو کچھ تو نے دُور رکھا ہے مجھ سے اُن چیزوں میں سے جو مجھ کو پسند ہیں تو اسے میرے حق میں ان چیزوں کے لئے موجبِ فراغ بنا دے جو تجھے پسند ہیں۔

يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ ثَبِّتْ قَلْبِیْ عَلٰی دِيْنِكَ ۞ (مستدرک عن انسؓ)

اے دِلوں کے پلٹنے والے! میرا دِل اپنے دین پر مضبوط رکھ۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْۤ اَسْأَلُكَ اِيْمَانًا لَّا يَرْتَدُّ وَنَعِيْمًا لَّا يَنْفَدُ وَمُرَافَقَةَ نَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِیْۤ اَعْلٰی دَرَجَةِ الْجَنَّةِ جَنَّةِ الْخُلْدِ ۞ (مستدرک، عن ابن مسعودؓ)

یا اللہ! میں تجھ سے ایسا ایمان مانگتا ہوں کہ پھر نہ پھرے، اور ایسی نعمتیں کہ ختم نہ ہوں اور اپنے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی رفاقت جنت کے برترین مقام یعنی جنتِ خلد میں۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْۤ اَسْأَلُكَ صِحَّةً فِیْۤ اِيْمَانٍ وَّاِيْمَانًا فِیْ حُسْنِ خُلُقٍ وَّنَجَاحًا تُتْبِعُهٗ فَلَاحًا وَّرَحْمَةً مِّنْكَ وَعَافِيَةً وَّمَغْفِرَةً مِّنْكَ وَرِضْوَانًا ۞ (مستدرک۔ عن ابی ہریرۃؓ)

یا اللہ! میں مانگتا ہوں تجھ سے تندرستی ایمان کے ساتھ، اور ایمان حسنِ اخلاق کے ساتھ، اور کامیابی جس کے پیچھے تو مجھے فلاح بھی دے، اور رحمت تیری طرف سے اور عافیت اور مغفرت تیری طرف سے اور (تیری) خوشنودی۔

اَللّٰهُمَّ انْفَعْنِیْ بِمَا عَلَّمْتَنِیْ وَعَلِّمْنِیْ مَا يَنْفَعُنِیْ ۞ (مستدرک عن انسؓ)

یا اللہ! تو نے جو علم مجھے دیا ہے اس سے مجھے نفع دے، اور مجھے وہ علم دے جو مجھے نفع دے۔

اَللّٰهُمَّ بِعِلْمِكَ الْغَيْبَ وَقُدْرَتِكَ عَلَى الْخَلْقِ اَحْيِنِیْ مَا عَلِمْتَ الْحَيٰوةَ خَيْرًا لِّیْ وَتَوَفَّنِیْ اِذَا عَلِمْتَ الْوَفَاةَ خَيْرًا لِّیْ وَاَسْأَلُكَ خَشْيَتَكَ فِی الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ وَكَلِمَةَ الْاِخْلَاصِ فِی الرِّضٰى وَالْغَضَبِ وَاَسْأَلُكَ نَعِيْمًا لَّا يَنْفَدُ وَقُرَّةَ عَيْنٍ لَّا تَنْقَطِعُ وَاَسْأَلُكَ الرِّضَآءَ بِالْقَضَآءِ وَبَرْدَ الْعَيْشِ بَعْدَ الْمَوْتِ وَلَذَّةَ النَّظَرِ اِلٰى وَجْهِكَ وَالشَّوْقَ اِلٰى لِقَآئِكَ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ ضَرَّآءَ مُضِرَّةٍ وَّفِتْنَةٍ مُّضِلَّةٍ اَللّٰهُمَّ زَيِّنَّا بِزِيْنَةِ الْاِيْمَانِ وَاجْعَلْنَا هُدَاةً مُّهْتَدِيْنَ ۞ (مستدرک عن عمار بن یاسرؓ)

یا اللہ! بوسیلہ اپنے عالم الغیب ہونے کے اور مخلوق پر قادر ہونے کے، مجھے زندہ رکھ جب تک تیرے علم میں زندگی میرے حق میں بہتر ہو اور مجھے اُٹھالینا جب تیرے علم میں موت میرے حق میں بہتر ہو، اور میں مانگتا ہوں تجھ سے تیرا ڈر غائب و حاضر میں، اور اخلاص کی بات حالتِ عیش و طیش میں، اور تجھ سے ایسی نعمت مانگتا ہوں جو ختم نہ ہو، اور ایسی آنکھوں کی ٹھنڈک جو جاتی نہ رہے، اور میں تجھ سے مانگتا ہوں تیرے حکمِ تکوینی پر رضامند رہنا، اور موت کے بعد خوش عیشی اور تیرے دیدار کی لذّت اور تیری دید کا شوق، اور میں تیری ذات کے ذریعہ سے پناہ مانگتا ہوں آزار دینے والی مصیبت اور گمراہ کرنے والی بلا سے، اے اللہ! ہمیں ایمان کی زینت سے آراستہ کردے، اور ہمیں راہ نما راہ یاب بنادے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیٓ اَسْأَلُکَ مِنَ الْخَیْرِ کُلِّہٖ عَاجِلِہٖ وَاٰجِلِہٖ مَا عَلِمْتُ مِنْہُ وَمَا لَمْ اَعْلَمْ ۞ (مستدرک عن عائشہؓ ابن ماجہ)

یا اللہ! میں تجھ سے بھلائی مانگتا ہوں سب کی سب، فوری بھی اور دُور کی بھی، اس میں سے بھی جس کا مجھے علم ہے، اوراس میں سے بھی جس کا مجھے علم نہیں ہے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیٓ اَسْأَلُکَ مِنْ خَیْرِ مَا سَأَلَکَ عَبْدُکَ وَنَبِیُّکَ اَللّٰھُمَّ اِنِّیٓ اَسْأَلُکَ الْجَنَّۃَ وَمَا قَرَّبَ اِلَیْھَا مِنْ قَوْلٍ اَوْعَمَلٍ وَّاَسْأَلُکَ اَنْ تَجْعَلَ کُلَّ قَضَآءٍ لِّیْ خَیْرًا وَّاَسْأَلُکَ مَا قَضَیْتَ لِیْ مِنْ اَمْرٍ اَنْ تَجْعَلَ عَاقِبَتَہٗ رُشْدًا ۞ (مستدرک عن عائشہؓ۔ابن ماجہ)

یا اللہ! میں تجھ سے وہ سب بھلائی مانگتا ہوں جو تجھ سے تیرے بندہ اور تیرے نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) نے مانگی، یا اللہ! میں تجھ سے جنت مانگتا ہوں اور جو چیز بھی اس سے قریب کرنے والی ہو، قول سے ہو یا عمل سے، اور میں تجھ سے یہ مانگتا ہوں کہ اپنے ہر حکمِ تکوینی کو میرے حق میں بہتر کردے، اور میں تجھ سے یہ مانگتا ہوں کہ جو کچھ تو میرے حق میں جاری کرے، اس کے انجام کو سعادت بنادے۔

اَللّٰھُمَّ اَحْسِنْ عَاقِبَتَنَا فِی الْاُمُوْرِ کُلِّھَا وَاَجِرْنَا مِنْ خِزْیِ الدُّنْیَا وَعَذَابِ الْاٰخِرَۃِ ۞ (کنزالعمال۔عن بسر بن ارطاۃ)

یا اللہ! ہمارا انجام تمام کاموں میں اچھا کر، اور ہمیں دُنیا کی رُسوائی اور آخرت کے عذاب سے محفوظ رکھ۔

اَللّٰھُمَّ احْفَظْنِیْ بِالْاِسْلَامِ قَآئِمًا وَّاحْفَظْنِیْ بِالْاِسْلَامِ قَاعِدًا

وَّاحْفَظْنِیْ بِالْاِسْلَامِ رَاقِدًا وَّلَا تُشْمِتْ بِیْ عَدُوًّا وَّلَا حَاسِدًا اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُكَ مِنْ كُلِّ خَیْرٍ خَزَآئِنُهٗ بِیَدِكَ وَاَسْأَلُكَ مِنَ الْخَیْرِ الَّذِیْ هُوَ بِیَدِكَ كُلِّهٖ ۞ (مستدرک۔ عن ابن مسعودؓ)

یا اللہ! مجھے اسلام کے ساتھ قائم رکھ کھڑے ہوئے، اور اسلام کے ساتھ قائم رکھ بیٹھے ہوئے، اور اسلام کے ساتھ قائم رکھ لیٹے ہوئے، اور مجھ پر طعنہ کا موقع نہ دے، نہ کسی دُشمن کو اور نہ کسی حاسد کو، یا اللہ! میں تجھ سے سب بھلائیاں مانگتا ہوں جن کے خزانے تیرے قبضۂ قدرت میں ہیں، اور تجھ سے وہ بھلائی بھی مانگتا ہوں جو تمام تر تیرے ہی قبضہ میں ہے۔

اَللّٰھُمَّ لَا تَدَعْ لَنَا ذَنْۢبًا اِلَّا غَفَرْتَهٗ وَلَا هَمًّا اِلَّا فَرَّجْتَهٗ وَلَا دَیْنًا اِلَّا قَضَیْتَهٗ وَلَا حَاجَةً مِّنْ حَوَآئِجِ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ اِلَّا قَضَیْتَهَا یَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ۞ (طبرانی۔ عن انسؓ)

یا اللہ! ہمارا کوئی گناہ نہ چھوڑ جسے تو بخش نہ دے، اور نہ کوئی تشویش جسے تو دُور نہ کردے، اور نہ کوئی قرضہ ایسا جسے تو ادا نہ کردے، اور نہ کوئی حاجت دُنیا اور آخرت کی حاجتوں میں سے ایسی جسے تو پوری نہ کردے، اے سب سے بڑھ کر رحم کرنے والے!

اَللّٰھُمَّ اَعِنَّا عَلٰی ذِكْرِكَ وَشُكْرِكَ وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ ۞ (ابوداؤد۔ عن معاذؓ، مستدرک عن ابی ہریرۃؓ)

یا اللہ! ہماری امداد کر اپنے ذکر اور اپنے شکر اور اپنے حسنِ عبادت کے باب میں۔

اَللّٰھُمَّ قَنِّعْنِیْ بِمَا رَزَقْتَنِیْ وَبَارِكْ لِیْ فِیْهِ وَاخْلُفْ عَلٰی كُلِّ غَآئِبَةٍ لِّیْ بِخَیْرٍ ۞ (مستدرک۔ عن ابنِ عباسؓ)

یا اللہ! مجھے قناعت دے اس میں جو تو نے مجھے نصیب کیا ہے، اور اس میں میرے لئے برکت دے، اور ہر اُس چیز میں جو میری نظر سے غائب ہے، میرا نگراں رہ خیریت کے ساتھ۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْأَلُكَ عِيْشَةً نَّقِيَّةً وَّمِيْتَةً سَوِيَّةً وَّمَرَدًّا غَيْرَ مُخْزِيٍّ وَّلَا فَاضِحٍ ۝ مستدرک۔ عن ابن عمرؓ

یا اللہ! میں تجھ سے مانگتا ہوں زندگی پاکیزہ، اور موت ڈھنگ کی، اور ایسی مراجعت جس میں میرے لئے رُسوائی اور فضیحت نہ ہو۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ ضَعِيْفٌ فَقَوِّ فِيْ رِضَاكَ ضُعْفِيْ وَخُذْ اِلَى الْخَيْرِ بِنَاصِيَتِيْ وَاجْعَلِ الْاِسْلَامَ مُنْتَهٰى رِضَائِيْ وَاِنِّيْ ذَلِيْلٌ فَاَعِزَّنِيْ وَاِنِّيْ فَقِيْرٌ فَارْزُقْنِيْ ۝ (مستدرک۔ عن بریدۃ الاسلمیؓ)

یا اللہ! میں کمزور ہوں، پس اپنی مرضیات میں میرا ضعف اپنی قوت سے بدل دے، اور کشاں کشاں مجھے خیر کی طرف لے جا، اور اسلام کو میری پسند کا منتہا بنا دے، میں ذلیل ہوں سو مجھے عزت دے، اور میں محتاج ہوں سو مجھے رزق دے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْأَلُكَ خَيْرَ الْمَسْأَلَةِ وَخَيْرَ الدُّعَاءِ وَخَيْرَ النَّجَاحِ وَخَيْرَ الْعَمَلِ وَخَيْرَ الثَّوَابِ وَخَيْرَ الْحَيٰوةِ وَخَيْرَ الْمَمَاتِ وَثَبِّتْنِيْ وَثَقِّلْ مَوَازِيْنِيْ وَحَقِّقْ اِيْمَانِيْ وَارْفَعْ دَرَجَتِيْ وَتَقَبَّلْ صَلَاتِيْ وَاَسْأَلُكَ الدَّرَجَاتِ الْعُلٰى مِنَ الْجَنَّةِ اٰمِيْنَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْأَلُكَ فَوَاتِحَ الْخَيْرِ

وَخَوَاتِمَهٗ وَجَوَامِعَهٗ وَاَوَّلَهٗ وَاٰخِرَهٗ وَظَاهِرَهٗ وَبَاطِنَهٗ

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْأَلُكَ خَيْرَ مَآ اٰتِيْ وَخَيْرَ مَآ اَفْعَلُ وَخَيْرَ مَآ اَعْمَلُ

وَخَيْرَ مَا بَطَنَ وَخَيْرَ مَا ظَهَرَ ۞ (مستدرک۔ عن ام سلمہؓ)

یا اللہ! میں تجھ سے ہی مانگتا ہوں بہترین سوال، اور بہترین دُعا، اور بہترین کامیابی، اور بہترین عمل، اور بہترین اجر، اور بہترین زندگی، اور بہترین موت، مجھے ثابت قدم رکھ، اور میری نیکیوں کا پلہ بھاری کردے، اور میرے ایمان کو محقق کردے، اور میرا درجہ بلند کردے، اور میری نماز کو قبول کر، میں مانگتا ہوں تجھ سے جنت کے بلند درجے، آمین۔

یا اللہ! میں تجھ سے مانگتا ہوں خیر کی ابتدائیں بھی اور انتہائیں بھی، اور خیر کی جامع چیزیں اور خیر کا اوّل بھی اور خیر کا آخر بھی، اور خیر کا ظاہر بھی اور خیر کا باطن بھی، یا اللہ! میں تجھ سے خیر مانگتا ہوں اپنے ہر اس کام میں جسے اعضاء سے کروں یا دِل سے کروں، اور اس کی بھی خیر جو پوشیدہ ہے، اور اُس کی بھی خیر جو علانیہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ اَوْسَعَ رِزْقِكَ عَلَيَّ عِنْدَ كِبَرِ سِنِّيْ

وَانْقِطَاعِ عُمُرِيْ ۞ (مستدرک۔ عن عائشہؓ)

یا اللہ! میرا رزق خوب فراخ کردینا میرے بڑھاپے میں اور میری عمر کے ختم ہونے کے وقت،

وَاجْعَلْ خَيْرَ عُمُرِيْٓ اٰخِرَهٗ وَخَيْرَ عَمَلِيْ خَوَاتِيْمَهٗ وَخَيْرَ

اَيَّامِيْ يَوْمَ اَلْقَاكَ فِيْهِ يَا وَلِيَّ الْاِسْلَامِ وَاَهْلِهٖ ثَبِّتْنِيْ بِهٖ

حَتّٰى اَلْقَاكَ اَسْأَلُكَ غِنَايَ وَغِنَا مَوْلَايَ ۞ (طبرانی۔ عن انسؓ۔ کنز العمال)

اور میری عمر کا بہترین حصہ اس کا آخری حصہ کرنا، اور میرا بہترین عمل میرا آخر ترین عمل کرنا،

اور میرا بہترین دن وہ کرنا جس میں تجھ سے ملوں، اے اسلام اور اہلِ اسلام کے مددگار! مجھے ثابت قدم رکھ اسلام پر، یہاں تک کہ میں تجھ سے مل جاؤں، میں تجھ سے طلب کرتا ہوں اپنی اور اپنے متعلقین کی سیر چشمی۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ سُوْٓءِ الْعُمُرِ وَفِتْنَةِ الصَّدْرِ وَاَعُوْذُ بِعِزَّتِكَ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ اَنْ تُضِلَّنِيْ وَمِنْ جُهْدِ الْبَلَآءِ وَدَرْكِ الشَّقَآءِ وَسُوْٓءِ الْقَضَآءِ وَشَمَاتَةِ الْاَعْدَآءِ وَمِنْ شَرِّ مَا عَمِلْتُ وَمِنْ شَرِّ مَا لَمْ اَعْمَلْ وَمِنْ شَرِّ مَا عَلِمْتُ وَمِنْ شَرِّ مَا لَمْ اَعْلَمْ وَمِنْ زَوَالِ نِعْمَتِكَ وَ تَحَوُّلِ عَافِيَتِكَ وَفُجَآءَةِ نِقْمَتِكَ وَجَمِيْعِ سَخَطِكَ وَ مِنْ شَرِّ سَمْعِيْ وَمِنْ شَرِّ بَصَرِيْ وَمِنْ شَرِّ لِسَانِيْ وَمِنْ شَرِّ قَلْبِيْ وَمِنْ شَرِّ مَنِيِّيْ وَمِنَ الْفَاقَةِ وَمِنْ اَنْ اَظْلِمَ اَوْ اُظْلَمَ وَمِنَ الْهَدَمِ وَمِنَ التَّرَدِّيْ وَمِنَ الْغَرَقِ وَالْحَرَقِ وَاَنْ يَّتَخَبَّطَنِيَ الشَّيْطٰنُ عِنْدَ الْمَوْتِ وَمِنْ اَنْ اَمُوْتَ فِيْ سَبِيْلِكَ مُدْبِرًا وَّاَنْ اَمُوْتَ لَدِيْغًا ؏

(نسائی، کتاب الاستعاذہ، بخاری کتاب الدعوات والاذکار مسلم مستدرک، کنز العمال، جمع الفوائد)

یا اللہ! میں تیری پناہ چاہتا ہوں بُری عمر سے، اور دِل کے فتنہ سے، اور تیری پناہ مانگتا ہوں

بواسطہ تیری عزّت کے کہ کوئی معبود نہیں بجز تیرے، اس سے کہ تو مجھے گمراہ کردے، اور بلا کی سختیوں سے، اور بدقسمتی کے حصول سے، اور بُری تقدیر سے، اور دُشمنوں کے طعنہ سے، اور اس کام کی بُرائی سے جو میں نے کیا، اور اس کام کی بُرائی سے جسے میں نے نہیں کیا، اور اس چیز کی بُرائی سے جو مجھے معلوم ہے، اور اُس چیز کی بُرائی سے جو مجھے معلوم نہیں، اور تیری نعمت کے جاتے رہنے سے، اور تیرے امن کے پلٹ جانے سے، اور تیرے عذاب کے ناگہاں آجانے سے، اور تیری ناخوشی سے، اور اپنی شنوائی کی خرابی سے، اور اپنی بینائی کی خرابی سے، اور اپنی زبان کی خرابی سے، اور اپنے دِل کی خرابی سے، اور اپنی منی کی خرابی سے، اور فاقہ سے، اور اس سے کہ میں کسی پر زیادتی کروں یا کوئی مجھ پر زیادتی کرے، اور کسی چیز کے میرے اُوپر گر جانے سے، اور میرے کسی چیز پر گر پڑنے سے، اور ڈُوب جانے سے، اور جل جانے سے، اور اس سے کہ شیطان مجھے موت کے وقت گڑبڑ میں ڈال دے، اور اس سے کہ میں جہاد سے بھاگتا ہوا مروں، اور اس سے کہ میں جانور کے ڈسنے سے مروں۔

اَلْمَنْزِلُ الثَّالِثُ يَوْمَ الْاِثْنَيْنِ
تیسری منزل بروز پیر

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِىْ صَبُوْرًا وَّاجْعَلْنِىْ شَكُوْرًا وَّاجْعَلْنِىْ فِىْ عَيْنِىْ صَغِيْرًا وَّفِىْ اَعْيُنِ النَّاسِ كَبِيْرًا ۞ (کنز العمال۔ عن بریدہؓ)

یا اللہ! مجھے بڑا صبر والا بنادے، اور مجھے بڑا شکر والا بنادے، اور مجھے میری نظر میں چھوٹا بنادے، اور دُوسروں کی نظر میں بڑا بنادے۔

اَللّٰهُمَّ ضَعْ فِىْ اَرْضِنَا بَرَكَتَهَا وَزِيْنَتَهَا وَسَكَنَهَا وَلَا تَحْرِمْنِىْ بَرَكَةَ مَا اَعْطَيْتَنِىْ وَلَا تَفْتِنِّىْ فِيْمَا اَحْرَمْتَنِىْ ۞ (کنز العمال۔ عن عمرۃؓ)

یا اللہ! ہمارے ملک میں برکت اور شادابی اور امن رکھ دے، اور جو کچھ تو نے مجھے دیا ہے اس کی برکت سے مجھے محروم نہ رکھ، اور جس چیز سے تو نے مجھے محروم رکھا ہے، اس کے باب میں مجھے فتنہ میں نہ ڈال۔

اَللّٰهُمَّ اَحْسَنْتَ خَلْقِىْ فَاَحْسِنْ خُلُقِىْ وَاَذْهِبْ غَيْظَ قَلْبِىْ وَاَجِرْنِىْ مِنْ مُّضِلَّاتِ الْفِتَنِ مَا اَحْيَيْتَنَا ۞ (طبرانی عن عائشہؓ، مسند احمد۔ عن ام سلمہؓ)

یا اللہ! تو نے میری صورت اچھی بنائی تو میری سیرت بھی اچھی کردے، اور میرے دِل کی کھولن دُور کردے، اور گمراہ کرنے والے فتنوں سے مجھے بچائے رکھ جب تک تو ہمیں زندہ رکھے۔

اَللّٰھُمَّ لَقِّنِّیْ حُجَّۃَ الْاِیْمَانِ عِنْدَ الْمَمَاتِ (مسلم، ابوداؤد، ترمذی عن ابن مسعودؓ)

یا اللہ! مجھے موت کے وقت حجتِ ایمان تلقین کردے۔

رَبِّ اَسْأَلُکَ خَیْرَ مَا فِیْ ھٰذَا الْیَوْمِ وَخَیْرَ مَا بَعْدَہٗ ۞

اے میرے پروردگار! میں تجھ سے اس چیز کی بھلائی مانگتا ہوں جو آج کے دن میں ہو، اور اس چیز کی بھی بھلائی جو اس کے بعد ہو۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُکَ خَیْرَ ھٰذَا الْیَوْمِ وَفَتْحَہٗ وَنَصْرَہٗ وَنُوْرَہٗ وَبَرَکَتَہٗ وَھُدَاہُ ۞ (ابوداؤد، عن ابی مالکؓ)

یا اللہ! میں تجھ سے بھلائی مانگتا ہوں آج کے دن کی اور اس کی فتح اور اُس کی ظفر اور اُس کا نور اور اس کی برکت اور اس کی ہدایت۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُکَ الْعَفْوَ وَالْعَافِیَۃَ فِیْ دِیْنِیْ وَدُنْیَایَ وَاَھْلِیْ وَمَالِیْ اَللّٰھُمَّ اسْتُرْ عَوْرَتِیْ وَاٰمِنْ رَوْعَتِیْ اَللّٰھُمَّ احْفَظْنِیْ مِنْ بَیْنِ یَدَیَّ وَمِنْ خَلْفِیْ وَعَنْ یَّمِیْنِیْ وَعَنْ شِمَالِیْ وَمِنْ فَوْقِیْ وَاَعُوْذُ بِعَظَمَتِکَ اَنْ اُغْتَالَ مِنْ تَحْتِیْ ۞ (ابوداؤد، عن عمرؓ۔ ابن ماجہ۔ نسائی)

یا اللہ! میں تجھ سے مانگتا ہوں معافی اور امن اپنے دین میں اور اپنی دُنیا میں اور اپنے اہل و مال میں، یا اللہ! میرا عیب ڈھانپ دے، اور خوف کو امن سے بدل دے، یا اللہ! میری حفاظت کر میرے آگے سے اور پیچھے سے، اور میرے داہنے سے اور میرے بائیں سے، اور میرے اُوپر سے، اور میں تیری عظمت کے واسطہ سے پناہ چاہتا ہوں اس سے کہ ناگہاں اپنے نیچے سے پکڑلیا جاؤں۔

يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ اَصْلِحْ لِيْ شَاْنِيْ كُلَّهٗ وَلَا تَكِلْنِيْ اِلٰى نَفْسِيْ طَرْفَةَ عَيْنٍ ۞ (ترمذی عن انسؓ ۔ نسائی)

یا حی یا قیوم! میں تیری رحمت کے واسطہ سے تجھ سے فریاد کرتا ہوں کہ میرے سارے حال کو دُرست کردے، اور مجھے میرے نفس کی طرف ایک لمحہ کے لئے بھی نہ سونپ۔

اَسْاَلُكَ بِنُوْرِ وَجْهِكَ الَّذِيْ اَشْرَقَتْ لَهُ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ وَبِكُلِّ حَقٍّ هُوَ لَكَ وَبِحَقِّ السَّآئِلِيْنَ عَلَيْكَ اَنْ تُقِيْلَنِيْ وَاَنْ تُجِيْرَنِيْ مِنَ النَّارِ بِقُدْرَتِكَ ۞ (طبرانی عن ابی امامۃؓ)

تیرے اُس نورِ ذات کے واسطہ سے جس سے آسمان و زمین روشن ہیں، اور ہر اس حق کے واسطہ سے جو تیرا ہے، اور اُس حق کے واسطہ سے جو مانگنے والے کا تجھ پر ہے، میں تجھ سے یہ مانگتا ہوں کہ تو مجھ سے درگزر کرے اور یہ کہ اپنی قدرت سے مجھے دوزخ سے پناہ دے۔

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ اَوَّلَ هٰذَا النَّهَارِ صَلَاحًا وَّاَوْسَطَهٗ فَلَاحًا وَّاٰخِرَهٗ نَجَاحًا اَسْاَلُكَ خَيْرَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ يَاۤ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ۞ (ابنِ ابی شیبہ، عن عبدالرحمٰن بن اوفیٰؓ)

یا اللہ! آج کے دن کے اوّل حصہ کو میرے حق میں بہتر بنادے، درمیانی حصہ کو فلاح اور اس کے آخری حصہ کو کامیابی، میں تجھ سے دُنیا و آخرت (دونوں کی) بھلائی چاہتا ہوں، اے سب سے بڑے مہربان۔

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ ذَنْبِيْ وَاخْسِئْ شَيْطَانِيْ وَفُكَّ

رِهَانِيْ وَثَقِّلْ مِيْزَانِيْ وَاجْعَلْنِيْ فِي النَّدِيِّ الْأَعْلٰى ۞ (ابوداؤد، عن زبیر الاغازی ہمستدرک)

یا اللہ! میرے گناہ بخش دے، اور میرے شیطان کو دُور کردے، اور میرا بند کھول دے، اور میرا پلہ بھاری کردے، اور مجھے طبقۂ اعلیٰ میں (شمار) کردے۔

اَللّٰهُمَّ قِنِيْ عَذَابَكَ يَوْمَ تَبْعَثُ عِبَادَكَ ۞ (ابوداؤد عن حفصہؓ ترمذی عن انسؓ)

یا اللہ! مجھے اپنے عذاب سے بچادینا جس دن تو اپنے بندوں کو اُٹھائیو۔

اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَمَا اَظَلَّتْ وَرَبَّ الْاَرَضِيْنَ وَمَا اَقَلَّتْ وَرَبَّ الشَّيَاطِيْنِ وَمَا اَضَلَّتْ كُنْ لِّيْ جَارًا مِنْ شَرِّ خَلْقِكَ اَجْمَعِيْنَ اَنْ يَّفْرُطَ عَلَيَّ اَحَدٌ مِّنْهُمْ اَوْ اَنْ يَّطْغٰى عَزَّ جَارُكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ ۞ (الطبرانی وابن ابی شیبہ۔ عن خالد ابن ولیدؓ)

یا اللہ! پروردگار ساتوں آسمانوں کے اور ہر اس چیز کے جس پر اُن کا سایہ ہے، اور اے پروردگار زمینوں کے اور ہر اس چیز کے جسے وہ اُٹھائے ہوئے ہیں، اور اے پروردگار شیطانوں کے اور ہر اس چیز کے جس کو انہوں نے گمراہ کیا ہے، میرے نگہبان رہیو تمام مخلوق کی بُرائی سے، اس سے کہ کوئی ان میں سے مجھ پر ظلم یا تعدی کرے، محفوظ تیرا ہی پناہ دیا ہوا ہے، اور بابرکت تیرا نام ہے۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ لَا شَرِيْكَ لَكَ سُبْحَانَكَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْتَغْفِرُكَ لِذَنْبِيْ وَاَسْاَلُكَ رَحْمَتَكَ ۞ (ابوداؤد، ترمذی۔ نسائی۔ عن عائشہؓ)

کوئی معبود نہیں ہے سوا تیرے، کوئی تیرا شریک نہیں ہے، پاک ہے تو، یا اللہ! میں تجھ سے اپنے (ہر) گناہ کی معافی چاہتا ہوں اور تجھ سے طلب تیری رحمت کی کرتا ہوں۔

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ ذَنْبِيْ وَوَسِّعْ لِيْ فِيْ دَارِيْ وَبَارِكْ لِيْ فِيْ رِزْقِيْ ۞ (نسائی عن ابی موسیٰ الاشعری رضی اللہ عنہ)

یا اللہ! مجھے میرے گناہ بخش دے، اور مجھے میرے گھر میں وسعت دے، اور مجھے میرے رزق میں برکت دے۔

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ مِنَ التَّوَّابِيْنَ وَاجْعَلْنِيْ مِنَ الْمُتَطَهِّرِيْنَ ۞ (ترمذی عن عمر رضی اللہ عنہ)

یا اللہ! مجھے بہت توبہ کرنے والوں میں کردے، اور یا اللہ! مجھے بہت پاک صاف لوگوں میں کردے۔

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ وَاهْدِنِيْ وَارْزُقْنِيْ وَعَافِنِيْ وَاهْدِنِيْ لِمَا اخْتُلِفَ فِيْهِ مِنَ الْحَقِّ بِإِذْنِكَ ۞ (مسلم۔ ترمذی۔ عن عائشہ رضی اللہ عنہا)

یا اللہ! مجھے بخش دے، اور مجھے ہدایت دے، اور مجھے رزق دے، اور مجھے عافیت دے، اور جس چیز کے حق ہونے میں اختلاف ہو اس میں مجھے اپنے حکم سے راہِ صواب دکھا دے۔

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ فِيْ قَلْبِيْ نُوْرًا وَّفِيْ بَصَرِيْ نُوْرًا وَّفِيْ سَمْعِيْ نُوْرًا وَّعَنْ يَّمِيْنِيْ نُوْرًا وَّعَنْ شِمَالِيْ نُوْرًا وَّخَلْفِيْ نُوْرًا وَّمِنْ اَمَامِيْ نُوْرًا وَّاجْعَلْ لِّيْ نُوْرًا وَّفِيْ عَصَبِيْ نُوْرًا وَّفِيْ لَحْمِيْ نُوْرًا وَّفِيْ دَمِيْ نُوْرًا وَّفِيْ شَعْرِيْ نُوْرًا وَّفِيْ بَشَرِيْ نُوْرًا وَّفِيْ لِسَانِيْ نُوْرًا وَّاجْعَلْ فِيْ نَفْسِيْ نُوْرًا وَّاَعْظِمْ لِيْ نُوْرًا وَّاجْعَلْنِيْ نُوْرًا وَّاجْعَلْ مِنْ فَوْقِيْ نُوْرًا وَّمِنْ تَحْتِيْ نُوْرًا اَللّٰهُمَّ

اَعْطِنِیْ نُوْرًا ۞ (بخاری، مسلم)

یا اللہ! نور کر دے میرے دِل میں، اور نور کر دے میری بینائی میں، اور نور کر دے میری شنوائی میں، اور نور کر دے میری داہنی طرف، اور نور کر دے میرے بائیں طرف، اور نور کر دے میرے پیچھے، اور نور کر دے میرے سامنے، اور میرے لئے ایک خاص نور کر دے، اور نور کر دے میرے پٹھوں میں اور نور کر دے میرے گوشت میں، اور نور کر دے میرے خون میں، اور نور کر دے میرے بالوں میں، اور نور کر دے میری جلد میں، اور نور کر دے میری زبان میں، اور نور کر دے میری جان میں، اور مجھے نورِ عظیم دے، اور میرے اُوپر نور کر دے، اور میرے نیچے نور کر دے، یا اللہ! مجھے نور عطا کر۔

اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لَنَآ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ وَسَہِّلْ لَنَآ اَبْوَابَ رِزْقِكَ ۞ (ابنِ ماجہ، عن ابی حمیدؓ)

یا اللہ! ہم پر اپنی رحمت کے دروازے کھول دے، اور اپنے رزق کے دروازے ہمارے لئے آسان کر دے۔

اَللّٰھُمَّ اعْصِمْنِیْ مِنَ الشَّیْطَانِ ۞ (نسائی- ابنِ ماجہ)

یا اللہ مجھے شیطان سے محفوظ رکھ۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْاَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ ۞ (مسلم- ابوداؤد- عن ابی حمیدؓ)

یا اللہ! میں تجھ سے تیرے (فضل و کرم) کی طلب کرتا ہوں۔

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ خَطَایَایَ وَذُنُوْبِیْ كُلَّھَا اَللّٰھُمَّ انْعَشْنِیْ وَاَحْیِنِیْ وَارْزُقْنِیْ وَاھْدِنِیْ لِصَالِحِ الْاَعْمَالِ وَالْاَخْلَاقِ اِنَّهٗ لَا یَھْدِیْ لِصَالِحِھَا وَلَا یَصْرِفُ سَیِّئَھَآ اِلَّآ اَنْتَ ۞ (مستدرک- عن ابی ایوبؓ- الطبرانی)

یا اللہ! میری کل خطائیں اور قصور بخش دے، یا اللہ! مجھے رفعت دے، اور مجھے زندہ رکھ، اور مجھے رزق دے، اور مجھے اچھے اعمال و اخلاق کی طرف ہدایت دے، بے شک نہ خوش اعمالیوں کی طرف کوئی رہبری کرتا اور نہ بداعمالیوں سے کوئی بچاتا ہے، بجز تیرے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْاَلُكَ رِزْقًا طَيِّبًا وَّعِلْمًا نَّافِعًا وَّ عَمَلًا مُّتَقَبَّلًا ۞ (الطبرانی - عن ام سلمۃؓ)

یا اللہ! میں تجھ سے رزقِ پاکیزہ طلب کرتا ہوں، اور علمِ کارآمد، اور عملِ مقبول۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ عَبْدُكَ وَابْنُ عَبْدِكَ وَابْنُ اَمَتِكَ نَاصِيَتِیْ بِيَدِكَ مَاضٍ فِیَّ حُكْمُكَ عَدْلٌ فِیَّ قَضَآؤُكَ اَسْاَلُكَ بِكُلِّ اسْمٍ هُوَ لَكَ سَمَّيْتَ بِهٖ نَفْسَكَ اَوْ اَنْزَلْتَهٗ فِیْ كِتَابِكَ اَوْ عَلَّمْتَهٗٓ اَحَدًا مِّنْ خَلْقِكَ اَوِ اسْتَاْثَرْتَ بِهٖ فِیْ عِلْمِ الْغَيْبِ عِنْدَكَ اَنْ تَجْعَلَ الْقُرْاٰنَ الْعَظِيْمَ رَبِيْعَ قَلْبِیْ وَنُوْرَ بَصَرِیْ وَجِلَآءَ حُزْنِیْ وَذَهَابَ هَمِّیْ ۞ (الطبرانی عن ابن مسعودؓ، مستدرک)

یا اللہ! میں بندہ ہوں تیرا، اور بیٹا ہوں تیرے بندہ کا، اور بیٹا ہوں تیری بندی کا، ہمہ تن تیرے قبضہ میں ہوں، نافذ ہے میرے بارہ میں تیرا حکم، عین عدل ہے میرے باب میں تیرا فیصلہ، میں تجھ سے ہر اسم کے واسطے سے جس سے تو نے اپنی ذات کو موصوف کیا ہے یا اس کو اپنی کتاب میں اُتارا ہے یا اُسے اپنی مخلوق میں سے کسی کو بتایا ہے یا اپنے پاس اُسے غیب ہی میں رہنے دیا ہے، درخواست کرتا ہوں کہ قرآنِ عظیم کو میرے دِل کی بہار بنادے، اور میری آنکھ کا نور اور میرے غم کی کشائش، اور میری تشویش کا دفعیہ۔

اَللّٰهُمَّ اِلٰهَ جِبْرَئِيْلَ وَمِيْكَائِيْلَ وَاِسْرَافِيْلَ وَاِلٰهَ اِبْرَاهِيْمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ عَافِنِيْ وَلَا تُسَلِّطَنَّ اَحَدًا مِّنْ خَلْقِكَ عَلَيَّ بِشَيْءٍ لَّا طَاقَةَ لِيْ بِهٖ ۞ (ابن ابی شیبہ)

یا اللہ! جبرائیل کے اور میکائیل کے اور اسرافیل کے معبود! ابراہیم کے اور اسماعیل کے اور اسحاق کے معبود! مجھے عافیت دے، اور میرے اُوپر اپنی مخلوق میں سے کسی کو ایسی چیز کے ساتھ مسلط نہ کردے جس کی برداشت مجھ میں نہ ہو۔

اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ ۞ (ترمذی۔عن علیؓ)

یا اللہ! مجھے اپنا حلال رزق دے کر حرام روزی سے بچالے، اور اپنے فضل وکرم سے مجھے اپنے ماسوا سے بے نیاز کردے۔

اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ تَسْمَعُ كَلَامِيْ وَتَرٰى مَكَانِيْ وَتَعْلَمُ سِرِّيْ وَعَلَانِيَتِيْ لَا يَخْفٰى عَلَيْكَ شَيْءٌ مِّنْ اَمْرِيْ وَاَنَا الْبَآئِسُ الْفَقِيْرُ الْمُسْتَغِيْثُ الْمُسْتَجِيْرُ الْوَجِلُ الْمُشْفِقُ الْمُقِرُّ الْمُعْتَرِفُ بِذَنْبِيْ اَسْأَلُكَ مَسْأَلَةَ الْمِسْكِيْنِ وَاَبْتَهِلُ اِلَيْكَ ابْتِهَالَ الْمُذْنِبِ الذَّلِيْلِ وَاَدْعُوْكَ دُعَآءَ الْخَآئِفِ الضَّرِيْرِ وَدُعَآءَ مَنْ خَضَعَتْ لَكَ رَقَبَتُهٗ وَفَاضَتْ لَكَ

عَبْرَتُهٗ وَذَلَّ لَكَ جِسْمُهٗ وَرَغِمَ لَكَ اَنْفُهٗ، اَللّٰهُمَّ لَا تَجْعَلْنِي بِدُعَائِكَ شَقِيًّا وَّكُنْ بِي رَءُوْفًا رَّحِيْمًا يَا خَيْرَ الْمَسْئُوْلِيْنَ وَيَا خَيْرَ الْمُعْطِيْنَ اَللّٰهُمَّ اِلَيْكَ اَشْكُوْ ضُعْفَ قُوَّتِي وَقِلَّةَ حِيْلَتِي وَهَوَانِي عَلَى النَّاسِ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ اِلٰى مَنْ تَكِلُنِي اِلٰى عَدُوٍّ يَّتَجَهَّمُنِي اَمْ اِلٰى قَرِيْبٍ مَّلَّكْتَهٗ اَمْرِي اِنْ لَّمْ تَكُنْ سَاخِطًا عَلَيَّ فَلَآ اُبَالِي غَيْرَ اَنَّ عَافِيَتَكَ اَوْسَعُ لِي ۞ (کنز العمال۔ عن ابی عباس رضی اللہ عنہ وعبداللہ ابن جعفر رضی اللہ عنہ)

یا اللہ! تو میری بات کو سنتا ہے، اور میری جگہ کو دیکھتا ہے، اور میرے پوشیدہ اور ظاہر کو جانتا ہے، تجھ سے میری کوئی بات چھپی نہیں رہ سکتی، میں مصیبت زدہ ہوں، محتاج ہوں، فریادی ہوں، پناہ جو ہوں، ترساں ہوں، ہراساں ہوں، اپنے گناہوں کا اقرار کرنے والا ہوں، اعتراف کرنے والا ہوں، تیرے آگے سوال کرتا ہوں جیسے بے کس سوال کرتے ہیں، تیرے آگے گڑگڑاتا ہوں جیسے گنہگار ذلیل وخوار گڑگڑاتا ہے، اور تجھ سے طلب کرتا ہوں جیسے خوف زدہ آفت رسیدہ طلب کرتا ہے، اور جیسے وہ طلب کرتا ہے جس کی گردن تیرے سامنے جھکی ہوئی ہو، اور اس کے آنسو بہہ رہے ہوں، اور تن بدن سے وہ تیرے آگے فروتنی کئے ہوئے ہو، اور اپنی ناک تیرے سامنے رگڑ رہا ہو، یا اللہ! تو مجھے اپنے سے دُعا مانگنے میں ناکام نہ رکھ، اور میرے حق میں بڑا مہربان نہایت رحیم ہوجا! اے سب مانگے جانے والوں سے بہتر! اے سب دینے والوں سے بہتر! یا اللہ! میں تجھی سے شکوہ کرتا ہوں اپنے ضعفِ قوّت کا، اور اپنی کم سامانی کا، اور لوگوں کی نظر میں اپنی کم وقعتی کا، اے سب سے بڑھ کر رحم کرنے والے! تو مجھے کس کے سپرد کرتا ہے؟ آیا کسی دُشمن کے جو مجھے دبائے؟ یا کسی دوست کے قبضہ میں میرے سب کام دے رہا ہے؟ تو

اگر مجھ سے ناخوش نہ ہوتو مجھے ان (میں سے کسی چیز) کی پروانہیں ہے، پھر بھی تیرا دیا ہوا امن ہی میرے لئے زیادہ گنجائش رکھتا ہے۔

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْأَلُكَ قُلُوْبًا اَوَّاهَةً مُّخْبِتَةً مُّنِيْبَةً فِيْ سَبِيْلِكَ ۞ (کنز العمال عن ابن مسعودؓ)

یا اللہ! ہم تجھ سے ایسے دِل مانگتے ہیں جو بہت تاثر قبول کرنے والے ہوں، بہت عاجزی کرنے والے ہوں، بہت رُجوع کرنے والے ہوں تیری راہ میں۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْأَلُكَ اِيْمَانًا يُّبَاشِرُ قَلْبِيْ وَيَقِيْنًا صَادِقًا حَتّٰى اَعْلَمَ اَنَّهٗ لَا يُصِيْبُنِيْ اِلَّا مَا كَتَبْتَ لِيْ وَرِضًى مِّنَ الْمَعِيْشَةِ بِمَا قَسَمْتَ لِيْ ۞ (کنز العمال۔عن ابن عمرؓ)

یا اللہ! میں تجھ سے وہ ایمان مانگتا ہوں جو میرے دِل میں پیوست ہو جائے، اور وہ پختہ یقین جس سے میں سمجھ لوں کہ مجھ تک کوئی چیز نہیں پہنچ سکتی، مگر وہی جو تو میرے لئے لکھ چکا ہے، اور اس چیز پر رضامندی جو تو نے معاش میں سے میرے حصہ میں کر دی ہے۔

اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ كَالَّذِيْ تَقُوْلُ وَخَيْرًا مِّمَّا نَقُوْلُ ۞ (کتاب الاذکار للنووی عن علیؓ)

یا اللہ! تیرے واسطے کل تعریف ہے، جیسی کہ تو فرماتا ہے، اور اس سے بڑھ کر جو ہم کہتے ہیں۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ مُّنْكَرَاتِ الْاَخْلَاقِ وَالْاَعْمَالِ وَالْاَهْوَاۗءِ وَالْاَدْوَاۗءِ نَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا اسْتَعَاذَ مِنْهُ نَبِيُّكَ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمِنْ جَارِ السُّوْۗءِ فِيْ دَارِ الْمُقَامَةِ فَاِنَّ جَارَ الْبَادِيَةِ يَتَحَوَّلُ وَغَلَبَةِ الْعَدُوِّ وَ

شَمَاتَةِ الْاَعْدَآءِ وَمِنَ الْجُوْعِ فَاِنَّهٗ بِئْسَ الضَّجِیْعُ وَمِنَ الْخِیَانَةِ فَبِئْسَتِ الْبِطَانَةُ وَاَنْ نَّرْجِعَ عَلٰۤی اَعْقَابِنَا اَوْنُفْتَنَ عَنْ دِیْنِنَا وَمِنَ الْفِتَنِ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ وَمِنْ یَّوْمِ السُّوْٓءِ وَمِنْ لَّیْلَةِ السُّوْٓءِ وَمِنْ سَاعَةِ السُّوْٓءِ وَمِنْ صَاحِبِ السُّوْٓءِ ۞ (عن ترمذی عن قطبتہ بن مالکؓ وابی امامۃؓ)

یا اللہ! میں تیری پناہ میں آتا ہوں ناپسندیدہ اخلاق اور اعمال اور نفسانی خواہشوں اور بیماریوں سے اور ہم تیری پناہ میں آتے ہیں ہر اس چیز سے جس سے تیرے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے پناہ مانگی ہے، اور مستقل قیام گاہ میں بُرے پڑوسی سے، اس لئے کہ سفر کا ساتھی تو چل ہی دیتا ہے، اور دُشمن کے غلبہ سے، اور دُشمنوں کے طعنہ سے، اور بھوک سے کہ وہ بُری ہم خواب ہے، اور خیانت سے کہ وہ بُری ہم راز ہے، اور اس سے کہ ہم پچھلے پیروں لوٹ جائیں یا فتنہ میں پڑ کر دین سے الگ ہو جائیں اور سارے فتنوں سے جو ظاہری ہوں یا باطنی، اور بُرے دن سے اور بُری رات سے اور بُری گھڑی سے اور بُرے ساتھی سے۔

اَلمَنزِلُ الرَّابِعُ يَوْمَ الثُّلَاثَاءِ
چوتھی منزل بروز منگل

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَللّٰهُمَّ لَكَ صَلٰوتِيْ وَنُسُكِيْ وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِيْ وَاِلَيْكَ مَاٰبِيْ وَلَكَ رَبِّ تُرَاثِيْ ۞ (ترمذی۔عن علیؓ)

یا اللہ! تیرے ہی لئے ہے میری نماز اور میری عبادت، اور میرا جینا اور میرا مرنا، اور تیری ہی طرف ہے میرا رُجوع، اور تیرا ہی ہے جو کچھ میں چھوڑ جاؤں گا۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْأَلُكَ مِنْ خَيْرِ مَا تَجِيْۤءُ بِهِ الرِّيَاحُ ۞ (ترمذی۔عن علیؓ)

یا اللہ! میں تجھ سے بھلائی مانگتا ہوں ان چیزوں کی جنہیں ہوائیں لاتی ہیں۔

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْٓ اُعْظِمُ شُكْرَكَ وَاُكْثِرُ ذِكْرَكَ وَاَتَّبِعُ نَصِيْحَتَكَ وَاَحْفَظُ وَصِيَّتَكَ اَللّٰهُمَّ اِنَّ قُلُوْبَنَا وَنَوَاصِيَنَا وَجَوَارِحَنَا بِيَدِكَ لَمْ تُمَلِّكْنَا مِنْهَا شَيْئًا فَاِذَا فَعَلْتَ ذٰلِكَ

بنا فَكُنْ اَنْتَ وَلِيَّنَا وَاهْدِنَا اِلٰى سَوَآءِ السَّبِيْلِ ۞ (ترمذی عن ابی ہریرۃؓ، کنزالعمال عن جابرؓ)

یا اللہ! مجھے ایسا کردے کہ تیرا بڑا شکر کروں، اور تیرا ذکر بہت کرتا رہوں، اور تیری نصیحتوں کو مانتا رہوں، اور تیری ہدایتوں کو یاد رکھوں۔ یا اللہ! ہمارے دِل اور ہم خود سرتاپا اور ہمارے اعضاء تیرے ہی قبضہ میں ہیں، تو نے ہمیں اُن میں سے کسی چیز پر بھی اختیارِ (کامل) نہیں دیا ہے، پس جب تو نے ہمارے ساتھ یہ کیا ہے تو تو ہی ہمارا مددگار رہیو، اور ہمیں سیدھی راہ دکھائے رہیو۔

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ حُبَّكَ اَحَبَّ الْاَشْيَآءِ اِلَيَّ وَاجْعَلْ خَشْيَتَكَ اَخْوَفَ الْاَشْيَآءِ عِنْدِيْ وَاقْطَعْ عَنِّيْ حَاجَاتِ الدُّنْيَا بِالشَّوْقِ اِلٰى لِقَآئِكَ وَاِذَآ اَقْرَرْتَ اَعْيُنَ اَهْلِ الدُّنْيَا مِنْ دُنْيَاهُمْ فَاَقْرِرْ عَيْنِيْ مِنْ عِبَادَتِكَ ۞ (کنزالعمال عن ابی بن مالکؓ)

یا اللہ! اپنی محبت کو میرے لئے تمام چیزوں سے محبوب تر، اور اپنے ڈر کو میرے لئے تمام چیزوں سے خوفناک تر بنادے، اور مجھے اپنی ملاقات کا شوق دے کر دُنیا کی حاجتیں مجھ سے قطع کردے، اور جہاں تو نے دُنیا والوں کی آنکھیں ان کی دُنیا سے ٹھنڈی کر رکھی ہیں، میری آنکھ اپنی عبادت سے ٹھنڈی رکھ۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْأَلُكَ الصِّحَّةَ وَالْعِفَّةَ وَالْاَمَانَةَ وَحُسْنَ الْخُلُقِ وَالرِّضَا بِالْقَدَرِ ۞ (کنزالعمال۔عن ابن عمرؓ)

یا اللہ! میں تجھ سے درخواست کرتا ہوں تندرستی کی، اور پاکبازی کی، اور امانت کی، اور حسنِ خلق کی، اور تقدیر پر راضی رہنے کی۔

اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ شُكْرًا وَّلَكَ الْمَنُّ فَضْلًا اَللّٰهُمَّ اِنِّيْۤ اَسْأَلُكَ التَّوْفِيْقَ لِمَحَابِّكَ مِنَ الْاَعْمَالِ وَصِدْقَ التَّوَكُّلِ عَلَيْكَ وَحُسْنَ الظَّنِّ بِكَ ۞ (کنز العمال۔عن کعب بن عجرةؓ و ابی ہریرہؓ)

یا اللہ! تیرے ہی لئے ہر تعریف ہے شکر کے ساتھ، اور تیرا ہی حصہ ہے فضل و کرم کے ساتھ ہر طرح احسان کرنا، یا اللہ! میں تجھ سے توفیق طلب کرتا ہوں اعمال کی جو تجھے پسند ہوں، اور تجھ پر سچے توکل کی اور تیرے ساتھ نیک گمان رکھنے کی۔

اَللّٰهُمَّ افْتَحْ مَسَامِعَ قَلْبِيْ لِذِكْرِكَ وَارْزُقْنِيْ طَاعَتَكَ وَطَاعَةَ رَسُوْلِكَ وَعَمَلًا بِكِتَابِكَ ۞ (کنز العمال۔عن علیؓ)

یا اللہ! میرے دِل کے کان اپنے ذکر کے لئے کھول دے اور مجھے نصیب کر فرمانبرداری اپنی، اور فرمانبرداری اپنے رسولؐ کی، اور عمل تیری کتاب پر۔

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ اَخْشَاكَ كَاَنِّيْۤ اَرَاكَ اَبَدًا حَتّٰۤى اَلْقَاكَ وَاَسْعِدْنِيْ بِتَقْوَاكَ وَلَا تُشْقِنِيْ بِمَعْصِيَتِكَ ۞ کنز العمال عن ابی ہریرہؓ

یا اللہ! مجھے ایسا کردے کہ میں تجھ سے اس طرح ڈرا کروں کہ گویا میں ہر وقت تجھے دیکھتا رہتا ہوں، یہاں تک کہ تجھ سے آملوں، اور مجھے تقویٰ سے سعادت دے، اور مجھے شقی نہ بنا اپنی معصیت سے۔

اَللّٰهُمَّ الْطُفْ بِيْ فِيْ تَيْسِيْرِ كُلِّ عَسِيْرٍ فَاِنَّ تَيْسِيْرَ كُلِّ عَسِيْرٍ عَلَيْكَ يَسِيْرٌ وَّاَسْأَلُكَ الْيُسْرَ وَالْمُعَافَاةَ فِي الدُّنْيَا

وَالْاٰخِرَةِ اَللّٰهُمَّ اعْفُ عَنِّيْ فَاِنَّكَ عَفُوٌّ كَرِيْمٌ ؁ (کنز العمال عن ابی ہریرۃ رضؓ و ابی سعید رضؓ)

یا اللہ! ہر دُشوار کو آسان کر کے مجھ پر فضل و کرم کر دے، تیرے لئے ہر دُشواری کو آسان کر دینا آسان ہی ہے، اور میں تجھ سے دُنیا و آخرت (دونوں) میں سہولت اور معافی کی درخواست کرتا ہوں، یا اللہ! مجھ سے درگزر کر، تو تو بڑا معاف کرنے والا، بڑا رحم کرنے والا ہے۔

اَللّٰهُمَّ طَهِّرْ قَلْبِيْ مِنَ النِّفَاقِ وَعَمَلِيْ مِنَ الرِّيَآءِ وَلِسَانِيْ مِنَ الْكَذِبِ وَعَيْنِيْ مِنَ الْخِيَانَةِ فَاِنَّكَ تَعْلَمُ خَآئِنَةَ الْاَعْيُنِ وَمَا تُخْفِي الصُّدُوْرُ ؁ (کنز العمال عن اُمّ سعید رضؓ)

یا اللہ! میرے دِل کو نفاق سے پاک کر دے، اور میرے عمل کو رِیا سے، اور میری زبان کو جھوٹ سے، اور میری آنکھ کو خیانت سے، تجھ پر تو روشن ہیں آنکھوں کی چوریاں بھی اور جو کچھ دِل چھپائے رکھتے ہیں وہ بھی۔

اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِيْ عَيْنَيْنِ هَطَّالَتَيْنِ تَسْقِيَانِ الْقَلْبَ بِذُرُوْفِ الدَّمْعِ مِنْ خَشْيَتِكَ قَبْلَ اَنْ تَكُوْنَ الدُّمُوْعُ دَمًا وَّ الْاَضْرَاسُ جَمْرًا ؁ (کنز العمال عن اُمّ سعید رضؓ)

یا اللہ! مجھے برسنے والی آنکھیں نصیب کر جو دِل کو تیری خشیت کی بنا پر بہتے ہوئے آنسوؤں سے سیراب کر دیں، بغیر اس کے کہ آنسو خون ہو جائیں اور کچلیاں انگارے بن جائیں۔

اَللّٰهُمَّ عَافِنِيْ فِيْ قُدْرَتِكَ وَاَدْخِلْنِيْ فِيْ رَحْمَتِكَ وَاقْضِ اَجَلِيْ فِيْ طَاعَتِكَ وَاخْتِمْ لِيْ بِخَيْرِ عَمَلِيْ وَاجْعَلْ ثَوَابَهُ الْجَنَّةَ (کنز العمال عن ابن عمر رضؓ)

یا اللہ! مجھے اپنی قدرت سے امن چین دے، اور مجھے اپنی رحمت میں داخل کرلے، اور میری عمر اپنی طاعت میں گزار دے، اور میرا خاتمہ میرے بہترین عمل پر کر، اور اس کی جزا جنت دے۔

اَللّٰهُمَّ فَارِجَ الْهَمِّ كَاشِفَ الْغَمِّ مُجِيْبَ دَعْوَةِ الْمُضْطَرِّيْنَ رَحْمٰنَ الدُّنْيَا وَرَحِيْمَهَا اَنْتَ تَرْحَمُنِيْ فَارْحَمْنِيْ بِرَحْمَةٍ تُغْنِيْنِيْ بِهَا عَنْ رَّحْمَةِ مَنْ سِوَاكَ ؁ (مستدرک عن عائشہؓ)

یا اللہ! فکر کے دُور کرنے والے، غم کے زائل کرنے والے، بے قراروں کی دُعا کے قبول کرنے والے، دُنیا کے رحمٰن و رحیم، مجھ پر تو ہی رحم کرے گا، تو میرے اُوپر ایسی رحمت کر کہ تو اس کی بنا پر مجھے اپنے سوا ہر ایک کی رحمت سے مستغنی کردے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْأَلُكَ مِنْ فُجَاءَةِ الْخَيْرِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ فُجَاءَةِ الشَّرِّ ؁ (کتاب الاذکار للنووی۔ عن انسؓ)

یا اللہ! میں تجھ سے مانگتا ہوں بھلائی غیر متوقع، اور ناگہانی بُرائی سے تیری پناہ۔

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْكَ السَّلَامُ وَاِلَيْكَ يَعُوْدُ السَّلَامُ اَسْأَلُكَ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ اَنْ تَسْتَجِيْبَ لَنَا دَعْوَتَنَا وَاَنْ تُعْطِيَنَا رَغْبَتَنَا وَاَنْ تُغْنِيَنَا عَمَّنْ اَغْنَيْتَهٗ عَنَّا مِنْ خَلْقِكَ ؁ (کتاب الاذکار للنووی عن ابی سعید الخدریؓ)

یا اللہ! تیرا ہی نام سلام ہے، اور تجھی سے سلامتی کی ابتدا ہے، اور تیری ہی طرف ہر سلامتی لوٹتی ہے۔ اے صاحبِ عزّت و جلال! میں تجھ سے یہ درخواست کرتا ہوں کہ تو ہمارے حق میں ہماری دُعا قبول کرے، اور تو ہماری خواہشیں پوری کردے، اور تو نے اپنی مخلوق میں سے جن کو ہم سے غنی کردیا ہے، اُن سے ہم کو بھی غنی کردے۔

اَللّٰهُمَّ خِرْلِیْ وَاخْتَرْلِیْ ۞ (ترمذی عن ابی بکر الصدیق رضؓ)

یا اللہ! تو ہی میرے لئے (چیزوں کو) چھانٹ لے اور پسند کر لے۔

اَللّٰهُمَّ اَرْضِنِیْ بِقَضَآئِكَ وَبَارِكْ لِیْ فِیْ مَا قُدِّرَ لِیْ حَتّٰی لَآ اُحِبَّ تَعْجِیْلَ مَآ اَخَّرْتَ وَلَا تَاْخِیْرَ مَا عَجَّلْتَ ۞ (کتاب الاذکار للنووی عن ابی سعید الخدریؓ)

یا اللہ! مجھے اپنی مشیت پر راضی رکھ، اور جو کچھ میرے لئے مقدّر کر دیا گیا ہے اس میں مجھے برکت دے تا کہ جو چیز تو نے دیر میں رکھی ہے اُس کے لئے میں جلدی نہ کروں، اور جو چیز تو نے جلد رکھی ہے، اس میں میں دیر نہ چاہوں۔

اَللّٰهُمَّ لَا عَیْشَ اِلَّا عَیْشُ الْاٰخِرَةِ ۞ (کتاب الاذکار للنووی عن ابن عمرؓ)

یا اللہ! عیش تو بس عیشِ آخرت ہی ہے اور (اس کے سوا) کوئی نہیں۔

اَللّٰهُمَّ اَحْیِنِیْ مِسْكِیْنًا وَّاَمِتْنِیْ مِسْكِیْنًا وَّاحْشُرْنِیْ فِیْ زُمْرَةِ الْمَسَاكِیْنِ ۞ (کتاب الاذکار للنووی عن ابن عمرؓ)

یا اللہ! مجھے خاکسار بنا کر زندہ رکھ، اور خاکساری ہی کی حالت میں موت لا، اور خاکساروں ہی میں مجھے اُٹھا۔

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنَ الَّذِیْنَ اِذَآ اَحْسَنُوا اسْتَبْشَرُوْا وَاِذَآ اَسَآءُوا اسْتَغْفَرُوْا ۞ (ابن ماجہ، عن عائشہؓ)

یا اللہ! مجھے ان لوگوں میں سے کر دے جو جب کوئی نیک کام کرتے ہیں تو خوش ہوتے ہیں، اور جب کوئی بُرائی کرتے ہیں تو مغفرت چاہنے لگتے ہیں۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْأَلُكَ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِكَ تَهْدِيْ بِهَا قَلْبِيْ وَتَجْمَعُ بِهَآ اَمْرِيْ وَتَلُمُّ بِهَا شَعْثِيْ وَتُصْلِحُ بِهَا دِيْنِيْ وَتَقْضِيْ بِهَا دَيْنِيْ وَتَحْفَظُ بِهَا غَآئِبِيْ وَتَرْفَعُ بِهَا شَاهِدِيْ وَتُبَيِّضُ بِهَا وَجْهِيْ وَتُزَكِّيْ بِهَا عَمَلِيْ وَتُلْهِمُنِيْ بِهَا رُشْدِيْ وَتَرُدُّ بِهَآ اُلْفَتِيْ وَتَعْصِمُنِيْ بِهَا مِنْ كُلِّ سُوْٓءٍ ۞ (کنز العمال۔ عن ابن عباسؓ)

یا اللہ! میں تجھ سے تیری خالص رحمت کی درخواست کرتا ہوں، جس سے تو میرے دِل کو ہدایت کردے، اور اس سے میرے کاموں کو جمعیت دے، اور اس سے میری ابتری کو دُرست کردے، اوراس سے میرے دین کوسنوار دے، اوراس سے میرے قرضہ کوادا کردے، اوراس سے میری نظر سے غائب چیزوں کی نگہبانی کر، اوراس سے میری پیشِ نظر چیزوں کو بلندی عطا کر، اوراس سے میرا چہرہ نورانی کردے، اوراس سے میرا عمل پاکیزہ کردے، اوراس سے رُشد میرے دِل میں ڈال دے، اوراس سے میرے حالِ مالوف کولوٹا دے، اوراس کے واسطے سے مجھے ہر بُرائی سے بچائے رکھ۔

اَللّٰهُمَّ اَعْطِنِيْٓ اِيْمَانًا لَّا يَرْتَدُّ وَيَقِيْنًا لَّيْسَ بَعْدَهٗ كُفْرٌ وَّرَحْمَةً اَنَالُ بِهَا شَرَفَ كَرَامَتِكَ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۞ (کنز العمال ابن عباسؓ)

یا اللہ! مجھے ایسا ایمان دے جو پھر نہ پھرے، اور ایسا یقین کہ اس کے بعد کفر نہ ہو، اور ایسی رحمت کہ اس کے ذریعہ سے میں دُنیا اور آخرت میں تیرے ہاں کی عزّت کا شرف پالوں۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْأَلُكَ الْفَوْزَ فِي الْقَضَآءِ وَنُزُلَ الشُّهَدَآءِ وَ

عَيْشَ السُّعَدَآءِ وَمُرَافَقَةَ الْاَنْبِيَآءِ وَالنَّصْرَ عَلَى الْاَعْدَآءِ اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَآءِ ۞ (کنز العمال عن ابن عباسؓ)

یا اللہ! میں تجھ سے طلب کرتا ہوں اُمورِ تکوینی میں کامیابی، اور شہیدوں کی سی مہمانی، اور سعیدوں کا سا عیش، اور انبیاء کی رفاقت اور دُشمنوں پر فتح، بے شک تو ہی دُعاؤں کا سننے والا ہے۔

اَللّٰهُمَّ مَا قَصُرَ عَنْهُ رَأْيِيْ وَضَعُفَ عَنْهُ عَمَلِيْ وَلَمْ تَبْلُغْهُ مُنْيَتِيْ وَمَسْأَلَتِيْ مِنْ خَيْرٍ وَّعَدْتَّهٗ اَحَدًا مِّنْ خَلْقِكَ اَوْ خَيْرٍ اَنْتَ مُعْطِيْهِ اَحَدًا مِّنْ عِبَادِكَ فَاِنِّيْ اَرْغَبُ اِلَيْكَ فِيْهِ وَاَسْأَلُكَ بِرَحْمَتِكَ رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ۞ (کنز العمال۔ عن ابن عباسؓ)

یا اللہ! جو بھلائی بھی ایسی ہو کہ اس تک پہنچنے سے میری سمجھ قاصر رہ گئی ہو، اور میرا عمل وہاں تک نہ ساتھ دے سکا ہو، اور اس تک میری آرزو اور میرے سوال کی رسائی نہ ہو، اور تو نے اُس بھلائی کا وعدہ اپنی مخلوق میں سے کسی سے بھی کیا ہو یا جو ایسی بھلائی ہو کہ تو اپنے بندوں میں سے کسی کو بھی وہ دینے والا ہو، تو میں تجھ سے اس کی خواہش، اور تجھ سے تیری رحمت کے واسطہ سے طلب کرتا ہوں، اے عالموں کے پروردگار!

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اُنْزِلُ بِكَ حَاجَتِيْ وَاِنْ قَصُرَ رَأْيِيْ وَضَعُفَ عَمَلِي افْتَقَرْتُ اِلٰى رَحْمَتِكَ فَأَسْأَلُكَ يَا قَاضِيَ الْاُمُوْرِ وَيَا شَافِيَ الصُّدُوْرِ كَمَا تُجِيْرُ بَيْنَ الْبُحُوْرِ اَنْ تُجِيْرَنِيْ

مِنْ عَذَابِ السَّعِيْرِ وَمِنْ دَعْوَةِ الثُّبُوْرِ وَمِنْ فِتْنَةِ الْقُبُوْرِ ﴿کنز العمال۔ عن ابن عباسؓ﴾

یا اللہ! میں اپنی خواہش تیرے ہی حوالہ کرتا ہوں، گو میری سمجھ کوتاہی کرے اور میرا عمل ضعیف رہے، میں محتاج ہوں تیری رحمت کا، تو اے سب کاموں کے پورا کرنے والے! اور اے دِلوں کے شفا دینے والے! میں تجھ سے درخواست کرتا ہوں کہ جس طرح تو نے سمندروں کے درمیان فاصلہ رکھا ہے، تو مجھے بھی دوزخ کے عذاب سے، اور جزع فزع سے، اور فتنۂ قبور سے (ایسے ہی) فاصلہ پر رکھیو۔

اَللّٰهُمَّ ذَا الْحَبْلِ الشَّدِيْدِ وَالْاَمْرِ الرَّشِيْدِ اَسْأَلُكَ الْاَمْنَ يَوْمَ الْوَعِيْدِ وَالْجَنَّةَ يَوْمَ الْخُلُوْدِ مَعَ الْمُقَرَّبِيْنَ الشُّهُوْدِ الرُّكَّعِ السُّجُوْدِ الْمُوْفِيْنَ بِالْعُهُوْدِ اِنَّكَ رَحِيْمٌ وَّدُوْدٌ وَّاِنَّكَ تَفْعَلُ مَا تُرِيْدُ ﴿کنز العمال عن ابنِ عباسؓ﴾

یا اللہ! مضبوط ڈور والے! اور دُرست حکم والے! میں تجھ سے حشر میں امن کی طلب کرتا ہوں، اور آخرت میں جنت کی، اُن لوگوں کے ساتھ جو مقرّب ہیں، حاضر باش ہیں، بڑے رُکوع کرنے والے ہیں، بڑے سجدہ کرنے والے ہیں، اور اپنے اقراروں کو پورا کرنے والے ہیں، بے شک تو بڑا مہربان ہے، بڑا شفیق ہے، اور تو جو چاہے کرسکتا ہے۔

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا هَادِيْنَ مُهْتَدِيْنَ غَيْرَ ضَآلِّيْنَ وَلَا مُضِلِّيْنَ سِلْمًا لِّاَوْلِيَآئِكَ وَحَرْبًا لِّاَعْدَآئِكَ نُحِبُّ بِحُبِّكَ مَنْ اَحَبَّكَ وَنُعَادِيْ بِعَدَاوَتِكَ مَنْ خَالَفَكَ مِنْ خَلْقِكَ ﴿کنز العمال عن ابن عباسؓ﴾

یا اللہ! ہمیں بنا دے راہ نما راہ یاب، نہ کہ بے راہ اور بھٹکانے والے، اور اپنے دوستوں کا دوست، اور اپنے دُشمنوں کا دُشمن، ہم تیری مخلوق میں سے اُسی کو دوست رکھیں جو تجھے دوست رکھتا ہو، اور دُشمن رکھیں اُسے جو تیرا نافرمان ہو۔

اَللّٰهُمَّ هٰذَا الدُّعَآءُ وَعَلَيْكَ الْاِجَابَةُ وَهٰذَا الْجُهْدُ وَعَلَيْكَ التُّكْلَانُ اَللّٰهُمَّ لَا تَكِلْنِيْٓ اِلٰى نَفْسِيْ طَرْفَةَ عَيْنٍ وَّلَا تَنْزِعْ مِنِّيْ صَالِحَ مَآ اَعْطَيْتَنِيْ ۞ (کنز العمال عن ابن عباسؓ و ابن عمرؓ)

یا اللہ! دُعا تو یہ ہے اور قبول کرنا تیرا کام ہے، کوشش یہ ہے اور بھروسہ تیرے ہی اُوپر ہے، یا اللہ! مجھے میرے نفس کے حوالہ ایک پلک بھر کے لئے بھی نہ کر، اور جو بھی اچھی چیزیں تو نے مجھے دی ہیں، وہ مجھ سے واپس نہ لے۔

اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ لَسْتَ بِاِلٰهٍ اِسْتَحْدَثْنَاهُ وَلَا بِرَبٍّ يَّبِيْدُ ذِكْرُهٗ ابْتَدَعْنَاهُ وَلَا عَلَيْكَ شُرَكَآءُ يَقْضُوْنَ مَعَكَ وَلَا كَانَ لَنَا قَبْلَكَ مِنْ اِلٰهٍ نَّلْجَاُ اِلَيْهِ وَنَذَرُكَ وَلَآ اَعَانَكَ عَلٰى خَلْقِنَا اَحَدٌ فَنُشْرِكُهٗ فِيْكَ تَبَارَكْتَ وَتَعَالَيْتَ فَنَسْاَلُكَ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ اغْفِرْ لِيْ ۞ (کنز العمال عن صہیبؓ)

یا اللہ! تو ایسا خدا تو نہیں ہے جسے ہم نے گھڑ لیا ہو، اور نہ ایسا پروردگار جس کا ذکر ناپائیدار ہے کہ ہم نے اُسے اختراع کر لیا ہو، اور نہ تیرے اور ساتھی ہیں جو حکم میں تیرے شریک ہیں، اور نہ تجھ سے پہلے ہی ہمارا کوئی خدا تھا، جس سے ہم پناہ حاصل کرتے رہے ہوں، اور تجھ کو چھوڑ دیتے ہوں، اور نہ کسی نے ہمارے پیدا کرنے میں تیری مدد کی ہے کہ ہم اُس کو تیرے ساتھ

شریک سمجھیں، تو بابرکت ہے، اور تو برتر ہے، پس ہم تجھ سے اے وہ کہ سوا تیرے کوئی معبود نہیں، درخواست کرتے ہیں کہ تو مجھے بخش دے۔

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ خَلَقْتَ نَفْسِيْ وَاَنْتَ تَوَفّٰهَا لَكَ مَمَاتُهَا وَ مَحْيَاهَا اِنْ اَحْيَيْتَهَا فَاحْفَظْهَا بِمَا تَحْفَظُ بِهٖ عِبَادَكَ الصّٰلِحِيْنَ وَاِنْ اَمَتَّهَا فَاغْفِرْ لَهَا وَارْحَمْهَا ؅

یا اللہ! تو ہی نے میری جان کو پیدا کیا ہے، اور تو ہی اسے موت دے گا، تیرے ہی ہاتھ میں اس کا مرنا اور اس کا جینا ہے، تو اگر اسے زندہ رکھتا ہے تو اُس کی ایسی حفاظت کر جیسی کہ تو اپنے نیک بندوں کی حفاظت کرتا ہے، اور اگر تو اسے موت دیتا ہے، تو تو اسے بخش دینا اور اس پر رحم کرنا۔

اَللّٰهُمَّ اَغْنِنِيْ بِالْعِلْمِ وَزَيِّنِّيْ بِالْحِلْمِ وَاَكْرِمْنِيْ بِالتَّقْوٰى وَجَمِّلْنِيْ بِالْعَافِيَةِ ؅ (کنز العمال۔عن ابن عمرؓ)

یا اللہ! مجھے مدد دے علم دے کر، اور مجھے آراستہ کر وقار دے کر، اور مجھے بزرگی دے تقویٰ دے کر، اور مجھے جمال دے امن چین دے کر۔

اَللّٰهُمَّ لَا يُدْرِكْنِيْ زَمَانٌ وَّلَا يُدْرِكُوْا زَمَانًا لَّا يُتَّبَعُ فِيْهِ الْعَلِيْمُ وَلَا يُسْتَحْيٰى فِيْهِ مِنَ الْحَلِيْمِ قُلُوْبُهُمْ قُلُوْبُ الْاَعَاجِمِ وَاَلْسِنَتُهُمْ اَلْسِنَةُ الْعَرَبِ ؅ (کنز العمال۔عن ابی ہریرۃؓ)

یا اللہ! مجھے وہ زمانہ نہ پائے، اور نہ یہ لوگ اس زمانہ کو پائیں جس میں نہ صاحبِ علم کی پیروی کی جائے، اور نہ صاحبِ حلم کا لحاظ کیا جائے، اور اُن کے دِل عجمیوں کے سے ہو جائیں، اور ان کی زبانیں اہلِ عرب کی سی رہ جائیں۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَتَّخِذُ عِنْدَكَ عَهْدًا لَّنْ تُخْلِفَنِيْهِ فَاِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ فَاَيُّمَا مُؤْمِنٍ اٰذَيْتُهٗ اَوْ شَتَمْتُهٗ اَوْ جَلَدْتُّهٗ اَوْ لَعَنْتُهٗ فَاجْعَلْهَا لَهٗ صَلٰوةً وَّزَكٰوةً وَّقُرْبَةً تُقَرِّبُهٗ بِهَا اِلَيْكَ ؕ (الحزب الاعظم للقاری)

یا اللہ! میں تجھ سے وعدہ لیتا ہوں جسے تو ہرگز نہ توڑیو، کہ میں بھی آخر بشر ہی ہوں، سو جس کسی مسلمان کو میں تکلیف دوں، یا اسے بُرا بھلا کہوں یا اُسے ماروں پیٹوں، یا اُسے بددُعا دُوں، تو اس (سب) کو تو اس کے حق میں رحمت اور پاکیزگی اور قربت کا ذریعہ بنادیجیو، جس سے تو اُس کو مقرّب بنالے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْبَرَصِ وَمِنَ الشِّقَاقِ وَالنِّفَاقِ وَسُوْٓءِ الْاَخْلَاقِ وَمِنْ شَرِّ مَا تَعْلَمُ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ حَالِ اَهْلِ النَّارِ وَمِنَ النَّارِ وَمَا قَرَّبَ اِلَيْهَا مِنْ قَوْلٍ اَوْ عَمَلٍ وَّمِنْ شَرِّ مَآ اَنْتَ اٰخِذٌۢ بِنَاصِيَتِهٖ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا فِیْ هٰذَا الْيَوْمِ وَشَرِّ مَا بَعْدَهٗ وَمِنْ شَرِّ نَفْسِیْ وَشَرِّ الشَّيْطَانِ وَ شِرْكِهٖ وَاَنْ نَّقْتَرِفَ عَلٰٓى اَنْفُسِنَا سُوْٓءًا اَوْ نَجُرَّهٗٓ اِلٰى مُسْلِمٍ اَوْ اَكْتَسِبَ خَطِيْٓئَةً اَوْ ذَنْبًا لَّا تَغْفِرُهٗ وَمِنْ ضِيْقِ الْمَقَامِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ؕ (نسائی، ابوداؤد و مستدرک و کنز العمال وغیرہ)

یا اللہ! میں تیری پناہ میں آتا ہوں، برص سے اور ضد اضدی سے، اور نفاق سے، اور بُرے اخلاق سے، اور ہر اس چیز کی بُرائی سے جو تیرے علم میں ہے، میں اللہ کی پناہ میں آتا ہوں اہلِ دوزخ کے حال سے اور (خود) دوزخ سے، اور ہر اُس چیز سے خواہ وہ قول ہو یا عمل جو اُس سے قریب کرے، اور ہر اس چیز کی بُرائی سے جو تیرے قبضہ میں ہے، اور تیری پناہ میں آتا ہوں ہر اس بُرائی سے جو آج کے دن میں ہے، اور ہر اُس بُرائی سے جو اُس کے بعد ہے، اور اپنے نفس کی بُرائی سے، اور شیطان کی بُرائی سے، اور شیطان کے شرک سے، اور اس سے کہ ہم کسی شر کو اپنے اُوپر لگائیں یا اسے کسی مسلمان تک پہنچائیں یا میں کوئی ایسی خطا یا گناہ کروں جسے تو نہ بخشے، اور قیامت کے دن تنگی سے۔

اَلْمَنْزِلُ الْخَامِسُ یَوْمُ الْاَرْبِعَاءِ

پانچویں منزل بروز بدھ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰهُمَّ حَصِّنْ فَرْجِيْ وَيَسِّرْ لِيْ اَمْرِيْ ۞ (الحزب الاعظم للقاری)

یا اللہ! میری شرمگاہ کو محفوظ کردے، اور مجھ پر میرے کام آسان کردے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْأَلُكَ تَمَامَ الْوُضُوْءِ وَتَمَامَ الصَّلٰوةِ وَ تَمَامَ رِضْوَانِكَ وَتَمَامَ مَغْفِرَتِكَ ۞ (الحزب الاعظم للقاری)

یا اللہ! میں تجھ سے مانگتا ہوں وضو کا کمال، اور نماز کا کمال، اور تیری خوشنودی کا کمال، اور تیری مغفرت کا کمال۔

اَللّٰهُمَّ اَعْطِنِيْ كِتَابِيْ بِيَمِيْنِيْ ۞ (کتاب الاذکار للنووی ؒ)

یا اللہ! میرا نامۂ اعمال میرے داہنے ہاتھ میں دیجیو۔

اَللّٰهُمَّ غَشِّنِيْ بِرَحْمَتِكَ وَجَنِّبْنِيْ عَذَابَكَ ۞ (الحزب الاعظم للقاری)

یا اللہ! مجھے اپنی رحمت سے ڈھانپ لے اور مجھے اپنے عذاب سے بچائے رکھنا۔

اَللّٰهُمَّ ثَبِّتْ قَدَمَيَّ يَوْمَ تَزِلُّ فِيْهِ الْاَقْدَامُ ۞ (کتاب الاذکار للنووی)

یا اللہ! میرے قدم ثابت رکھنا جس دن کہ قدم ڈگنے لگیں گے۔

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنَا مُفْلِحِیْنَ ؁ (الحزب الاعظم للقاری)

یا اللہ! ہمیں فلاح یاب بنائیو۔

اَللّٰھُمَّ افْتَحْ اَقْفَالَ قُلُوْبِنَا بِذِکْرِکَ وَاَتْمِمْ عَلَیْنَا نِعْمَتَکَ وَاَسْبِغْ عَلَیْنَا مِنْ فَضْلِکَ وَاجْعَلْنَا مِنْ عِبَادِکَ الصّٰلِحِیْنَ ؁

یا اللہ! اپنے ذِکر سے ہمارے دِلوں کے قفل کھول دے، اور ہم پر اپنی نعمت کو پورا کر، اور ہم پر اپنے فضل کو پورا کر، اور ہمیں اپنے نیک بندوں میں سے کرلے۔

اَللّٰھُمَّ اٰتِنِیْ اَفْضَلَ مَا تُؤْتِیْ عِبَادَکَ الصَّالِحِیْنَ ؁ (الحزب الاعظم)

یا اللہ! مجھے وہ سب سے بڑھ کر دے جو تو اپنے نیک بندوں کو دیتا ہو۔

اَللّٰھُمَّ اَحْیِنِیْ مُسْلِمًا وَّاَمِتْنِیْ مُسْلِمًا ؁ (کنز العمال)

یا اللہ! مجھے مسلمان ہی زندہ رکھ، اور مسلمان ہی (رکھ کر) مجھے وفات دے۔

اَللّٰھُمَّ عَذِّبِ الْکَفَرَةَ وَاَلْقِ فِیْ قُلُوْبِھِمُ الرُّعْبَ وَخَالِفْ بَیْنَ کَلِمَتِھِمْ وَاَنْزِلْ عَلَیْھِمْ رِجْزَکَ وَعَذَابَکَ اَللّٰھُمَّ عَذِّبِ الْکَفَرَةَ اَھْلِ الْکِتَابِ وَالْمُشْرِکِیْنَ الَّذِیْنَ یَجْحَدُوْنَ اٰیَاتِکَ وَیُکَذِّبُوْنَ رُسُلَکَ وَیَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِیْلِکَ وَیَتَعَدَّوْنَ حُدُوْدَکَ وَیَدْعُوْنَ مَعَکَ اِلٰھًا اٰخَرَ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ تَبَارَکْتَ وَتَعَالَیْتَ عَمَّا یَقُوْلُ

الظّٰلِمُوْنَ عُلُوًّا كَبِيْرًا ۞ کنز العمال عن سمرةؓ

یا اللہ! کافروں کو عذاب دے، اور ان کے دِلوں میں ہیبت بٹھا دے، اور ان کی بات میں اختلاف پیدا کر دے، اور ان پر اپنا قہر و عذاب نازل کر، یا اللہ! کافروں کو عذاب دے، چاہے وہ اہلِ کتاب ہوں یا مشرک، بہر حال جو بھی تیری آیتوں کا انکار کرتے ہیں، اور تیرے رسولوں کی تکذیب کرتے ہیں، اور تیری راہ سے (دُوسروں کو) روکتے ہیں، اور تیری (مقرر کی ہوئی) حدوں سے تجاوز کرتے ہیں، اور تیرے ساتھ کسی اور معبود کو بھی پکارتے ہیں، حالانکہ کوئی بھی معبود نہیں ہے بجز تیرے، بابرکت ہے تو، اور ہر طرح نہایت درجہ برتر ہے تو اس سے کہ جو یہ ظالم کہتے ہیں۔

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَ الْمُسْلِمَاتِ وَاَصْلِحْهُمْ وَاَصْلِحْ ذَاتَ بَيْنِهِمْ وَاَلِّفْ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ وَاجْعَلْ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الْاِيْمَانَ وَالْحِكْمَةَ وَثَبِّتْهُمْ عَلٰى مِلَّةِ رَسُوْلِكَ وَاَوْزِعْهُمْ اَنْ يَّشْكُرُوْا نِعْمَتَكَ الَّتِيْۤ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ وَاَنْ يُّوْفُوْا بِعَهْدِكَ الَّذِيْ عَاهَدْتَّهُمْ عَلَيْهِ وَانْصُرْهُمْ عَلٰى عَدُوِّكَ وَعَدُوِّهِمْ اِلٰهَ الْحَقِّ سُبْحَانَكَ لَاۤ اِلٰهَ غَيْرُكَ اِغْفِرْ لِيْ ذَنْبِيْ وَاَصْلِحْ لِيْ عَمَلِيْ اِنَّكَ تَغْفِرُ الذُّنُوْبَ لِمَنْ تَشَآءُ وَاَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ يَا غَفَّارُ اغْفِرْ لِيْ يَا تَوَّابُ تُبْ عَلَيَّ يَا رَحْمٰنُ ارْحَمْنِيْ يَا عَفُوُّ اعْفُ عَنِّيْ يَا رَءُوْفُ ارْءُفْ

بِی یَارَبِّ اَوْزِعْنِیٓ اَنْ اَشْکُرَ نِعْمَتَکَ الَّتِیٓ اَنْعَمْتَ عَلَیَّ وَ
طَوِّقْنِیْ حُسْنَ عِبَادَتِکَ یَارَبِّ اَسْأَلُکَ مِنَ الْخَیْرِ کُلِّہٖ
یَارَبِّ افْتَحْ لِیْ بِخَیْرٍ وَّاخْتِمْ لِیْ بِخَیْرٍ وَّقِنِی السَّیِّاٰتِ وَمَنْ
تَقِ السَّیِّاٰتِ یَوْمَئِذٍ فَقَدْ رَحِمْتَہٗ وَذٰلِکَ ھُوَ الْفَوْزُ الْعَظِیْمُ
(الحزب الاعظم للقاری وغیرہ)

یا اللہ! تو مجھے بخش دے، اور تمام ایمان والوں اور ایمان والیوں کو، اور تمام اسلام والوں اور اسلام والیوں کو، اور انہیں سنوار دے، اور اُن کے آپس میں صلح کر دے، اور اُن کے دِلوں میں اُلفت دے دے، اور ان کے دِلوں میں حکمت اور ایمان رکھ دے، اور انہیں اپنے رسول کے دین پر ثابت رکھ، اور انہیں توفیق دے کہ جو نعمت تو نے انہیں نصیب کی ہے اس کا وہ شکر کرتے رہیں، اور جو عہد تو نے اُن سے لیا ہے اُسے وہ پورا کرتے رہیں، اور انہیں اپنے اور اُن کے دُشمنوں پر غالب رکھ، اے معبودِ برحق! تو پاک ہے، کوئی معبود سوا تیرے نہیں ہے، میرے گناہ بخش دے، اور میرے عمل دُرست کر دے، بے شک تو ہی گناہ بخش دیتا ہے جس کے چاہتا ہے، رتو ہی مغفرت کرنے والا ہے، رحم کرنے والا ہے، اے بخشنے والے! مجھے بخش دے، اے توبہ قبول کرنے والے! میری توبہ قبول کر، اے بہت زیادہ رحم کرنے والے! مجھ پر رحم کر، اے معاف کرنے والے! مجھے معاف کر، اے مہربان! مجھ پر مہربانی کر، اے پروردگار! مجھے توفیق دے کہ تو نے جو نعمت مجھے دی ہے اس کا شکر ادا کروں، اور مجھے طاقت دے کہ تیری عبادت اچھی طرح کروں، اے پروردگار! میں تجھ سے بھلائی مانگتا ہوں سب کی سب، اے پروردگار! میرا آغاز خیر کے ساتھ کر، اور میرا خاتمہ خیر کے ساتھ کر، اور مجھے بُرائیوں سے بچالے، اور جسے تو نے بُرائیوں سے اُس دن بچالیا، بے شک تو نے اس پر رحم ہی کیا، اور یہی تو بڑی کامیابی ہے۔

اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ كُلُّهٗ وَلَكَ الشُّكْرُ كُلُّهٗ وَلَكَ الْمُلْكُ كُلُّهٗ وَلَكَ الْخَلْقُ كُلُّهٗ بِيَدِكَ الْخَيْرُ كُلُّهٗ اِلَيْكَ يَرْجِعُ الْاَمْرُ كُلُّهٗ اَسْاَلُكَ الْخَيْرَ كُلَّهٗ وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ الشَّرِّ كُلِّهٖ ۞ (الحزب الاعظم للقاری وکنز العمال)

یا اللہ! تیرے ہی لئے تعریف ہے سب کی سب، اور تیرے ہی لئے شکر ہے سب کا سب، اور تیرے ہی لئے ہے حکومت سب کی سب، اور تیرے ہی لئے ہے مخلوق سب کی سب، تیرے ہی ہاتھ میں بھلائی ہے سب کی سب، اور تیری ہی طرف اُمور رُجوع ہوتے ہیں سب کے سب، میں مانگتا ہوں تجھ سے بھلائی سب کی سب، اور میں تیری پناہ میں آتا ہوں ساری کی ساری بُرائیوں سے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِىْ لَآ اِلٰهَ غَيْرُهٗ اَللّٰهُمَّ اَذْهِبْ عَنِّى الْهَمَّ وَ الْحُزْنَ اَللّٰهُمَّ بِحَمْدِكَ انْصَرَفْتُ وَبِذَنْبِىْ اعْتَرَفْتُ ۞ (الحزب الاعظم للقاری وکنز العمال)

اس اللہ کے نام (کی برکت) سے جس کے سوا کوئی معبود نہیں، یا اللہ! مجھ سے فکر اور غم دُور فرمادے، یا اللہ! میں تیری ہی حمد کے ساتھ چلتا پھرتا ہوں، اور اپنے گناہوں کا اعتراف کرتا ہوں۔

اَللّٰهُمَّ اِلٰهِىْ وَاِلٰهَ اِبْرَاهِيْمَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَاِلٰهَ جِبْرَئِيْلَ وَمِيْكَآئِيْلَ وَاِسْرَافِيْلَ اَسْاَلُكَ اَنْ تَسْتَجِيْبَ دَعْوَتِىْ فَاَنَا مُضْطَرٌّ وَّتَعْصِمَنِىْ فِىْ دِيْنِىْ فَاِنِّىْ مُبْتَلًى وَّتَنَالَنِىْ بِرَحْمَتِكَ فَاِنِّىْ مُذْنِبٌ وَّتَنْفِىَ عَنِّى الْفَقْرَ فَاِنِّىْ مُتَمَسْكِنٌ ۞ (کنز العمال وغیرہ)

یا اللہ! میرے معبود! اور ابراہیم و اسحاق و یعقوب کے معبود! اور جبرائیل اور میکائیل اور اسرافیل کے معبود! میں تجھ سے یہ درخواست کرتا ہوں کہ میری عرض قبول کرلے کہ میں بے قرار ہوں، اور تو مجھے میرے دین کے باب میں محفوظ رکھ کہ میں بلا میں پڑا ہوا ہوں، اور اپنی رحمت میرے شاملِ حال رکھنا کہ میں گنہگار ہوں، اور مجھ سے محتاجی دُور رکھنا کہ میں بے کس ہوں۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُكَ بِحَقِّ السَّآئِلِيْنَ عَلَيْكَ فَاِنَّ لِلسَّآئِلِ عَلَيْكَ حَقًّا اَيُّمَا عَبْدٍ اَوْ اَمَةٍ مِّنْ اَهْلِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ تَقَبَّلْتَ دَعْوَتَهُمْ وَاسْتَجَبْتَ دُعَآءَهُمْ اَنْ تُشْرِكَنَا فِيْ صَالِحِ مَا يَدْعُوْنَكَ فِيْهِ وَاَنْ تُشْرِكَهُمْ فِيْ صَالِحِ مَا نَدْعُوْكَ فِيْهِ وَاَنْ تُعَافِيَنَا وَاِيَّاهُمْ وَاَنْ تَقَبَّلَ مِنَّا وَمِنْهُمْ وَاَنْ تَجَاوَزَ عَنَّا وَعَنْهُمْ فَاِنَّنَآ اٰمَنَّا بِمَآ اَنْزَلْتَ وَاتَّبَعْنَا الرَّسُوْلَ فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ ۞ (کنز العمال۔ عن ابی سعید الخدری رضی اللہ عنہ)

یا اللہ! میں تجھ سے ہر اُس حق سے مانگتا ہوں جو سائلوں کا تجھ پر ہے، کیونکہ بے شک سائلوں کا تجھ پر حق ہے، کہ خشکی اور تری کے جس کسی بھی غلام یا باندی کی دُعا تو نے قبول کی ہو، تو ہمیں ان اچھی دُعاؤں میں شریک کردے جو وہ تجھ سے مانگیں، اور تو انہیں اُن اچھی دُعاؤں میں شریک کردے جو ہم تجھ سے مانگیں، اور یہ کہ تو ہمیں اور انہیں چین دے، اور تو ہماری اور اُن کی دُعائیں قبول کر، اور یہ کہ تو ہم سے اور اُن سے درگزر کر، بے شک ہم ایمان لائے اُس پر جو تو نے اُتارا ہے، اور ہم نے رسول کی پیروی کی، پس ہمیں بھی شہادت دینے والوں میں لکھ لے۔

اَللّٰهُمَّ اٰتِ مُحَمَّدَ نِ الْوَسِيلَةَ وَاجْعَلْ فِى الْمُصْطَفَيْنَ مَحَبَّتَهٗ وَ فِى الْاَعْلَيْنَ دَرَجَتَهٗ وَفِى الْمُقَرَّبِيْنَ ذِكْرَهٗ ۞ (کنز العمال۔ عن ابی امامۃؓ)

یا اللہ! محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کو مقامِ وسیلہ عنایت کر، اور آپؐ کی محبوبیت برگزیدہ لوگوں میں کردے اور آپؐ کا مرتبہ عالی لوگوں میں، اور آپؐ کا ذکر اہلِ تقرّب میں۔

اَللّٰهُمَّ اهْدِنِىْ مِنْ عِنْدِكَ وَاَفِضْ عَلَىَّ مِنْ فَضْلِكَ وَاَسْبِغْ عَلَىَّ مِنْ رَّحْمَتِكَ وَاَنْزِلْ عَلَىَّ مِنْ بَرَكَاتِكَ ۞ (عمل الیوم واللیلۃ لابن السنی۔ عن ابن عباسؓ)

یا اللہ! مجھے اپنے ہاں سے ہدایت نصیب کر، اور مجھے اپنے فضل وکرم سے مستفید کر، اور مجھ پر اپنی رحمت کامل کر، اور مجھ پر اپنی برکتیں نازل کر۔

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِىْ وَارْحَمْنِىْ وَتُبْ عَلَىَّ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ۞ (عمل الیوم واللیلۃ۔ لابن السنی۔ عن ابن عمرؓ)

یا اللہ! مجھے بخش دے اور مجھ پر رحم کر، اور میری توبہ قبول کر، تو ہی بڑا توبہ قبول کرنے والا اور بڑا رحم والا ہے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّىْٓ اَسْأَلُكَ تَوْفِيْقَ اَهْلِ الْهُدٰى وَاَعْمَالَ اَهْلِ الْيَقِيْنِ وَمُنَاصَحَةَ اَهْلِ التَّوْبَةِ وَعَزْمَ اَهْلِ الصَّبْرِ وَجِدَّ اَهْلِ الْخَشْيَةِ وَطَلَبَ اَهْلِ الرَّغْبَةِ وَتَعَبُّدَ اَهْلِ الْوَرَعِ وَعِرْفَانَ اَهْلِ الْعِلْمِ حَتّٰٓى اَلْقَاكَ ۞ (الحزب الاعظم للقاری)

یا اللہ! میں تجھ سے توفیق مانگتا ہوں اہلِ ہدایت کی سی، اور عمل اہلِ یقین کے سے، اور اخلاص

اہلِ توبہ کا سا، اور ہمت اہلِ صبر کی سی، اور کوشش اہلِ خوف کی سی، اور طلب اہلِ شوق کی سی، اور عبادت اہلِ تقویٰ کی سی، اور معرفت اہلِ علم کی سی، تا آنکہ میں تجھ سے مل جاؤں۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُكَ مَخَافَةً تَحْجُزُنِیْ عَنْ مَّعَاصِیْكَ حَتّٰی اَعْمَلَ بِطَاعَتِكَ عَمَلًا اَسْتَحِقُّ بِهٖ رِضَاكَ وَحَتّٰی اُنَاصِحَكَ بِالتَّوْبَةِ خَوْفًا مِّنْكَ وَحَتّٰی اُخْلِصَ لَكَ النَّصِیْحَةَ حَیَاءً مِّنْكَ وَحَتّٰی اَتَوَكَّلَ عَلَیْكَ فِی الْاُمُوْرِ كُلِّهَا وَحُسْنَ ظَنٍّ بِكَ سُبْحَانَ خَالِقِ النُّوْرِ اَللّٰهُمَّ لَا تُهْلِكْنَا فُجَاءَةً وَّلَا تَاْخُذْنَا بَغْتَةً وَّلَا تُغْفِلْنَا عَنْ حَقٍّ وَّلَا وَصِیَّةٍ ؁ (الحزب الاعظم للقاری)

یا اللہ! میں تجھ سے وہ خوف مانگتا ہوں جو مجھے تیری نافرمانیوں سے روک دے، تاکہ میں تیری طاعت کے ایسے عمل کروں جن سے میں تیری خوشنودی کا مستحق ہو جاؤں، اور تاکہ میں تجھ سے ڈر کر تیرے سامنے خالص توبہ کروں، اور تاکہ تجھ سے شرما کر تیرے رُوبرو خلوص کو صاف کرو، اور تاکہ کل کاموں میں تجھ پر بھروسہ کروں، اور تیرے ساتھ گمان نیک کو طلب کرتا ہوں، پاک ہے اے نور کے پیدا کرنے والے! یا اللہ! ہم کو ناگہاں ہلاک نہ کرنا، اور نہ ہم کو اچانک پکڑنا، اور نہ ہمیں کسی حق و وصیت کی طرف سے غفلت میں رکھنا۔

اَللّٰهُمَّ اٰنِسْ وَحْشَتِیْ فِیْ قَبْرِیْ اَللّٰهُمَّ ارْحَمْنِیْ بِالْقُرْاٰنِ الْعَظِیْمِ وَاجْعَلْهُ لِیْ اِمَامًا وَّنُوْرًا وَّهُدًی وَّرَحْمَةً اَللّٰهُمَّ ذَكِّرْنِیْ مِنْهُ مَا نَسِیْتُ وَعَلِّمْنِیْ مِنْهُ مَا جَهِلْتُ وَارْزُقْنِیْ تِلَاوَتَهٗ اٰنَاءَ اللَّیْلِ وَاٰنَاءَ النَّهَارِ وَاجْعَلْهُ لِیْ حُجَّةً یَّا رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ ؁ (الحزب الاعظم للقاری)

یا اللہ! میری قبر میں وحشت کی جگہ اُنس پیدا کر دینا، یا اللہ! مجھ پر قرآنِ عظیم کے طفیل میں رحم کرنا، اور اسے میرے حق میں رہبر اور نور اور ہدایت اور رحمت بنا دینا، یا اللہ! میں اس میں سے جو کچھ بھول گیا ہوں وہ مجھے یاد کرا دے، اور اس میں سے جو کچھ میں نہ جانتا ہوں وہ مجھے سکھا دے، اور مجھے اس کی تلاوت دن اور رات کے اوقات میں نصیب کر، اور اسے میرے لئے حجت بنا دے، اے پروردگارِ عالم!

اَللّٰهُمَّ اَنَا عَبْدُكَ وَابْنُ عَبْدِكَ وَابْنُ اَمَتِكَ نَاصِيَتِيْ بِيَدِكَ اَتَقَلَّبُ فِيْ قَبْضَتِكَ وَاُصَدِّقُ بِلِقَآئِكَ وَاُوْمِنُ بِوَعْدِكَ اَمَرْتَنِيْ فَعَصَيْتُ وَنَهَيْتَنِيْ فَاَتَيْتُ هٰذَا مَكَانُ الْعَآئِذِ بِكَ مِنَ النَّارِ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ فَاغْفِرْ لِيْ اِنَّهٗ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّآ اَنْتَ ۞

یا اللہ! میں تیرا بندہ ہوں اور بیٹا ہوں تیرے بندہ اور بندی کا، ہمہ تن تیری ہی مٹھی میں ہوں، تیرے قبضہ میں چلتا پھرتا ہوں، تیرے ہی ملنے کی تصدیق کرتا ہوں، اور تیرے وعدہ پر یقین رکھتا ہوں، تو نے مجھے حکم دیا، لیکن میں نے نافرمانی کی، اور تو نے مجھے روکا تو میں نے اس کا ارتکاب کیا، یہ جگہ دوزخ سے پناہ لینے کی تیرے ذریعہ سے ہے، کوئی معبود نہیں ہے سوا تیرے، تو پاک ہے، میں نے اپنی جان پر ظلم کیا، تو ہمیں بخش دے، بے شک کوئی گناہوں کو نہیں بخش سکتا بجز تیرے۔

اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ وَاِلَيْكَ الْمُشْتَكٰى وَبِكَ الْمُسْتَغَاثُ وَاَنْتَ الْمُسْتَعَانُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ۞ (الحزب الاعظم للقاری)

یا اللہ! تجھی کو ہر تعریف سزاوار ہے، اور تجھی سے شکایت چاہئے، اور تجھی سے فریاد چاہئے، اور مدد تجھی سے طلب کئے جانے کے قابل ہے، اور نہ کوئی بچاؤ (گناہ سے) ہے، اور نہ کوئی قوت (عبادت کی) ہے، بجز اللہ کے ہاتھ میں۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُ بِرِضَاكَ مِنْ سَخَطِكَ وَبِمُعَافَاتِكَ مِنْ عُقُوْبَتِكَ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْكَ لَآ اُحْصِیْ ثَنَآءً عَلَيْكَ اَنْتَ كَمَآ اَثْنَيْتَ عَلٰى نَفْسِكَ اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَعُوْذُ بِكَ مِنْ اَنْ نَّزِلَّ اَوْ نُزِلَّ اَوْ نَضِلَّ اَوْ نَظْلِمَ اَوْ يُظْلَمَ عَلَيْنَا اَوْ نَجْهَلَ اَوْ يُجْهَلَ عَلَيْنَا اَوْ اَضِلَّ اَوْ اُضَلَّ اَعُوْذُ بِنُوْرِ وَجْهِكَ الْكَرِيْمِ الَّذِیْٓ اَضَآءَتْ لَهُ السَّمٰوٰتُ وَاَشْرَقَتْ لَهُ الظُّلُمٰتُ وَصَلُحَ عَلَيْهِ اَمْرُ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ اَنْ تُحِلَّ عَلَیَّ غَضَبَكَ وَتُنْزِلَ عَلَیَّ سَخَطَكَ وَلَكَ الْعُتْبٰى حَتّٰى تَرْضٰى وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِكَ اَللّٰهُمَّ وَاقِيَةً كَوَاقِيَةِ الْوَلِيْدِ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ الْاَعْمَيَيْنِ السَّيْلِ وَالْبَعِيْرِ الصَّئُوْلِ ؂ (کنز العمال عن عبد اللہ بن مرحس رضؓ و ابن عمرؓ و عائشہؓ)

یا اللہ! میں تیری رضا کی پناہ میں آتا ہوں تیری ناخوشی سے، اور تیری عفو کی پناہ میں تیرے عذاب سے، اور تیری پناہ میں آتا ہوں خود تجھ سے، میں تیری تعریف پوری طرح کر ہی نہیں سکتا ہوں، تو اسی تعریف کے لائق ہے جو تو نے خود اپنی ذات کی کی ہے، یا اللہ! ہم تیری پناہ

میں آتے ہیں اس سے کہ ہم کہیں ڈگ جائیں یا کسی کو ڈگا دیں، یا ہم کسی کو گمراہ کریں، یا ہم کسی پر ظلم کریں یا کوئی ہم پر ظلم کرے، یا ہم جہالت کریں یا کوئی ہم سے جہالت کرے، یا میں گمراہ ہوں یا کوئی مجھے گمراہ کرے، میں تیری ذاتِ گرامی کے نور کی پناہ میں آتا ہوں جس نے آسمانوں کو روشن کر رکھا ہے، اوراس سے ظلمتیں چمک اُٹھی ہیں، اوراس سے دُنیا وآخرت کے کام دُرست ہیں، (پناہ) اس امر سے کہ تو مجھ پر اپنا غصہ اُتارے، اورتو مجھ پر اپنی ناخوشی نازل کرے، اور حق ہے کہ تو ہی منایا جائے یہاں تک کہ تو راضی ہوجائے، اور نہ کوئی بچاؤ (گناہ سے) ہے، اور نہ کوئی طاقت (عبادت کی) ہے، مگر تیری ہی مدد سے، یا اللہ! میں نگہبانی چاہتا ہوں بچہ کی سی نگہبانی، یا اللہ! میں تیری پناہ میں آتا ہوں دو اندھی بُرائیوں سے، یعنی سیلاب اور حملہ آور اُونٹ سے۔

اَلْمَنْزِلُ السَّادِسُ يَوْمُ الْخَمِيْسِ

چھٹی منزل بروز جمعرات

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْأَلُكَ بِمُحَمَّدٍ نَّبِيِّكَ وَاِبْرَاهِيْمَ خَلِيْلِكَ وَمُوْسٰى نَجِيِّكَ وَعِيْسٰى رُوْحِكَ وَكَلِمَتِكَ وَبِكَلَامِ مُوْسٰى وَاِنْجِيْلِ عِيْسٰى وَزَبُوْرِ دَاوٗدَ وَفُرْقَانِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبِكُلِّ وَحْيٍ اَوْحَيْتَهٗ اَوْ قَضَآءٍ قَضَيْتَهٗ اَوْ سَآئِلٍ اَعْطَيْتَهٗ اَوْ فَقِيْرٍ اَغْنَيْتَهٗ اَوْ غَنِيٍّ اَفْقَرْتَهٗ اَوْ ضَآلٍّ هَدَيْتَهٗ، وَاَسْأَلُكَ بِاسْمِكَ الَّذِيْ وَضَعْتَهٗ عَلَى الْاَرْضِ فَاسْتَقَرَّتْ وَعَلَى السَّمٰوٰتِ فَاسْتَقَلَّتْ وَعَلَى الْجِبَالِ فَرَسَتْ وَاَسْأَلُكَ بِاسْمِكَ الَّذِي اسْتَقَرَّ بِهٖ عَرْشُكَ وَاَسْأَلُكَ بِاسْمِكَ الطَّاهِرِ الْمُطَهَّرِ الْمُنَزَّلِ فِيْ كِتَابِكَ مِنْ لَّدُنْكَ وَبِاسْمِكَ الَّذِيْ وَضَعْتَهٗ عَلَى النَّهَارِ فَاسْتَنَارَ وَعَلَى اللَّيْلِ فَاَظْلَمَ وَبِعَظَمَتِكَ وَكِبْرِيَآئِكَ

وَبِنُوْرِ وَجْهِكَ اَنْ تَرْزُقَنِي الْقُرْاٰنَ الْعَظِيْمَ وَتُخَلِّطَهٗ بِلَحْمِيْ
وَدَمِيْ وَسَمْعِيْ وَبَصَرِيْ وَتَسْتَعْمِلَ بِهٖ جَسَدِيْ بِحَوْلِكَ وَ
قُوَّتِكَ فَاِنَّهٗ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِكَ اَللّٰهُمَّ لَا تُؤْمِنَّا مَكْرَكَ
وَلَا تُنْسِنَا ذِكْرَكَ وَلَا تَهْتِكْ عَنَّا سِتْرَكَ وَلَا تَجْعَلْنَا
مِنَ الْغَافِلِيْنَ ۞ (جمع الفوائد۔عن ابی بکرؓ)

یا اللہ! میں تجھ سے درخواست کرتا ہوں بہ طفیل محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کے جو تیرے نبی ہیں، اور بہ طفیل ابراہیم (علیہ السلام) کے جو تیرے خلیل ہیں، اور بہ طفیل موسیٰ (علیہ السلام) کے جو تیرے کلیم ہیں، اور بہ طفیل عیسیٰ (علیہ السلام) کے جو رُوح اللہ اور کلمۃ اللہ ہیں، اور بہ طفیل کلامِ حضرت موسیٰ کے، اور انجیلِ حضرت عیسیٰ کے، اور زبورِ حضرت داوٗد کے، اور فرقانِ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے، اور بہ طفیل ہر وحی کے جسے تو نے بھیجا ہو یا ہر حکمِ (تکوینی) کے جسے تو نے جاری کیا ہو، اور بہ طفیل ہر سائل کے جس کو تو نے دیا ہو، اور بہ طفیل ہر محتاج کے جس کو تو نے تونگر کیا ہو، اور بہ طفیل ہر تونگر کے جسے تو نے محتاج کر دیا ہو، اور ہر گمراہ کے جسے تو نے ہدایت دے دی ہو، اور میں تجھ سے درخواست کرتا ہوں بہ طفیل تیرے اُس نام کے جس کو تو نے زمین پر رکھا اور وہ ٹھہر گئی، اور آسمانوں پر رکھا تو وہ قرار پکڑ گئے، اور پہاڑوں پر رکھا تو وہ جم گئے، اور درخواست کرتا ہوں میں تجھ سے بہ طفیل اس نام کے جس سے تیرا عرش ٹھہرا ہوا ہے، اور درخواست کرتا ہوں میں تجھ سے بہ طفیل اُس نام کے کہ وہ پاک ہے اور ستھرا ہے، اور تیری کتاب میں تیرے پاس سے نازل ہوا ہے، اور بہ طفیل تیرے اُس نام کے جسے تو نے دن پر رکھا تو وہ روشن ہو گیا اور رات پر رکھا تو وہ اندھیری ہو گئی، اور بہ طفیل تیری عظمت اور تیری بڑائی کے، اور بہ طفیل تیرے نورِ ذات کے، کہ تو مجھے قرآنِ عظیم نصیب کرے، اور اسے میرے

گوشت میں، اور میرے خون میں، اور میری شنوائی میں، اور میری بینائی میں پیوست کردے، اور اس پر میرے جسم کو عامل بنادے اپنی قدرت وقوت سے، بے شک نہ کوئی بچاؤ (معصیت سے) ہے، اور نہ کوئی قوت (طاعت ہی) کی ہے، مگر تیرے ذریعہ سے، یا اللہ! تو ہمیں اپنی خفیہ گرفت کی طرف سے بے فکر نہ کردے، اور نہ ہمیں اپنی یاد سے غافل ہونے دے، اور نہ ہماری پردہ دری کر، اور نہ ہمیں غافلوں میں سے کر۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّىْٓ اَسْأَلُكَ تَعْجِيْلَ عَافِيَتِكَ وَدَفْعَ بَلَآئِكَ وَخُرُوْجًا مِّنَ الدُّنْيَآ اِلٰى رَحْمَتِكَ يَا مَنْ يَّكْفِىْ عَنْ كُلِّ اَحَدٍ وَّلَا يَكْفِىْ مِنْهُ اَحَدٌ يَّآ اَحَدَ مَنْ لَّآ اَحَدَ لَهٗ وَيَا سَنَدَ مَنْ لَّا سَنَدَ لَهُ انْقَطَعَ الرَّجَآءُ اِلَّا مِنْكَ نَجِّنِىْ مِمَّآ اَنَا فِيْهِ وَ اَعِنِّىْ عَلٰى مَآ اَنَا عَلَيْهِ مِمَّا نَزَلَ بِىْ بِجَاهِ وَجْهِكَ الْكَرِيْمِ وَبِحَقِّ مُحَمَّدٍ عَلَيْكَ اٰمِيْنَ ۞ (مستدرک، عن عائشہؓ۔ کنز العمال عن ابن مسعودؓ)

یا اللہ! میں تجھ سے درخواست کرتا ہوں عافیتِ عاجل کی، اور دفعِ بلا کی، اور دُنیا سے تیری رحمت کی جانب منتقل ہونے کی، اے وہ کہ کافی ہے وہ سب کے عوض اور کوئی بھی کافی نہیں ہے اس کے عوض، اے کس بے کسوں کے! اے سہارے بے سہاروں کے! اُمیدیں منقطع ہوچکی ہیں مگر تجھ سے، مجھے نجات دے اُس حال سے جس میں کہ میں ہوں، اور جو بلا کہ نازل ہوچکی ہے اُس کے مقابلہ میں میری مدد کر، صدقہ اپنی ذاتِ پاک کا، اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کے اس حق کے طفیل میں جو تجھ پر ہے، آمین۔

اَللّٰھُمَّ احْرُسْنِیْ بِعَیْنِکَ الَّتِیْ لَا تَنَامُ وَاکْنُفْنِیْ بِرُکْنِکَ الَّذِیْ لَا یُرَامُ وَارْحَمْنِیْ بِقُدْرَتِکَ عَلَیَّ فَلَآ اَھْلِکُ وَاَنْتَ رَجَآئِیْ فَکَمْ مِّنْ نِّعْمَۃٍ اَنْعَمْتَ بِھَا عَلَیَّ قَلَّ لَکَ بِھَا شُکْرِیْ وَکَمْ مِّنْ بَلِیَّۃٍ اِبْتَلَیْتَنِیْ بِھَا قَلَّ لَکَ بِھَا صَبْرِیْ فَیَا مَنْ قَلَّ عِنْدَ نِعْمَتِہٖ شُکْرِیْ فَلَمْ یَحْرِمْنِیْ وَیَا مَنْ قَلَّ عِنْدَ بَلِیَّتِہٖ صَبْرِیْ فَلَمْ یَخْذُلْنِیْ وَیَا مَنْ رَّاٰنِیْ عَلَی الْخَطَایَا فَلَمْ یَفْضَحْنِیْ ۞ (کنز العمال عن علیؓ)

یا اللہ! میری نگہبانی کر اپنی اُس آنکھ سے جو کبھی سوتی نہیں، اور مجھے اپنی اُس قوت کی آڑ میں لے لے جس کے پاس کوئی نہیں پھٹک سکتا، اور مجھ پر اپنی اس قدرت سے رحم کر جو تجھ کو مجھ پر حاصل ہے، تاکہ میں ہلاک نہ ہوں، اور تو ہی میری اُمید گاہ ہے، کتنی ہی نعمتیں تو نے مجھے دیں، اور میرا اُن کے لئے شکر کم ہی رہا، اور کتنی مصیبتیں ہیں جن میں تو نے مجھے مبتلا کیا، اور میرا صبر اُن پر کم ہی رہا، پس اے وہ کہ اُس کی نعمت کے وقت میرا شکر کم رہا، پھر بھی مجھے محروم نہ کیا، اور اے وہ کہ اس کے ابتلاء کے وقت میرا صبر کم رہا، پھر بھی اس نے میرا ساتھ نہ چھوڑا، اور اے وہ کہ مجھے گناہوں پر دیکھا، پھر بھی مجھے فضیحت نہ کیا۔

یَا ذَا الْمَعْرُوْفِ الَّذِیْ لَا یَنْقَضِیْ اَبَدًا وَّیَا ذَا النَّعْمَآءِ الَّتِیْ لَا تُحْصٰی اَبَدًا اَسْأَلُکَ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبِکَ اَدْرَأُ فِیْ نُحُوْرِ الْاَعْدَآءِ وَالْجَبَابِرَۃِ ۞ (کنز العمال عن علیؓ)

اے ایسے احسان والے جس کا احسان کبھی ختم نہ ہو! اور اے ایسے نعمتوں والے کہ جس کی نعمتیں کبھی شمار نہ ہوسکیں! میں تجھ سے درخواست کرتا ہوں کہ حضرت محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر اور حضرت محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر رحمتِ کامل نازل کر، میں تیرے ہی زور پر بھڑ جاتا ہوں دُشمنوں اور زور آوروں کے مقابلہ میں۔

اَللّٰهُمَّ اَعِنِّیْ عَلٰی دِیْنِیْ بِالدُّنْیَا وَعَلٰی اٰخِرَتِیْ بِالتَّقْوٰی وَاحْفَظْنِیْ فِیْمَا غِبْتُ عَنْهُ وَلَا تَكِلْنِیْ اِلٰی نَفْسِیْ فِیْمَا حَضَرْتُهٗ یَا مَنْ لَّا تَضُرُّهُ الذُّنُوْبُ وَلَا تَنْقُصُهُ الْمَغْفِرَةُ هَبْ لِیْ مَا لَا یَنْقُصُكَ وَاغْفِرْ لِیْ مَا لَا یَضُرُّكَ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ اَسْأَلُكَ فَرَجًا قَرِیْبًا وَّصَبْرًا جَمِیْلًا وَّرِزْقًا وَّاسِعًا وَّالْعَافِیَةَ مِنْ جَمِیْعِ الْبَلَاءِ وَاَسْأَلُكَ تَمَامَ الْعَافِیَةِ وَاَسْأَلُكَ دَوَامَ الْعَافِیَةِ وَاَسْأَلُكَ الشُّكْرَ عَلَی الْعَافِیَةِ وَاَسْأَلُكَ الْغِنٰی عَنِ النَّاسِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔ (الحزب الاعظم للقاری)

یا اللہ! میرے دِین پر مددگار دُنیا کو بنادے، اور میری آخرت پر مددگار تقویٰ کو کردے، اور تو ہی محافظ رہ میری ان چیزوں کا جو آنکھوں سے دُور ہیں، اور اُن چیزوں میں جو میرے پیشِ نظر ہیں تو مجھے میرے نفس کے حوالہ نہ کر، اے وہ کہ نہ اسے گناہ نقصان پہنچا سکتے ہیں، اور نہ اُس کے ہاں مغفرت کوئی کمی کرتی ہے، مجھے وہ چیز دے جو تیرے ہاں کمی نہیں کرتی، معاف کردے مجھے وہ چیز کہ تجھے نقصان نہیں پہنچاتی، تو بے شک تو ہی بڑا دینے والا ہے، میں درخواست کرتا ہوں تجھ سے فوری کشائش کی، اور صبر جمیل کی، اور رزقِ وسیع کی، اور جملہ بلاؤں سے امن کی، اور

میں مانگتا ہوں تجھ سے پورا چین اور مانگتا ہوں تجھ سے اس چین کا دوام، اور مانگتا ہوں تجھ سے اُس چین پر توفیقِ شکر، اور مانگتا ہوں تجھ سے مخلوق کی طرف سے بے احتیاجی، اور نہ کوئی بچاؤ ہے (گناہوں سے) اور نہ کوئی قوت ہے (طاعت کی) بجز اللہ بزرگ و برتر کے ذریعہ کے۔

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ سَرِيْرَتِيْ خَيْرًا مِّنْ عَلَانِيَتِيْ وَاجْعَلْ عَلَانِيَتِيْ صَالِحَةً اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْأَلُكَ مِنْ صَالِحِ مَا تُؤْتِي النَّاسَ مِنَ الْمَالِ وَالْاَهْلِ وَالْوَلَدِ غَيْرَ ضَالٍّ وَّلَا مُضِلٍّ ؛ (ترمذی عن عمرؓ)

یا اللہ! میرے باطن کو میرے ظاہر سے بہتر کر دے، اور میرے ظاہر کو صالح بنا دے، یا اللہ! میں تجھ سے درخواست کرتا ہوں اُن اچھی چیزوں کی جو تو لوگوں کو دیتا ہے، مال ہو یا بیوی بچے، میں نہ گمراہ ہوں، نہ گمراہ کرنے والا ہوں۔

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا مِنْ عِبَادِكَ الْمُنْتَخَبِيْنَ الْغُرِّ الْمُحَجَّلِيْنَ الْوَفْدِ الْمُتَقَبَّلِيْنَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْأَلُكَ نَفْسًا بِكَ مُطْمَئِنَّةً تُؤْمِنُ بِلِقَآئِكَ وَتَرْضٰى بِقَضَآئِكَ وَتَقْنَعُ بِعَطَآئِكَ ؛ (کنز العمال عن ابی الدرداؓ و فعلیؓ)

یا اللہ! ہمیں منتخب بندوں میں سے کر لے جن کے چہرے اور اعضاء روشن ہوں گے، اور جو مقبول مہمان ہوں گے، یا اللہ! میں تجھ سے ایسا نفس مانگتا ہوں جو تجھ پر اطمینان رکھے، اور تیرے ملنے کا یقین رکھے، اور تیری مشیت پر راضی رہے، اور تیرے عطیہ پر قناعت رکھے۔

اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا دَآئِمًا مَّعَ دَوَامِكَ وَلَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا خَالِدًا مَّعَ خُلُوْدِكَ وَلَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا لَّا

مُنْتَهٰى لَهٗ دُوْنَ مَشِيَّتِكَ وَلَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا لَّا يُرِيْدُ قَائِلُهٗ اِلَّا رِضَاكَ وَلَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا عِنْدَ كُلِّ طَرْفَةِ عَيْنٍ وَّ تَنَفُّسِ كُلِّ نَفْسٍ اَللّٰهُمَّ اَقْبِلْ بِقَلْبِيْ اِلٰى دِيْنِكَ وَاحْفَظْ مِنْ وَّرَائِنَا بِرَحْمَتِكَ اَللّٰهُمَّ ثَبِّتْنِيْ اَنْ اَزِلَّ وَاهْدِنِيْ اَنْ اَضِلَّ ۞ (کنز العمال۔ عن ابی الدرداءؓ وعلیؓ)

یا اللہ! حمد تیرے ہی لئے ہے، ایسی حمد کہ تیری ہمیشگی کے ساتھ وہ بھی ہمیشہ رہے، اور تیرے ہی لئے حمد ہے، ایسی حمد کہ تیرے دوام کے ساتھ وہ بھی دائم رہے، اور تیرے ہی لئے حمد ہے ایسی حمد کہ اُس کی انتہا تیری مشیت کے اِدھر نہیں، اور تیرے ہی لئے حمد ہے ایسی حمد کہ اس کے قائل کا مقصود تمام تر تیری ہی خوشنودی ہے، اور تیرے ہی لئے حمد ہے، ایسی حمد جو ہر پلک جھپکانے اور ہر سانس لینے کے ساتھ ہو، یا اللہ! میرے دِل کو اپنے دِین کی طرف متوجہ کردے، اور ہماری حفاظت اِدھر اُدھر سے رکھ اپنی رحمت کے ساتھ، یا اللہ! مجھے ثابت قدم رکھ کہیں ڈگ نہ جاؤں، اور مجھے ہدایت پر رکھ کہیں گمراہ نہ ہو جاؤں۔

اَللّٰهُمَّ كَمَا حُلْتَ بَيْنِيْ وَبَيْنَ قَلْبِيْ فَحُلْ بَيْنِيْ وَبَيْنَ الشَّيْطَانِ وَعَمَلِهٖ اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنَا مِنْ فَضْلِكَ وَلَا تَحْرِمْنَا رِزْقَكَ وَبَارِكْ لَنَا فِيْمَا رَزَقْتَنَا وَاجْعَلْ غِنَاءَنَا فِيْ اَنْفُسِنَا وَاجْعَلْ رَغْبَتَنَا فِيْمَا عِنْدَكَ ۞ (کنز العمال عن ابن عباسؓ۔ الحزب الاعظم للقاری)

یا اللہ! تو جس طرح حائل ہے مجھ میں اور میرے دِل میں، تو حائل رہ مجھ میں اور شیطان اور اس کام میں، یا اللہ! ہمیں اپنا فضل نصیب کر اور ہمیں اپنے رزق سے محروم نہ رکھ، اور جو رزق

تو نے ہمیں دیا ہے، اس میں برکت دے، اور ہمارے دِلوں کو غنی کردے، اور جو کچھ تیرے پاس ہے اس کی طرف ہمیں رغبت دے دے۔

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِیْ مِمَّنْ تَوَكَّلَ عَلَیْكَ فَكَفَیْتَهٗ وَاسْتَهْدَاكَ فَهَدَیْتَهٗ وَاسْتَنْصَرَكَ فَنَصَرْتَهٗ ؕ (کنز العمال۔عن انسؓ)

یا اللہ! مجھے اُن میں کردے جنہوں نے تجھ پر توکل کیا، پس تو اُن کے لئے کافی ہوگیا، اور انہوں نے تجھ سے ہدایت چاہی، سو تو نے انہیں ہدایت دے دی، اور انہوں نے تجھ سے مدد چاہی، سو تو نے انہیں مدد دے دی۔

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ وَسَاوِسَ قَلْبِیْ خَشْیَتَكَ وَذِكْرَكَ وَاجْعَلْ هِمَّتِیْ وَهَوَایَ فِیْمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی اَللّٰهُمَّ وَمَا ابْتَلَیْتَنِیْ بِهٖ مِنْ رَّخَاءٍ وَّشِدَّةٍ فَمَسِّكْنِیْ بِسُنَّةِ الْحَقِّ وَشَرِیْعَةِ الْاِسْلَامِ ؕ (الحزب الاعظم للقاری)

یا اللہ! میرے دِل کے وسوسوں کو اپنی خشیت اور اپنی یاد بنادے، اور میرے شوق اور ہمت کی چیز کو وہی کردے جسے تو اچھا سمجھتا ہو اور پسند کرتا ہو، یا اللہ! تو میرا امتحان نرمی یا سختی غرض جس چیز سے بھی کرے، تو مجھے طریقِ حق اور شریعتِ اسلام پر جمائے رکھ۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْأَلُكَ تَمَامَ النِّعْمَةِ فِی الْاَشْیَآءِ كُلِّهَا وَالشُّكْرَ لَكَ عَلَیْهَا حَتّٰی تَرْضٰی وَبَعْدَ الرِّضٰی الْخِیَرَةَ فِیْ جَمِیْعِ مَا یَكُوْنُ فِیْهِ الْخِیَرَةُ وَلِجَمِیْعِ مَیْسُوْرِ الْاُمُوْرِ كُلِّهَا لَا بِمَعْسُوْرِهَا یَا كَرِیْمُ ؕ

یا اللہ! میں تجھ سے درخواست کرتا ہوں جملہ اشیاء میں نعمت کے پورے ہونے کی، اور اُن پر تیرے شکر کی توفیق پانے کی، یہاں تک کہ تو خوش ہوجائے، اور بعد خوش ہوجانے کے، میرے

لئے انتخاب کردے تمام ایسی چیزوں میں جن میں انتخاب ہوتا ہے، اور انتخاب بھی سب ہی آسان کاموں کا، نہ کہ دُشوار کاموں کا، اے کریم!

اَللّٰهُمَّ فَالِقَ الْاِصْبَاحِ وَجَاعِلَ اللَّيْلِ سَكَنًا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ حُسْبَانًا قَوِّنِيْ عَلَى الْجِهَادِ فِيْ سَبِيْلِكَ ۞ (الحزب الاعظم للقاری)

یا اللہ! صبح کے نکالنے والے اور رات کو آرام کا وقت بنانے والے، اور سورج اور چاند کو وقت کا مقیاس بنانے والے، مجھے اپنی راہ میں جہاد کی قوت دے۔

اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ فِيْ بَلَآئِكَ وَصَنِيْعِكَ اِلٰى خَلْقِكَ وَلَكَ الْحَمْدُ فِيْ بَلَآئِكَ وَصَنِيْعِكَ اِلٰٓى اَهْلِ بُيُوْتِنَا وَلَكَ الْحَمْدُ فِيْ بَلَآئِكَ وَصَنِيْعِكَ اِلٰٓى اَنْفُسِنَا خَاصَّةً وَّلَكَ الْحَمْدُ بِمَا هَدَيْتَنَا وَلَكَ الْحَمْدُ بِمَآ اَكْرَمْتَنَا وَلَكَ الْحَمْدُ بِمَا سَتَرْتَنَا وَلَكَ الْحَمْدُ بِالْقُرْاٰنِ وَلَكَ الْحَمْدُ بِالْاَهْلِ وَالْمَالِ وَلَكَ الْحَمْدُ بِالْمُعَافَاةِ وَلَكَ الْحَمْدُ حَتّٰى تَرْضٰى وَلَكَ الْحَمْدُ اِذَا رَضِيْتَ يَآ اَهْلَ التَّقْوٰى وَاَهْلَ الْمَغْفِرَةِ ۞

یا اللہ! تیرے ہی لئے حمد ہے تیرے ابتلاء میں، اور تیری مخلوق کے ساتھ تیرے برتاؤ میں، اور تیرے ہی لئے حمد ہے تیرے ابتلاء میں اور ہمارے گھر والوں کے ساتھ تیرے برتاؤ میں، اور تیرے ہی لئے حمد ہے تیرے ابتلاء میں اور خاص ہماری جانوں کے ساتھ تیرے برتاؤ میں، اور تیرے ہی لئے حمد ہے اس پر کہ تو نے ہمیں ہدایت دی، اور تیرے ہی لئے حمد ہے اس پر کہ

تو نے ہمیں عزت دی، اور تیرے ہی لئے حمد ہے کہ تو نے ہماری پردہ پوشی کی، اور تیرے ہی لئے حمد ہے قرآن پر، اور تیرے ہی لئے حمد ہے اہل و مال پر، اور تیرے ہی لئے حمد ہے درگزر کرنے پر، اور تیرے ہی لئے حمد ہے یہاں تک کہ تو خوش ہوجائے، اور تیرے ہی لئے حمد ہے جبکہ تو خوش ہوجائے، اے وہ کہ جس ذات سے ڈرنا چاہئے، اور اے وہ کہ تو ہی مغفرت کرسکتا ہے۔

اَللّٰھُمَّ وَفِّقْنِیْ لِمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی مِنَ الْقَوْلِ وَالْعَمَلِ وَالْفِعْلِ وَالنِّیَّةِ وَالْھُدٰی اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۞ (کنز العمال)

یا اللہ! مجھے اس چیز کی توفیق دے جسے تو اچھا سمجھے، خواہ وہ قول ہو یا عمل یا فعل یا نیت یا طریق، بے شک تو ہی ہر چیز پر قادر ہے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِکَ مِنْ خَلِیْلٍ مَّاکِرٍ عَیْنَاہُ تَرَیَانِیْ وَ قَلْبُہٗ یَرْعَانِیْٓ اِنْ رَّاٰی حَسَنَۃً دَفَنَھَا وَاِنْ رَّاٰی سَیِّئَۃً اَذَاعَھَا اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْبُؤْسِ وَالتَّبَاؤُسِ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِکَ مِنْ اِبْلِیْسَ وَجُنُوْدِہٖ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِکَ مِنْ فِتْنَۃِ النِّسَآءِ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِکَ مِنْ اَنْ تَصُدَّ عَنِّیْ وَجْھَکَ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ کُلِّ عَمَلٍ یُّخْزِیْنِیْ وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ کُلِّ صَاحِبٍ یُّؤْذِیْنِیْ وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ کُلِّ اَمَلٍ یُّلْھِیْنِیْ وَاَعُوْذُبِکَ

مِنْ كُلِّ فَقْرٍ يُّنْسِيْنِيْ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ كُلِّ غِنًى يُّطْغِيْنِيْ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنْ مَّوْتِ الْهَمِّ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ مَّوْتِ الْغَمِّ ؁ (کنز العمال وغیرہ)

یا اللہ! میں تیری پناہ میں آتا ہوں مکار دوست سے جس کی آنکھیں تو مجھے دیکھتی ہوں اور اس کا قلب مجھے چرے لیتا ہو، اگر وہ بھلائی دیکھے تو اُسے دبادے اور بُرائی دیکھے تو اُس کا چرچا کرے، یا اللہ! میں تیری پناہ میں آتا ہوں شدتِ فقر سے اور شدتِ محتاجی سے، یا اللہ! میں تیری پناہ میں آتا ہوں ابلیس سے اور اس کے لشکر سے، یا اللہ! میں تیری پناہ میں آتا ہوں عورتوں کے فتنہ سے، یا اللہ! میں تیری پناہ میں آتا ہوں اس سے کہ تو قیامت کے دن مجھ سے منہ پھیر لے، یا اللہ! میں تیری پناہ میں آتا ہوں ہر اُس عمل سے جو مجھے رُسوا کرے، اور تیری پناہ میں آتا ہوں ہر ایسے ساتھی سے جو مجھے تکلیف دے، اور تیری پناہ میں آتا ہوں، ہر ایسے منصوبے سے جو مجھے غافل کردے، اور تیری پناہ میں آتا ہوں ہر ایسے فقر سے جو مجھے ہول میں ڈال دے، اور تیری پناہ میں آتا ہوں ہر ایسی دولت سے جو میرا دماغ چلادے، یا اللہ! میں تیری پناہ میں آتا ہوں فکر کی موت سے، اور تیری پناہ میں آتا ہوں غم کی موت سے۔

المَنْزِلُ السَّابِعُ يَوْمُ الْجُمُعَةِ

ساتویں منزل بروز جمعہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

يَارَبِّ يَارَبِّ يَارَبِّ اَللّٰهُمَّ يَا كَبِيْرُ يَا سَمِيْعُ يَا بَصِيْرُ يَا مَنْ لَّا شَرِيْكَ لَهٗ وَلَا وَزِيْرَ لَهٗ وَيَا خَالِقَ الشَّمْسِ وَالْقَمَرِ الْمُنِيْرِ وَيَا عِصْمَةَ الْبَائِسِ الْخَائِفِ الْمُسْتَجِيْرِ وَيَا رَازِقَ الطِّفْلِ الصَّغِيْرِ وَيَا جَابِرَ الْعَظْمِ الْكَسِيْرِ اَدْعُوْكَ دُعَآءَ الْبَآئِسِ الْفَقِيْرِ كَدُعَآءِ الْمُضْطَرِّ الضَّرِيْرِ اَسْأَلُكَ بِمَعَاقِدِ الْعِزِّ مِنْ عَرْشِكَ وَبِمَفَاتِيْحِ الرَّحْمَةِ مِنْ كِتَابِكَ وَبِالْاَسْمَآءِ الثَّمَانِيَةِ الْمَكْتُوْبَةِ عَلٰى قَرْنِ الشَّمْسِ اَنْ تَجْعَلَ الْقُرْاٰنَ رَبِيْعَ قَلْبِیْ وَجَلَآءَ حُزْنِیْ ؁ (الحزب الاعظم للقاری)

اے میرے پروردگار! اے میرے پروردگار! اے میرے پروردگار! یا اللہ! اے بڑائی والے!

اے سننے والے! اے دیکھنے والے! اے وہ کہ جس کا نہ کوئی شریک ہے اور نہ مشیر! اے آفتاب و ماہتابِ روشن کے پیدا کرنے والے! اور اے مصیبت زدہ، ترساں و پناہ جو کے پناہ! اور اے ننھے بچے کی روزی پہنچانے والے! اور اے ٹوٹی ہوئی ہڈی کے جوڑنے والے! میں تجھ سے درخواست کرتا ہوں مصیبت زدہ محتاج کی سی درخواست، بے قرار آفت زدہ کی سی درخواست، تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے عرش کے بندہائے عزّت کے واسطہ سے، اور تیری کتاب کی کلید ہائے رحمت کے واسطہ سے، اور ان آٹھ ناموں کے واسطہ سے جو رُخِ آفتاب پر لکھے ہوئے ہیں، یہ کہ قرآن کو میرے دِل کی بہار اور میرے غم کی کشائش بنادے۔

رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا كَذَا وَكَذَا* یَا مُوْنِسَ كُلِّ وَحِیْدٍ وَّیَا صَاحِبَ كُلِّ فَرِیْدٍ وَّیَا قَرِیْبًا غَیْرَ بَعِیْدٍ وَّیَا شَاهِدًا غَیْرَ غَآئِبٍ وَّیَا غَالِبًا غَیْرَ مَغْلُوْبٍ یَّا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ یَا نُوْرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَیَا زَیْنَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَا جَبَّارَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَا عِمَادَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَا بَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَیَا قَیَّامَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ یَا صَرِیْخَ الْمُسْتَصْرِخِیْنَ وَمُنْتَهَى الْعَآئِذِیْنَ وَالْمُفَرِّجُ عَنِ الْمَكْرُوْبِیْنَ وَالْمُرَوِّحُ عَنِ الْمَغْمُوْمِیْنَ وَمُجِیْبَ دُعَآءِ الْمُضْطَرِّیْنَ

---

* یہاں مطلوب مباح کا تصور کرے۔

وَيَا كَاشِفَ الْمَكْرُوْبِ يَآ اِلٰهَ الْعَالَمِيْنَ وَيَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ مَنْزُوْلٌ بِكَ كُلُّ حَاجَةٍ ۞ (کنز العمال۔عن انسؓ)

اے ہمارے پروردگار! ہمیں دُنیا میں فلاں فلاں چیز عطا کر، اے غمگسار ہر اکیلے کے! اور اے رفیق ہر تنہا کے! اور اے ایسے قریب جو بعید نہیں! اور اے ایسے حاضر جو غائب نہیں! اور اے ایسے غالب جو مغلوب نہیں! اور یا حی یا قیوم! اے بزرگی اور عظمت والے! اور اے آسمانوں اور زمین کے نور! اور اے آسمانوں اور زمین کی زینت! اے انتظام رکھنے والے آسمانوں اور زمینوں کے! اور اے آسمانوں اور زمین کے تھامنے والے! اور اے آسمانوں اور زمین کے موجد! اور اے آسمانوں اور زمین کے قائم رکھنے والے! اور اے بزرگی اور عظمت والے! اے فریادیوں کے دادرس! اور پناہ مانگنے والوں کی آخری دوڑ! اور اے بے چینوں کے کشائش دینے والے! اور غمزدوں کے راحت دینے والے! اور بے قراروں کی دُعا قبول کرنے والے! اور اے صاحبِ کرب کو شفا دینے والے! اے الٰہ العالمین! اور اے ارحم الراحمین! تیرے ہی سامنے ہر حاجت پیش ہے۔

اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ خَلَّاقٌ عَظِيْمٌ اِنَّكَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ اِنَّكَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ اِنَّكَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ الْبَرُّ الْجَوَادُ الْكَرِيْمُ اغْفِرْ لِيْ وَارْحَمْنِيْ وَعَافِنِيْ وَارْزُقْنِيْ وَاسْتُرْنِيْ وَاجْبُرْنِيْ وَارْفَعْنِيْ وَاهْدِنِيْ وَلَا تُضِلَّنِيْ وَاَدْخِلْنِي الْجَنَّةَ بِرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ اِلَيْكَ رَبِّ فَحَبِّبْنِيْ وَفِيْ نَفْسِيْ لَكَ فَذَلِّلْنِيْ وَفِيْٓ اَعْيُنِ النَّاسِ فَعَظِّمْنِيْ وَمِنْ

سَيِّئِ الْاَخْلَاقِ فَجَنِّبْنِيْ اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ سَأَلْتَنَا مِنْ اَنْفُسِنَا
مَا لَا نَمْلِكُهٗ اِلَّا بِكَ فَاَعْطِنَا مِنْهَا مَا يُرْضِيْكَ عَنَّا ؕ
(کنز الاعمال عن ابن مسعودؓ و ابی ہریرہؓ)

یا اللہ! تو خالقِ اعظم ہے، تو سب کچھ سنتا، سب کچھ جانتا ہے، تو غفور ہے، تو رحیم ہے، تو ہی عرشِ عظیم کا مالک ہے، یا اللہ! تو محسن ہے، صاحبِ جود ہے، صاحبِ کرم ہے، تو مجھے بخش دے اور مجھ پر رحم کر، اور مجھے چین دے، اور مجھے روزی دے، اور میری پردہ پوشی کر، اور میرے نقصان کو پورا کردے، اور مجھے بلندی دے، اور مجھے ہدایت دے، اور مجھے گمراہ نہ کر، اور مجھے جنت میں اپنی رحمت سے داخل کردے، اے ارحم الراحمین! اے میرے پروردگار! مجھے اپنا بنالے، اور میرے دِل میں اپنے مقابلہ میں فرمانبرداری ڈال دے، اور لوگوں کی نظر میں مجھے معزّز کردے، اور بُرے اخلاق سے مجھے بچادے، یا اللہ! تو نے ہماری ذات سے اُن اعمال کو طلب کیا ہے جن پر ہم کوئی اختیار بغیر تیری توفیق کے نہیں رکھتے، تو تو ہمیں ان میں سے اس عمل کی توفیق دے دے، جو تجھے ہم سے رضامند کردے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْأَلُكَ اِيْمَانًا دَآئِمًا وَّاَسْأَلُكَ قَلْبًا خَاشِعًا وَّ
آپ ﷺ کے عزم میں کوئی کمزوری آئی، وہ آپ کی وحی کو محفوظ کرنے والے تھے، آپ کے عہد کی حفاظت کرنے والے تھے، آپ کے اَحکام کے نافذ کرنے میں سب کچھ کر گزرے تھے، یہاں تک کہ آپ ﷺ نے روشنی حاصل کرنے والوں کے لئے روشنی کا شعلہ روشن کردیا، اللہ تعالیٰ کی نعمتیں پہنچادیتی ہیں اس کے اہل کو ان کے اسباب تک۔ آپ ﷺ کے ذریعہ دِلوں کو ہدایت نصیب ہوئی، فتنوں اور گناہوں کے سیلاب کے بعد، اور آپ ﷺ نے راہ سیدھی کردی واضح کرنے والے نشانات کی، اسلام کی روشن قندیلوں کی اور چمکتے ہوئے اَحکام کی، پس آنحضرت ﷺ آپ کے لائقِ اعتماد امین ہیں، اور آپ کے مخزونِ علم کے خازن ہیں، اور قیامت کے دن آپ کے مقرّر کئے ہوئے گواہ ہیں، اور آپ ﷺ ایسی شخصیت ہیں جن کو آپ نے نعمت بنا کر بھیجا، اور آپ کے رسولِ برحق ہیں جن کو رحمت بنا کر بھیجا۔ اے اللہ! اپنی جنتِ عدن میں آپ ﷺ کو کشادہ جگہ مرحمت فرما اور آپ ﷺ کو اپنے فضل وکرم سے کئی گنا جزائے خیر عطا فرما، جو آپ ﷺ کے لئے نہایت خوشگوار ہو، ان میں ذرا سی کدورت نہ ہو۔ آپ ﷺ کو اپنے لائقِ رشک ثواب کی کامیابی عطا فرما، اور ان پر اپنی بلند پایہ بڑی عطائیں مکرّر مبذول فرما۔ اے اللہ! آپ ﷺ کی عمارت کو تمام عمارت والوں کی عمارتوں سے اُونچا کردے، اور آپ ﷺ کو اپنے پاس نہایت اکرام کا ٹھکانا اور مہمانی عطا فرما، اور آپ ﷺ کے نور کو پورا کردے، اور آپ ﷺ کو جزا عطا فرما، جب سے آپ نے آنحضرت ﷺ کو اس طرح مبعوث فرمایا کہ آپ ﷺ کی شہادت مقبول تھی، آپ ﷺ کے

ارشادات پسندیدہ تھے، آپ ﷺ عدل کے ساتھ کلام فرماتے تھے، فیصلہ کن بات کہتے تھے، اور پُرعظمت حجت و برہان کے مالک تھے۔

٦٦-١ اے اللہ! ہم کو آپ ﷺ کی بات سننے والے، آپ ﷺ کی اطاعت کرنے والے، آپ ﷺ کے مخلص دوست اور آپ ﷺ کے رفقائے مصاحبین بنا۔ اے اللہ! اور ہماری طرف سے آپ ﷺ کو سلام پہنچادے، اور آپ ﷺ کے سلام کا جواب ہمیں عطا فرما۔ (حافظ سخاوی کا کلام ختم ہوا)

٦٧ بے شک اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے رحمت بھیجتے ہیں ان پیغمبر پر، اے ایمان والو! تم بھی آپ پر رحمت بھیجا کرو اور خوب سلام بھیجا کرو۔

(ترجمہ حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ)

٦٧-١ اے اللہ! اے میرے رَبّ! میں آپ کے ارشاد پر لبیک کہتا ہوں اور تعمیلِ ارشاد کے لئے حاضر ہوں، احسان کرنے والے، رحم کرنے والے اللہ کی رحمتیں ہوں، اور ملائکۂ مقرّبین کی اور انبیائے کرام کی، اور صدیقین، شہداء اور صالحین کی، اور وہ تمام چیزیں جو تیری تسبیح کہتی ہیں، اے رَبّ العالمین! (ان سب کی دُعائے رحمت ہو) حضرت محمد بن عبداللہ ﷺ پر، جو نبیوں کے خاتم ہیں، رسولوں کے سردار ہیں، متقیوں کے امام ہیں، رَبّ العالمین کے رسول ہیں، گواہی دینے والے، بشارت دینے والے اور آپ کی طرف آپ کے حکم سے بلانے والے ہیں، سراجِ منیر ہیں اور آپ ﷺ پر سلام ہو۔

٦٨ اے اللہ! حضرت محمد ﷺ کی شفاعتِ کبریٰ قبول فرما، اور آپ کے بلند درجے کو مزید بلند فرما، اور دُنیا و آخرت میں آپ ﷺ کی ہر درخواست کو منظور فرما، جیسا کہ آپ نے دیا حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کو۔

٦٩ اے اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر اور آپ ﷺ کے اہلِ بیت پر اور آپ ﷺ کی ازواج و ذُرّیت پر، جیسا کہ آپ نے رحمت نازل فرمائی حضرت ابراہیم علیہ السلام اور آلِ ابراہیم علیہ السلام پر، بے شک آپ لائقِ حمد ہیں، بزرگی والے ہیں۔ اور برکت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر اور آپ ﷺ کے اہلِ بیت پر، اور آپ ﷺ کی ازواج اور آپ ﷺ کی ذُرّیت پر، جیسا کہ آپ نے برکت نازل فرمائی حضرت ابراہیم علیہ السلام پر اور آلِ ابراہیم علیہ السلام پر، بے شک آپ لائقِ حمد ہیں، بزرگی والے ہیں۔

٧٠ اے اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد نبیٔ اُمی علیہ السلام پر۔

٧١ سلام ہو اللہ تعالیٰ کے نبی پر، سلام ہو اللہ تعالیٰ کے نبیوں اور رسولوں پر، سلام ہو رسول اللہ پر، سلام ہو حضرت محمد بن عبداللہ ﷺ پر، سلام ہو ہم پر اور مؤمن مردوں اور عورتوں پر، جو ان میں سے غائب ہیں اور جو حاضر ہیں، اے اللہ! حضرت محمد ﷺ کی بخشش فرما، اور آپ ﷺ کی شفاعت کو قبول فرما، اور آپ ﷺ کے اہلِ بیت کی مغفرت فرما، اور میری اور میرے والدین کی اور ان کی اولاد کی مغفرت فرما اور ان پر رحم فرما، سلام ہو آپ ﷺ پر اے نبی! اور اللہ تعالیٰ کی رحمتیں اور برکتیں ہوں۔

۷۲ سلام ہو آپ پر اے نبی! اللہ تعالیٰ کی جانب سے رحمت و برکت ہو، اور ہم پر لازم ہے کہ ہم اپنے نبی ﷺ پر صلوٰۃ بھیجیں اور خوب خوب سلام بھیجیں، اللہ تعالیٰ آپ ﷺ پر صلوٰۃ وسلام نازل فرمائیں۔

۷۳ اے اللہ! میں سوال کرتا ہوں آپ سے بطفیل آپ سے مانگے جانے والے افضل ترین سوال کے، اور بطفیل آپ کے اس اسم پاک کے جو اپنے اسمائے مبارکہ میں سے آپ کو سب سے زیادہ محبوب ومکرّم ہے، اور بطفیل اس کے جو آپ نے ہم پر احسان فرمایا، ہمارے نبی حضرت محمد ﷺ کے ذریعہ، اور ان ﷺ کے ذریعہ آپ نے ہمیں گمراہی سے بچالیا اور آپ نے ہمیں ان پر دُرود شریف پڑھنے کا حکم فرمایا، اور آپ نے ہمارے دُرود شریف پڑھنے کو درجہ اور کفارہ اور لطف و احسان کا ذریعہ بنایا اپنی عطا سے، پس میں آپ سے دُعا کرتا ہوں تعظیم کرتے ہوئے آپ کے حکم کی، اور پیروی کرتے ہوئے آپ کی وصیت کی، اور پورا کرنے کے لئے آپ کے موعود کو اس چیز کے ساتھ جو ہم پر ہمارے نبی ﷺ کے لئے آپ ﷺ کے اس حق کے ادا کرنے میں ہمارے ذمہ واجب ہے، اور آپ نے حکم فرمایا بندوں کو آپ ﷺ پر دُرود شریف پڑھنے کا بطور فریضے کے جو آپ نے ان پر فرض کردیا ہے، پس ہم آپ سے سوال کرتے ہیں آپ کے چہرے کے جلال اور آپ کے نورِ عظمت کے طفیل کہ آپ اور آپ کے فرشتے رحمت بھیجیں حضرت محمد ﷺ پر، جو آپ کے بندے، آپ کے رسول، آپ کے نبی اور آپ کے برگزیدہ ہیں، افضل سے افضل رحمت جو آپ نے اپنی مخلوق میں سے کسی پر بھی بھیجی ہو، بے شک آپ لائقِ

حمد ہیں، بزرگی والے ہیں۔ اے اللہ! آپ ﷺ کے درجے کو بلند فرما، آپ ﷺ کے مقام کی تکریم فرما، آپ ﷺ کی میزان کو بھاری فرما، آپ ﷺ کو ثوابِ عظیم عطا فرما، آپ ﷺ کی حجت کو غالب کر، آپ ﷺ کی ملت کو ظاہر فرما، آپ ﷺ کے نور کو روشن فرما، آپ ﷺ کی ذُرّیت اور اہلِ بیت کو ایسی چیز پر ہمیشہ قائم و دائم رکھ جس سے آپ ﷺ کی آنکھیں ٹھنڈی ہوں، اور آپ ﷺ کو عظمت عطا فرما ان انبیائے کرام میں جو آپ ﷺ سے پہلے ہو گزرے۔ اے اللہ! حضرت محمد ﷺ کو ایسا بنا کہ آپ ﷺ کے پیروکار تمام نبیوں سے زیادہ ہوں، آپ ﷺ کی طاقت ان سب سے بڑھ کر ہو، آپ ﷺ کی کرامت اور نور ان سب سے افضل ہو، آپ ﷺ کا درجہ ان سب سے اُونچا ہو، جنت میں آپ ﷺ کی منزل ان سب سے کشادہ ہو، آپ ﷺ ان سب سے ثواب میں افضل ہوں، مجلس میں سب سے اقرب ہوں، مقام میں سب سے ثابت قدم ہوں، کلام میں سب سے زیادہ دُرست گو ہوں، سوال میں سب سے زیادہ کامیاب ہوں، تیرے پاس آپ ﷺ کا حصہ سب سے افضل ہو، تیرے پاس کی چیزوں میں سب سے زیادہ رغبت رکھنے والے ہوں، اور فردوسِ بریں کے اعلیٰ ترین بالاخانوں میں آپ ﷺ کو اُتار۔ اے اللہ! بنا حضرت محمد ﷺ کو سب سے زیادہ سچ کہنے والے، سب سے زیادہ کامیاب سوال کرنے والے، سب سے پہلے شفاعت کرنے والے، اور سب سے افضل جس کی شفاعت قبول کی گئی ہو۔ اور آپ ﷺ کو شفیع بنا آپ ﷺ کی اُمت کے حق میں، ایسی شفاعت کے ساتھ جس پر اوّلین و آخرین رشک کریں، اور

جب آپ، اپنے بندوں کے درمیان فیصلہ کرنے کے لئے چھانٹی کریں تو حضرت محمد ﷺ کو ان لوگوں میں سے بنا جو سب سے زیادہ سچ کہنے والے ہوں، سب سے زیادہ نیکوکار ہوں، اور سب سے زیادہ راہِ ہدایت پانے والے ہوں۔ اے اللہ! ہمارے نبی ﷺ کو ہمارے لئے پیش رو بنا، اور آپ ﷺ کے حوض کو ہماری حاضری کی جگہ بنا۔ اے اللہ! آپ ﷺ کے گروہ اور آپ ﷺ کی جماعت میں ہمارا حشر فرما، ہمیں آپ ﷺ کی سنت پر عمل کرنے کی توفیق ارزانی فرما، ہمیں آپ ﷺ کی ملت پر وفات دے۔ اے اللہ! ہمیں اور ہمارے نبی ﷺ کو جمع کردیجئے، جیسا کہ ہم آپ ﷺ پر ایمان لائے ہیں اور آپ ﷺ کی زیارت نہیں کی، اور ہمارے اور آپ ﷺ کے درمیان جدائی نہ ہو یہاں تک کہ آپ ہمیں داخل فرمادیں آنحضرت ﷺ کے داخل ہونے کی جگہ (بہشت میں) اور ہمیں آپ ﷺ کے رفقاء میں شامل فرمادیجئے نبیوں، صدیقوں، شہیدوں اور صالحین کے ساتھ، اور کیا ہی خوب رفیق ہیں یہ حضرات۔ اے اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر جو ہدایت کے نور ہیں، خیر کے قائد ہیں، رُشد کی دعوت دینے والے ہیں، نبیِّ رحمت ہیں، متقیوں کے امام ہیں، اور ربّ العالمین کے رسول ہیں، جیسا کہ آپ ﷺ نے پہنچائے آپ کے پیغامات، اور تلاوت کی آپ کی آیات کی، اور خیرخواہی کی آپ کے بندوں کی، اور قائم کیں آپ کی حدود، اور وفا کیا آپ کا عہد، اور نافذ کیا آپ کا حکم، اور حکم دیا آپ کی اطاعت کا، اور منع کیا آپ کی نافرمانیوں سے، اور دوستی رکھی آپ کے دوست سے، جس کی دوستی کو آپ محبوب رکھتے ہیں، اور

دُشمنی کی آپ کے دُشمن سے، جس سے دُشمنی کو آپ محبوب رکھتے ہیں، اللہ تعالیٰ رحمتیں نازل فرمائیں حضرت محمد ﷺ پر۔ اے اللہ! رحمت نازل فرما آپ ﷺ کے جسدِ مبارک پر اَجساد میں، اور آپ ﷺ کی رُوحِ مبارک پر اَرواح میں، اور آپ ﷺ کے ٹھہرنے کی جگہ پر مواقف میں، اور آپ ﷺ کی حاضری کی جگہ پر مشاہد میں، اور آپ ﷺ کے ذکر پر جبکہ آپ ﷺ کا ذکر کیا جائے، دُرود وسلام ہو ہماری جانب سے ہمارے نبی ﷺ پر۔ اے اللہ! پہنچادے آپ ﷺ کو ہمارا سلام، جبکہ آپ ﷺ کا ذکر کیا جائے، والسلام علیک ایھا النبی ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ اے اللہ! رحمت نازل فرما اپنے مقرّب فرشتوں پر، اپنے پاک نبیوں پر، اپنے بھیجے ہوئے رسولوں پر، اپنے عرش کے حاملین پر، سب پر۔ جبریل و میکائیل اور اسرافیل اور ملک الموت پر، اور رضوان اور مالک پر، اور رحمت بھیج کراماً کاتبین پر، اور اپنے نبی ﷺ کے اہلِ بیت پر، اور ان کو عطا کر سب سے افضل چیز جو آپ نے عطا فرمائی ہو انبیائے کرام میں سے کسی کے اہلِ بیت کو، اور جزا دے اپنے نبی ﷺ کے اصحاب کو سب سے افضل جزا جو آپ نے عطا فرمائی ہو انبیائے کرام میں سے کسی کے اصحاب کو۔ اے اللہ! میری مغفرت فرما، اور مؤمن مردوں اور عورتوں کی، زندوں کی بھی اور مُردوں کی بھی، اور مغفرت فرما ہمارے ان بھائیوں کی جو ہم سے پہلے گزر چکے ایمان کے ساتھ، اور نہ ڈال ہمارے دِلوں میں کینہ ان لوگوں کی جانب سے جو ایمان لائے ہیں، اے پروردگار! آپ بہت ہی شفیق ہیں، بہت رحم کرنے والے ہیں۔

۷۴ اے اللہ! رحمت نازل فرما، حضرت محمد ﷺ پر جیسا کہ آپ نے رحمت نازل فرمائی آلِ ابراہیم علیہ السلام پر۔ اے اللہ! برکتیں نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر، جیسا کہ آپ نے برکتیں نازل فرمائیں آلِ ابراہیم علیہ السلام پر، بے شک آپ لائقِ حمد ہیں، بزرگی والے ہیں۔ اے اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر، جو آپ کے بندے اور رسول ہیں، سلام ہو آپ ﷺ پر اور اللہ تعالیٰ کی رحمتیں اور اس کی برکتیں۔

۷۵ اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے رحمتیں بھیجیں حضرت محمد ﷺ پر، سلام ہو آپ ﷺ پر اے نبی! اور اللہ تعالیٰ کی رحمت۔

۷٦ اے اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر، جو نبیٔ اُمی ہیں، اور آپ ﷺ کی آل پر، اور سلام نازل فرما خوب خوب سلام بھیجنا۔

۷۷ تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لئے ہیں، اور رحمت نازل ہو رسول اللہ ﷺ پر، اور اللہ تعالیٰ رحمت نازل فرمائیں حضرت محمد ﷺ پر۔

۷۸ اے اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر اَوّلین میں، اور رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر آخرین میں، اور رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر قیامت تک۔ اے اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر درآنحالیکہ آپ ﷺ نوجوان تھے، اور رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر درآنحالیکہ آپ ﷺ پختہ عمر کے پسندیدہ اخلاق تھے، اور رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر درآنحالیکہ آپ ﷺ رسول نبی تھے۔ اے اللہ! رحمت بھیج حضرت محمد ﷺ پر یہاں تک کہ آپ راضی ہو جائیں، اور رحمت بھیج حضرت

محمد ﷺ پر اپنے راضی ہونے کے بعد بھی، اور رحمت بھیج حضرت محمد ﷺ پر ہمیشہ ہمیشہ۔ اے اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر جیسا کہ آپ نے ان پر رحمت بھیجنے کا حکم فرمایا ہے، اور رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر جیسا کہ آپ چاہتے ہیں کہ ان پر رحمت بھیجی جائے۔ اے اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر بہ تعداد اپنی مخلوق کے، اور رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر اپنی رضا کے بقدر۔ اے اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر اپنے عرش کے وزن کے برابر، اور رحمت نازل حضرت محمد ﷺ پر اپنے نہ ختم ہونے والے کلمات کی روشنائی کے مطابق۔ اے اللہ! آنحضرت ﷺ کو مقامِ وسیلہ، فضل اور فضیلت اور درجۂ رفیعہ عطا فرما۔ اے اللہ! آنحضرت ﷺ کی برہان کو عظمت دے، آپ ﷺ کی حجت کو کامیاب بنا، آپ ﷺ کے اہلِ بیت اور اُمت کے بارے میں آپ ﷺ کی مراد پوری فرما۔ اے اللہ! نازل فرما اپنی عنایتیں اپنی برکتیں، اپنی شفقت اور اپنی رحمت حضرت محمد ﷺ پر، جو آپ کے محبوب اور برگزیدہ ہیں، اور آپ ﷺ کے اہلِ بیت پر جو پاک اور پاکیزہ ہیں۔ اے اللہ! رحمت بھیج حضرت محمد ﷺ پر، اس سے افضل رحمت جو آپ نے بھیجی ہو اپنی مخلوق میں سے کسی پر، اور برکتیں نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر اسی کی مثل، اور رحم فرما حضرت محمد ﷺ پر اسی کی مثل۔ اے اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر رات میں جب وہ ڈھانک لے، اور رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر دن میں جب وہ روشن ہو جائے، اور رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر آخرت میں اور دُنیا میں۔ اے اللہ! رحمت نازل فرما

حضرت محمد ﷺ پر کامل رحمت، اور سلام نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر کامل سلام۔ اے اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر جو خیر کے امام، خیر کے قائد اور رسولِ رحمت ہیں۔ اے اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر جو نبیٔ اُمی ہیں، عربی، قریشی، ہاشمی، ابطحی، تہامی، مکی ہیں، صاحبِ تاج وعصا، صاحبِ جہاد وغنیمت، صاحبِ خیر وغلہ، صاحبِ سرایا وعطایا، صاحبِ آیات ومعجزات وعلاماتِ باہرات ہیں، صاحبِ مقامِ محمود، صاحبِ حوضِ مورود اور صاحبِ شفاعت وسجود ہیں، رَبِّ محمود کے سامنے۔ اے اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر، بہ تعداد ان لوگوں کے جو آپ ﷺ پر صلوٰۃ بھیجیں، اور بہ تعداد ان لوگوں کے جو آپ ﷺ پر صلوٰۃ نہ بھیجیں۔

۷۹ اے اللہ! مبذول فرما اپنی رحمتیں اور برکتیں حضرت محمد ﷺ پر، جیسا کہ آپ نے مبذول فرمائیں حضرت ابراہیم علیہ السلام پر، بے شک آپ لائقِ حمد ہیں، بزرگی والے ہیں۔ سلام ہو آپ پر اے نبی! اور اللہ تعالیٰ کی رحمت اور برکتیں، اور مغفرت اور رضامندی۔ اے اللہ! بنایئے حضرت محمد ﷺ کو ان حضرات میں سے جو آپ کے بندوں میں آپ کے نزدیک سب سے زیادہ معزّز ہیں، اور آپ کے نزدیک سب سے زیادہ بلند درجہ ہیں، اور سب سے زیادہ شان والے ہیں، اور سب سے زیادہ آپ کے یہاں شفاعت کرنے والے ہیں۔ اے اللہ! اور آپ ﷺ کے تابع بنا آپ ﷺ کی اُمت اور ذُرّیت میں سے جس قدر کہ آپ ﷺ کی آنکھیں ٹھنڈی ہو جائیں، اور آپ ﷺ کو ہماری طرف سے بہتر سے بہتر جزا عطا فرما جو

آپ نے کسی نبی کو اس کی اُمت کی طرف سے عطا فرمائی ہو، اور تمام انبیائے کرام کو بہترین جزا عطا فرما، اور سلام ہو رسولوں پر، اور تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جو رَبّ ہے سارے جہانوں کا۔

۸۰ یا اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر، اور حضرت محمد ﷺ کی آل پر، اور آپ ﷺ کے احباب پر، اور آپ ﷺ کی اولاد پر، اور آپ ﷺ کے اہلِ بیت پر، اور آپ ﷺ کی ذُرّیت پر، اور آپ ﷺ سے محبت رکھنے والوں پر، اور آپ ﷺ کے پیروکاروں پر، اور آپ ﷺ کے گروہ پر، اور ہم پر بھی ان کے ساتھ، اے ارحم الراحمین!

۸۱ اے اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر اور آپ ﷺ کی آل و اصحاب پر، آپ ﷺ کی اولاد و ازواج پر، آپ ﷺ کی ذُرّیت اور اہلِ بیت پر، آپ ﷺ کے اَصہار و اَنصار پر، اور آپ ﷺ کے گروہ پر، آپ ﷺ سے محبت رکھنے والوں پر، آپ ﷺ کی اُمت پر، اور ان کے ساتھ ہم سب پر بھی، اے ارحم الراحمین!

۸۲ اے اللہ! جو مالک ہے اس سچی دعوت کا، اور قائم ہونے والی نماز کا، رحمت نازل فرما اپنے بندے اور رسول حضرت محمد ﷺ پر، اور پہنچا آپ کو مقامِ وسیلہ پر جنت میں۔

۸۳ میں اللہ تعالیٰ کی عبادت کرتا ہوں، اس کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہیں ٹھہراتا، اللہ تعالیٰ میرا رَبّ ہے، میں اس کا بندہ ہوں، اے رَبّ! مجھے شکر گزار بندوں میں شامل فرما، اور تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لئے ہیں، جو

رَبّ ہے تمام جہانوں کا، میں اللہ تعالیٰ سے دُعا کرتا ہوں، میں رحمٰن سے دُعا کرتا ہوں، اے اللہ! میں آپ کے تمام اسمائے حسنیٰ کے ساتھ دُعا کرتا ہوں، آپ کے سوا کوئی معبود نہیں، آپ پاک ہیں، کہ رحمت نازل فرمایئے حضرت محمد ﷺ پر اور آلِ محمد ﷺ پر، جیسا کہ آپ نے رحمت نازل فرمائی حضرت ابراہیم علیہ السلام پر، بے شک آپ لائقِ حمد ہیں، بزرگی والے ہیں، اور سلام ہو آپ ﷺ پر اور اللہ تعالیٰ کی رحمت۔ اے اللہ! میں آپ سے مانگتا ہوں آپ کی رضامندی اور جنت، اے میرے رَبّ! تو مجھ سے راضی ہوجا اور مجھ کو راضی کردے، اور مجھے جنت میں داخل کردے، اور مجھے اس کی پہچان کرادے، اے میرے رَبّ! میرے تمام گناہ بخش دے، میری توبہ قبول فرما، اور مجھے دوزخ کے عذاب سے بچا، اے میرے رَبّ! میرے والدین پر رحم فرما، جیسا کہ انہوں نے میری پرورِش کی میرے بچپن میں، اے میرے رَبّ! میری مغفرت فرما اور مؤمن مردوں اور عورتوں کی، جس دن قائم ہوگا حساب، بے شک آپ جانتے ہیں ان کے لوٹنے کی جگہ کو اور ان کے ٹھکانے کو۔

٨٤ اے اللہ! جو رَبّ ہے شہرِ حرام کا، مشعرِ حرام کا، رُکن اور مقام کا اور رَبّ ہے حل وحرم کا، حضرت محمد ﷺ کو میرا اسلام پہنچادے۔

٨٥ اے اللہ! رحمت فرما حضرت محمد ﷺ اور ہمارے باپ حضرت ابراہیم علیہ السلام پر۔

٨٥-١ اے اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر اور اپنے خلیل حضرت ابراہیم علیہ السلام پر۔

۸۶ اے اللہ! رحمت نازل فرما حضرت آدم ﷺ پر، جو آپ کی تخلیق کا عجیب نمونہ ہے، آپ کی قدرت کی زبان ہے، آپ کی زمین پر خلیفہ ہیں، آپ کی بندگی بجا لانے والے ہیں، آپ کے ذمہ کی پناہ لینے والے ہیں آپ کے مضبوط عذاب سے بچنے کے لئے، آپ کی عزّت کے سامنے آپ کے حرم میں تذلل اختیار کرتے ہوئے اپنے سر کے بالوں کو گھسیٹنے والے ہیں، اور مٹی سے پیدا کئے جانے والے ہیں، پس انہوں نے کلام فرمایا آپ کی وحدانیت کو بیان کرتے ہوئے، اور وہ پہلے شخص ہیں جنھوں نے آپ کی رحمت سے توبہ کے دامن میں پناہ لی، اور رحمت نازل فرما ان کے بیٹے (حضرت محمد ﷺ) پر جو آپ کے برگزیدہ بندوں میں خاص چنے ہوئے بندے ہیں، آپ کی عبادت کرنے والے، آپ کے پوشیدہ رازوں کے امین ہیں، اس وجہ سے کہ آپ نے ان کو اپنی خاص نعمت و مدد سے نوازا، اور ان دونوں حضرات کے درمیان جو نبی، صدیق، شہداء اور بزرگ حضرات ہوئے ہیں، ان سب پر اپنی رحمت نازل فرما۔ یا اللہ! میں آپ سے اپنی اس حاجت کا سوال کرتا ہوں جو یا تو مجھے معلوم ہے یا آپ کو، آپ کے سوا اس کو کوئی نہیں جانتا، اور اللہ تعالیٰ رحمت نازل فرمائے حضرت محمد ﷺ پر اور آپ ﷺ کی آل و اصحاب پر اور سلام بھیجے خوب سلام۔

۸۷ تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لئے ہیں، جو عزّت و کبریائی کا مالک ہے، اور اللہ تعالیٰ رحمت نازل فرمائے حضرت محمد خاتم الانبیاء ﷺ پر۔

۸۸ اے اللہ! حضرت محمد ﷺ پر ایسی رحمت نازل فرما جس سے دُنیا بھر جائے اور جس سے آخرت بھر جائے، اور حضرت محمد ﷺ پر ایسی برکتیں نازل فرما جن سے دُنیا بھر جائے اور جن سے آخرت بھر جائے، اور حضرت محمد ﷺ پر ایسا رحم فرما جس سے دُنیا بھر جائے اور جس سے آخرت بھر جائے، اور سلام بھیج حضرت محمد ﷺ پر جس سے دُنیا بھر جائے اور جس سے آخرت بھر جائے۔

۸۹ اے اللہ! آپ کے لئے حمد ہے جیسا کہ آپ اس کے اہل ہیں، پس آنحضرت ﷺ پر ایسی رحمت نازل فرمایئے جس کے آپ اہل ہیں، اور ہمارے ساتھ وہ معاملہ فرمایئے جس کے آپ اہل ہیں، کیونکہ آپ اس کے اہل ہیں کہ آپ سے ڈرا جائے، اور مغفرت کے اہل ہیں۔

۹۰ اللہ عزّ وجل رحمت نازل فرمائے ہمارے نبی حضرت محمد ﷺ پر، جب کبھی آپ ﷺ کا ذکر کریں ذکر کرنے والے، اور غافل ہوں آپ ﷺ کے ذکر سے غافل لوگ، اور اللہ تعالیٰ رحمت فرمائے آپ ﷺ پر اوّلین اور آخرین میں، اس سے افضل اور اکثر جو اللہ تعالیٰ نے نازل فرمائی ہو اپنی مخلوق میں سے کسی پر، اور ہمیں پاک فرمائے دُرود شریف کی برکت سے، سب سے افضل جو پاک کیا ہو کسی کو آپ ﷺ کی اُمت میں سے، آپ ﷺ پر صلوٰۃ و سلام ہو، اور اللہ تعالیٰ کی رحمتیں اور برکتیں ہوں، اور اللہ تعالیٰ آپ ﷺ کو اس سے بہتر جزا دے جو کسی رسول کو اس کی اُمت کی طرف سے دی گئی ہو، کیونکہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں آپ ﷺ ہی کے طفیل ہلاکت سے نکالا، اور ہمیں خیرِ اُمت

میں سے بنایا، جو لوگوں کے (نفع) کے لئے نکالی گئی ہے، ہم اللہ تعالیٰ کے اس پسندیدہ دین کو اختیار کئے ہوئے ہیں جس کے لئے اللہ تعالیٰ نے چن لیا اپنے فرشتوں کو اور ان بندوں کو جن پر اِنعام فرمایا اپنی مخلوق میں سے، پس ہم کو کوئی ظاہری یا باطنی نعمت نہیں پہنچتی کہ ہمارے لئے اس میں حصہ ہو دین میں یا دُنیا میں، اور اس نعمت کے ذریعہ کسی مکروہ کو دفع کیا جائے دین و دُنیا دونوں میں یا ان میں سے کسی ایک میں، مگر حضرت محمد ﷺ ہی اس کا سبب ہیں، جو اس کے خیر کی طرف قائد ہیں، اور جو اس کے رُشد اور بھلائی کی طرف راہنمائی کرنے والے ہیں، اور جو ہلاکت سے اور خلافِ رُشد بُرائی کے موقعوں سے ہٹانے والے ہیں، ان اسباب پر تنبیہ کرنے والے ہیں جو ہلاکت میں ڈالتے ہیں، راہنمائی کرنے والے اور ڈرانے میں نصیحت و خیرخواہی کا حق ادا کرنے والے ہیں، اور اللہ تعالیٰ ہمارے آقا حضرت محمد ﷺ پر اور آپ ﷺ کی آل پر صلوٰۃ وسلام نازل فرمائے، جیسا کہ اس نے رحمت نازل فرمائی حضرت ابراہیم علیہ السلام اور آلِ ابراہیم علیہ السلام پر، بے شک وہ لائقِ حمد ہے، بزرگی والا ہے۔

۹۱ اے اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر، جیسا کہ آپ نے ہمیں حکم فرمایا کہ ہم آپ ﷺ پر دُرود شریف بھیجا کریں، اے اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر، جس کے آپ ﷺ اہل ہیں، اے اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر جیسا کہ آپ محبوب رکھتے ہیں اور پسند کرتے ہیں آنحضرت ﷺ کے لئے۔

۹۱-۱ اے اللہ! رحمت نازل فرما رُوحِ محمد ﷺ پر اَرواح میں، اور

جسدِ محمد ﷺ پر اَجساد میں، اور قبرِ محمد ﷺ پر قبور میں۔

۹۲ اے اللہ! اے رَبّ اس دعوت کے جو سنی گئی اور جس کو قبول کیا گیا، رحمت نازل فرمائیے حضرت محمد ﷺ پر اور آلِ محمد ﷺ پر، اور ہماری شادی کردیجئے حورِ عین سے۔

۹۳ اور رحمت فرمائے اللہ تعالیٰ حضرت محمد ﷺ اور آپ ﷺ کی آل پر اور بکثرت سلام نازل فرمائے، یہی میرے کلام کا خاتمہ ہے، اور یہی اس کا آغاز ہے، اور اللہ تعالیٰ رحمت نازل فرمائے اپنے تمام نبیوں اور رسولوں پر، آمین یا رَبّ العالمین، اے اللہ! ہمیں آنحضرت ﷺ کے حوضِ کوثر پر لے جائیے، اور ہمیں آپ ﷺ کے جام سے ایسا مشروب پلائیے جو سیراب کرنے والا ہو، خوشگوار ہو، مزے دار ہو، جس کے بعد ہمیں کبھی پیاس نہ لگے، اور ہمیں آپ ﷺ کے گروہ میں اُٹھائیے، درآنحالیکہ ہم نہ رُسوا ہوں، نہ عہد شکنی کرنے والے، نہ شک میں پڑنے والے، نہ بُرائی سے یاد کئے گئے، نہ ہم پر غضب ہو، نہ گمراہ ہوں۔

۹۴ اے اللہ! رحمت بھیج اپنے انبیائے مرسلین اور ملائکۂ مقرّبین پر، خواہ وہ آسمان والے ہوں یا زمین والے، بے شک آپ ہر چیز پر قادر ہیں۔

۹۵ سلام ہو آپ پر یا رسول اللہ! سلام ہو آپ پر یا نبی اللہ! سلام ہو آپ پر اے اللہ کے برگزیدہ! سلام ہو آپ پر اے اللہ کی مخلوق میں سب سے بہتر! سلام ہو آپ پر اے اللہ کے حبیب! سلام ہو آپ پر اے رسولوں کے سردار! سلام ہو آپ پر اے نبیوں کے ختم کرنے والے! سلام ہو آپ پر

اے رسولِ رَبّ العالمین! سلام ہو آپ پر اے روشن چہروں اور روشن ہاتھ پاؤں والوں کے قائد! سلام ہو آپ پر اے خوشخبریاں دینے والے! سلام ہو آپ پر اے (عذابِ الٰہی سے) ڈرانے والے! سلام ہو آپ پر اور آپ کے اہلِ بیت طاہرین پر، سلام ہو آپ پر اور آپ کی ازواجِ مطہرات اُمہات المؤمنینؓ پر، سلام ہو آپ پر اور آپ کے تمام اصحابؓ پر، سلام ہو آپ پر اور تمام انبیائے مرسلین اور اللہ تعالیٰ کے تمام نیک بندوں پر، یا رسول اللہ! اللہ تعالیٰ آپ کو ہماری طرف سے اس سے بہتر جزا عطا فرمائیں جو کسی نبی کو اس کی قوم کی طرف سے اور کسی رسول کو اس کی اُمت کی طرف سے عطا فرمائی ہو، اللہ تعالیٰ آپ پر رحمت بھیجیں جب کبھی ذکر کریں آپ کا ذکر کرنے والے، اور جب کبھی غافل ہوں آپ کے ذکر سے غافل لوگ، اور اللہ تعالیٰ آپ پر رحمت بھیجیں اَوّلین میں، اور آپ پر رحمت بھیجیں آخرین میں، اس سے افضل اور اکمل اور اطیب جو رحمت بھیجی ہو اللہ تعالیٰ نے اپنی ساری مخلوق میں سے کسی پر، جیسا کہ آپ کے ذریعہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں نکالا گمراہی سے، اور آپ کے ذریعہ ہمیں بصیرت عطا فرمائی اندھے پن اور جہالت سے بچا کر، میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں، اور میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ اس کے بندے، اور اس کے رسول اور اس کی مخلوق میں سب سے برگزیدہ ہیں، اور میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ ﷺ نے پیغامِ الٰہی ٹھیک پہنچایا، اور امانت کا حق ادا کردیا، اور اُمت سے کمال درجے کی خیر خواہی فرمائی، اور اللہ تعالیٰ کے راستے میں جہاد کا حق ادا کردیا۔ اے اللہ!

آپ ﷺ کو وہ کچھ عطا فرما جس کی اُمید کرنے والوں کو اُمید کرنی چاہئے۔

۹۵-۱ اللہ تعالیٰ رحمت نازل فرمائیں حضرت محمد ﷺ پر، اس سے افضل جو رحمت فرمائی ہو حضراتِ انبیائے کرام علیہم السلام میں سے کسی پر، اور بلند فرمائے آپ ﷺ کا درجہ اعلیٰ علیّین میں، اور آپ ﷺ کو مقامِ وسیلہ اور مقامِ محمود اور شفاعتِ عظمیٰ عطا فرمائیں، جیسا کہ بنایا آپ ﷺ کو رحمۃ للعالمین، اور آپ ﷺ کو خوش وقت کریں اپنے عطیات کے ساتھ، اور زیادہ کریں ان عطیات کو جو آپ ﷺ کو عطا کئے اور مرحمت فرمائے، اور پے در پے رکھیں اپنے پاس آپ ﷺ کے مواہب و عطیات کو، اور ہمیں سعادت عطا فرمائیں آپ ﷺ کی شفاعتِ کریمہ سے قیامت کے دن، اور ہماری جانب سے آپ ﷺ کو بہترین صلہ اور جزائے خیر عطا فرمائیں۔ اور آپ کو گراں قدر ثواب عطا فرمائیں، اور آپ ﷺ کے درجے کو بلند فرمائیں، اس بنا پر کہ آپ ﷺ نے پیغامِ الٰہی ہم تک پہنچایا، اور ہم پر اپنی خیر خواہی کا فیضان فرمایا، اور ہمیں تعلیم دی، بے شک وہ (حق تعالیٰ شانہ) قریب ہیں، دُعا قبول کرنے والے ہیں۔

(سخاوی کا کلام ختم ہوا)

۹۶ اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے رحمت بھیجیں حضرت محمد ﷺ پر، اور اللہ تعالیٰ کے نبیوں اور اس کے فرشتوں پر۔

۹۷ اے اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر بہ تعداد ان لوگوں کے جو آپ ﷺ پر دُرود بھیجیں، اور رحمت نازل فرما آنحضرت ﷺ پر بہ تعداد

ان لوگوں کے جو آپ ﷺ پر دُرود نہ بھیجیں۔ اور رحمت نازل فرما آنحضرت محمد ﷺ پر، جیسا کہ آپ نے حکم فرمایا ان پر دُرود بھیجنے کا، اور رحمت نازل فرما آنخضرت محمد ﷺ پر، جیسا کہ آپ ﷺ محبوب رکھتے ہیں کہ آپ ﷺ پر دُرود شریف بھیجا جائے، اور رحمت نازل فرما آنخضرت محمد ﷺ پر، جیسا کہ دُرود بھیجنا آپ ﷺ کے شایان شان ہے۔

۹۸ اے اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر، جو نبیٔ اُمی اور طاہر زکی ہیں، ایسی رحمت کہ اس کی برکت سے عقدے حل ہوجائیں اور پریشانیاں دُور ہوجائیں۔

۹۸-۱ ایسی رحمت جو کہ آپ کی پسندیدہ ہو، اور جس سے آنخضرت ﷺ کا حق ادا ہوجائے اور آپ ﷺ کی آل پر بھی، اور برکتیں اور سلام نازل فرما۔

۹۹ اے اللہ رحمت نازل فرمایئے ہمارے آقا حضرت محمد ﷺ پر جو سیّد کامل ہیں، فاتح و خاتم ہیں، حائے رحمت ہیں، میمِ مملکت ہیں، اور دالِ دوام ہیں، ایسی رحمت جو دائم رہے آپ کے ملک کے دوام کے ساتھ، باقی رہے آپ کی بقائے عزّت کے ساتھ، جو آپ کے علم کے ورے ختم نہ ہو، بہ تعداد ان چیزوں کے جو ہوچکی ہیں، اور بہ تعداد ان چیزوں کے جو وجود میں آرہی ہیں، اور بہ تعداد ان چیزوں کے جو وجود میں آنے والی ہیں آپ کے ملک میں قیامت تک، اور راضی ہو اللہ تعالیٰ تمام صحابہ رضی اللہ عنہم سے، والحمد للہ رب العالمین۔

۱۰۰ (ترجمہ نمبر۳ پر دیکھئے)۔

۱۰۰-ا (ترجمہ نمبر۳ پر دیکھئے)۔

۱۰۰-ب (ترجمہ نمبر ا پر دیکھئے)۔

۱۰۱ (ترجمہ نمبر ۱۷۲ پر)۔

۱۰۲ (ترجمہ نمبر ۱۳۰ پر)۔

۱۰۳ (ترجمہ نمبر ۱۳۱ پر)۔

۱۰۴ (ترجمہ نمبر ۱۳۲ پر)۔

۱۰۵ (ترجمہ نمبر ۱۳۳ پر)۔

۱۰۶ (ترجمہ نمبر ۱۳۴ پر)۔

۱۰۷ (ترجمہ نمبر ۱۳۵ پر)۔

۱۰۸ (ترجمہ نمبر ۲۰ پر)۔

۱۰۹ (ترجمہ نمبر ۶۱ پر)۔

۱۱۰ (ترجمہ نمبر ۱۳۶ پر)۔

۱۱۱ (یہ دُرود شریف مختلف الفاظ کا جامع ہے، جو متفرق طور پر پہلے گزر چکے ہیں)۔

۱۱۱-ا (اس کا ترجمہ بھی متفرق طور پر گزر چکا ہے)۔

۱۱۲ اے اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر اوّلین میں، اور رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر آخرین میں، اور رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر نبیوں میں، اور رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر رسولوں میں، اور رحمت

نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر ملأ اعلیٰ (فرشتوں) میں قیامت کے دن تک۔ اے اللہ! عطا فرما حضرت محمد ﷺ کو وسیلہ اور فضیلت اور شرف اور بلند درجہ، اور کھڑا کر آپ ﷺ کو مقامِ محمود میں، اے اللہ! میں ایمان لایا حضرت محمد ﷺ پر اور آپ ﷺ کو دیکھا نہیں، پس مجھے محروم نہ کیجئے آپ ﷺ کی زیارت سے جنت میں، اور مجھے نصیب فرمائیے آپ ﷺ کی محبت، اور مجھے وفات دیجئے آپ ﷺ کی ملت پر، اور مجھے پلائیے آپ ﷺ کے حوض سے، ایسا پلانا جو لذیذ ہو، خوشگوار ہو، بابرکت ہو، کہ میں پیاسا نہ ہوں اس کے بعد کبھی بھی، بے شک آپ ہر چیز پر قادر ہیں۔ اے اللہ! پہنچا دیجئے حضرت محمد ﷺ کی رُوح کو اور آپ ﷺ کی آل کو ہماری طرف سے دُعا اور سلام۔ اے اللہ! جیسا کہ میں آپ ﷺ پر ایمان لایا ہوں اور آپ ﷺ کو دیکھا نہیں پس مجھے محروم نہ کیجئے جنت میں آپ ﷺ کے دیدار سے۔

۱۱۳ اے اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر اور حضرت محمد ﷺ کی آل پر جیسا کہ آپ اس کے اہل ہیں۔

۱۱۴ اے اللہ! رحمت نازل فرما اپنے بندے اور رسول حضرت محمد ﷺ نبیٔ اُمی پر، اور حضرت محمد ﷺ کی آل پر، اور آپ ﷺ کی ازواجِ مطہرات اُمہات المؤمنین رضی اللہ عنہن پر اور آپ ﷺ کی ذُرّیت اور اہلِ بیت پر، جیسا کہ آپ نے رحمت نازل فرمائی حضرت ابراہیم علیہ السلام اور آلِ ابراہیم علیہ السلام پر جہانوں میں، بے شک آپ لائقِ حمد ہیں، بزرگی والے ہیں، اور جیسا کہ لائق ہو آپ کے عظیم شرف اور کمال کے اور آپ کی رضامندی کے آنحضرت ﷺ

سے، اور جیسا کہ آپ پسند فرمائیں اور راضی ہوں آپ ﷺ کے لئے، بہ تعداد اپنی معلومات کے، اور اپنے کلمات کی روشنائی کے، اور اپنی ذات کی رضا کے، اور اپنے عرش کے وزن کے برابر، سب سے افضل، سب سے اکمل، اور سب سے اَتم، جب کبھی ذکر کریں آپ کا ذکر کرنے والے، اور غافل ہوں آپ کے ذکر سے غافل لوگ، اور سلام نازل فرما خوب خوب سلام اسی طرح اور ہم پر بھی ان کے ساتھ۔

١١٥ رحمت نازل فرمائیں اللہ تعالیٰ حضرت محمد ﷺ پر اور آپ ﷺ کی آل پر، اور سلام بھیجیں، ایسی صلوٰۃ وسلام جس کے آپ ﷺ اہل ہیں۔

١١٦ اے اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ اور حضرت محمد ﷺ کی آل پر ایسی صلوٰۃ جس کے آپ اہل ہیں اور برکت نازل فرما اور سلام نازل فرما۔

١١٧ اے اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر، جو جود و کرم کا معدن ہیں، اور علم و حکمت کا منبع ہیں، اور آپ ﷺ کی آل و اصحاب پر، اور سلام نازل فرما۔

١١٨ اے اللہ! رحمت نازل فرما ہمارے سردار حضرت محمد ﷺ پر، اور ہمارے سردار حضرت محمد ﷺ کی آل پر، جو نبیٔ اُمی ہیں، جن کو آپ نے رحمۃ للعالمین بنا کر بھیجا، اور جن کو آپ نے ساری مخلوقات میں سے چن لیا، اتنی تعداد میں (رحمت نازل فرما) جو آپ کے علم میں ہو، اور جس سے وہ تمام چیزیں بھر جائیں جو آپ کے علم میں ہیں، اور ان تمام چیزوں کے وزن کے

برابر جو آپ کے علم میں ہیں، اور اپنی مخلوق کی تعداد کے برابر، اور ہر ذرّے کی تعداد سے دُگنا، چوگنا ہزار مرتبہ، اور ہر سانس، اور ہر لحظہ، اور ہر لمحہ میں، اور ہر آنکھ جھپکنے میں، جو آسمان والے اور زمین والے آنکھ جھپکتے ہیں، اور آپ ﷺ کی آل پر بھی اور آپ ﷺ کے اصحاب پر بھی، اور سلام نازل فرما۔

۱۱۹ اے اللہ! حضرت محمد ﷺ کو اس سے افضل اور بہتر عطا فرما، جو آپ سے سوال کیا جائے قیامت کے دن تک۔

۱۲۰ اے اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر جب تک کہ رات اور دن بدلتے ہیں، اور ظہر و عصر بار بار آتی ہے، اور رات اور دن بار بار آتے ہیں، اور فرقدین (ستارے) ایک دُوسرے کے رفیق ہیں، اور آپ ﷺ کی رُوحِ پاک اور آپ ﷺ کے اہلِ بیت کی اَرواحِ طیبہ کو ہمارا تحیہ و سلام پہنچا دیجئے۔

۱۲۱ اے اللہ! صلوٰۃ و سلام نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر درختوں کے پتوں کی تعداد میں، اور بارش کے قطروں کی تعداد میں، اور خشکی اور دریا کے حیوانات کی تعداد میں، اور آپ ﷺ کی آل و اصحاب پر بھی۔

۱۲۲ اے اللہ! صلوٰۃ و سلام نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر اور آپ ﷺ کی آل و اصحاب پر، ہر ذرّے کی تعداد میں ہزار ہزار (یعنی دس لاکھ) مرتبہ۔

۱۲۳ اے اللہ! صلوٰۃ و سلام نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر اور آپ ﷺ کی آل و اصحاب پر، ان تمام چیزوں کی تعداد میں جن کو آپ نے پیدا فرمایا، ان کو پھیلایا، اور ان کو وجود بخشا، اور ان تمام قطروں کی تعداد میں جو

آسمان سے زمین پر برسے، جب سے آپ نے دُنیا کو پیدا فرمایا اس وقت سے لے کر قیامت کے دن تک ہزار مرتبہ۔

۱۲۴ اے اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر اور حضرت محمد ﷺ کی آل پر، اپنے اسمائے حسنیٰ کی تعداد میں اور اپنی معلومات کی تعداد میں۔

۱۲۵ اے اللہ! رحمت نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد ﷺ پر اور ہمارے آقا حضرت محمد ﷺ کی آل پر، ایسی رحمت جو آپ کی پسندیدہ ہو، اور جس سے آپ ﷺ کا حق ادا ہوجائے، اور آپ ﷺ کو مقامِ وسیلہ اور فضیلت اور اعلیٰ و ارفع درجہ عطا فرما، اور آپ ﷺ کو مقامِ محمود میں کھڑا کر، اور آپ ﷺ کو ہماری طرف سے ایسی جزا عطا فرما جو افضل ہو اس جزا سے جو آپ نے کسی نبی کو اس کی اُمت کی جانب سے عطا فرمائی، اور رحمت نازل فرما آپ ﷺ کے تمام بھائیوں یعنی انبیاء، صدیقین، شہداء اور صالحین پر، اور تمام انبیاء اور متقی حضرات پر، اور اپنے تمام فرشتوں پر، خواہ آسمان والے ہوں یا زمین والے، اور اپنے تمام نیک بندوں پر، اور ہم پر بھی ان کے ساتھ، اے ارحم الراحمین!

۱۲۶ اے اللہ! صلوٰۃ وسلام اور برکتیں اور کرامتیں نازل فرما ہمارے آقا اور ہمارے نبیٔ مکرّم حضرت محمد ﷺ پر، جو آپ کے بندے اور رسول نبیٔ اُمی ہیں، نبیٔ رحمت ہیں، شفیعِ اُمت ہیں، جن کو آپ نے رحمۃ للعالمین بنا کر بھیجا، اور آپ ﷺ کی آل واصحاب، اولاد و ذُرّیت اور آپ ﷺ کے اہلِ بیت طیبین و طاہرین پر، اور آپ ﷺ کی ازواجِ مطہرات اُمہات المؤمنین رضی اللہ عنہن پر،

(نازل فرما آپ ﷺ پر) سب سے افضل رحمت، سب سے پاکیزہ تر سلام اور سب سے بڑی برکت، تعداد میں ان چیزوں کے جو آپ کے علم میں ہیں، وزن میں ان چیزوں کے جو آپ کے علم میں ہیں، اور ان چیزوں کی بھرتی کے مطابق جو آپ کے علم میں ہیں، آپ کے کلمات کی روشنائی اور آپ کی رضا کے منتہی کے مطابق، اسی طرح صلوٰۃ وسلام اور برکتیں اور کرامتیں نازل فرما افضل صلوٰۃ، پاکیزہ تر سلام اور سب سے بڑی برکتیں تمام انبیاء و مرسلین پر، اور ہر ایک کی آل و ازواج اور اصحاب و اَتباع پر، اور تمام اولیاء اللہ پر جہانوں میں، اور تمام اہلِ ایمان پر خواہ اَوّلین میں سے ہوں یا آخرین میں، تعداد میں ان تمام چیزوں کے جو اللہ تعالیٰ کو معلوم ہیں، اور ہم پر رحمت نازل فرما یا الٰہی! ان سب حضرات کی برکت سے، اور ہمیں شفا اور عافیت عطا فرما ہر آفت اور مصیبت سے، ہمیں معاف فرما، اور ہمارے ساتھ اپنے لطفِ جمیل کے مطابق معاملہ فرما، اور ہمارے گناہوں کی نحوست سے ایسے لوگوں کو ہم پر مسلط نہ فرما جو ہم پر رحم نہ کریں، اے ارحم الراحمین! اپنی رحمت سے ان دُعاؤں کو قبول فرما۔

۱۲۷ اے اللہ! صلوٰۃ وسلام نازل فرما ہمارے آقا، ہمارے مولیٰ، ہمارے شفیع، ہماری پناہ گاہ، ہمارے ماویٰ و ملجا حضرت محمد ﷺ پر، اور آپ ﷺ کی آل و اصحاب، آپ ﷺ کی اولاد و ذُرّیت، آپ ﷺ کی ازواج و اہلِ بیت اور آپ ﷺ کے اَتباع و اَشیاع (گروہ) پر، ایسی صلوٰۃ جو ناشی ہو اس بھید کے معدن سے، جو آپ کے اور ان ﷺ کے درمیان ہے، جس کو آپ کے

اور ان ﷺ کے سوا کوئی نہیں جانتا، اور آپ ﷺ کو برکتیں اور شرف اور عظمت اور بزرگی عطا فرما بمطابق ان کے قرب اور درجے کے آپ کے پاس، اور بہ مقدار ان کے اکرام اور آپ کی محبت کے ان کے لئے۔ اے اللہ! صلوٰۃ و سلام نازل فرما آپ ﷺ پر اور آپ ﷺ کی آل پر، تعداد میں ہر اس علم کے جو آپ نے ان ﷺ کو سکھایا، اور ہر فضل کے جس کے ساتھ آپ نے ان ﷺ کو مخصوص فرمایا، اور ہر نعمت کے جس کا آپ نے ان ﷺ پر اِنعام فرمایا، ایسی صلوٰۃ جو جامع ہو تمام مراتب کو، اور شامل ہو تمام درجات کو، اور عام ہو تمام خیرات کو، ان خیرات کو بھی جن کا تصوّر کیا جائے، اور ان خیرات کو بھی جن کا تصوّر نہ کیا جائے، اور جو کسی پر ظاہر ہوں، اور جو کسی پر ظاہر نہ ہوں۔ اے اللہ! صلوٰۃ وسلام نازل فرما، ہمارے آقا حضرت محمد ﷺ پر، جو آپ کے بندے، آپ کے رسول، آپ کے نبی، آپ کے محبوب، آپ کے خلیل، آپ کے صفی (برگزیدہ)، آپ کے نجی (سرگوشی کرنے والے)، آپ کے ذخیرہ اور آپ کی مخلوق میں سب سے بہتر ہیں، جن کو آپ نے بھیجا جہانوں کی رحمت بنا کر، گمراہوں کے ہادی، گناہ گاروں کے شفیع، حیرت زدہ لوگوں کے لئے دلیل، عارفین کے لئے طریق (معرفت)، متقیوں کے امام، بصیرت حاصل کرنے والوں کے لئے نور، مسکینوں پر رحم کرنے والے، فرمانبرداروں کو خوشخبری دینے والے، جہان والوں کو ڈرانے والے، اور اہلِ ایمان پر نہایت شفیق اور مہربان، جن کے قلب کو آپ نے منوّر فرمایا، جن کے سینے کو آپ نے کھول دیا، جن کے ذکر کو آپ نے بلند فرمایا، جن کی قدر و منزلت کو آپ نے عظمت بخشی، جن

کی بات کو آپ نے اُونچا کیا، جن کے دین کی آپ نے تائید فرمائی، جن کو آپ نے یقین عطا فرمایا، جن کی اُمت کو آپ نے اُمتِ مرحومہ بنایا، اور جن کی برکت کو آپ نے عام کردیا۔ یا اللہ! آپ پر ایسی صلوٰۃ وسلام نازل فرما جس کے ذریعہ آپ قلوب کو منوّر فرمادیں، گناہوں کو بخش دیں، عیوب کی پردہ پوشی فرمائیں، بے چینیوں کو دُور فرمادیں، افکار کو کافور بنادیں، غموں کو زائل فرمادیں، بلاؤں کو ٹال دیں، شفا نازل فرمائیں، تمام اُمور کو آسان فرمادیں، سینوں کو کھول دیں، قبروں کو کشادہ کردیں، حساب کو آسان کردیں، کتاب کا علم عطا فرمائیں، نیکیوں کی ترازو کو بھاری کردیں، جنتوں کو مہیا فرمادیں، اپنی ملاقات کی استعداد پیدا کردیں، اور اپنی نعمتیں پوری کردیں۔ ایسی صلوٰۃ و رحمت (آپ ﷺ پر نازل فرما) کہ جو حالات کو دُرست کردے، دِل کو فراغت و اطمینان عطا کرے، وقت کو (اغیار کی کدورتوں سے) صاف کردے، اور تیری ناراضی سے بچادے، ایسی صلوٰۃ کہ جس کی برکتیں عام ہوں، جس کی کرامتیں محیط ہوں، جس کے انوار (ہر چہارسو) چمکیں، جس کے اسرار ظاہر ہوں، جو دُرستگی کی موجب ہو، ہدایت کی باعث ہو، ضلال سے مانع ہو، اختلال کی رافع ہو، کمال کے پیدا کرنے والی ہو، ایسی صلوٰۃ کی جو دُنیا و آخرت کی بھلائیوں میں کسی خیر کو حاصل کئے بغیر نہ چھوڑے، اور ظاہر و باطن کے کمالات میں سے کسی کمال کو پورا اور کامل کئے بغیر نہ رہنے دے، ایسی صلوٰۃ کہ جو دائم ہو، مسلسل ہو، باقی رہنے والی ہو، کبھی ختم نہ ہو، زبان، حال و قال کے ساتھ واقع ہو، تمام حالات میں تمام حقوق کو ادا کرنے والی ہو، ایسی صلوٰۃ کہ جو

راضی ہو، پسندیدہ ہو، کامل ہو، کامل کرنے والی ہو، پوری ہو، پورا کرنے والی ہو، بڑھنے والی ہو، مقبول ہو، مشمول ہو، جلیل القدر ہو، جزیل ہو، نور، سرور ہو، رونق ہو، روشنی ہو، چمک ہو، شفا ہو، غنا ہو، علم ہو، عمل ہو، حال ہو، ذوق ہو، اوّل ہو، آخر ہو، ظاہر ہو، باطن ہو، اپنی رحمت کے ساتھ، اپنے فضل سے، اپنے جود سے، اپنی عنایت سے، اپنی ولایت سے، اپنی حمایت سے، اے تمام جہانوں کے معبود! اے سب سے بہتر مدد کرنے والے، اے سب سے بڑھ کر رحم کرنے والے، اے سب سے زیادہ عزّت والے، اور اے فریادیوں کی فریاد کو پہنچنے والے، قیامت تک آپ ﷺ پر یہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما، ازل الازال سے ابد الآباد تک، ''اور ان کی آخری پکار یہ ہے کہ تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لئے ہیں جو تمام جہانوں کا ربّ ہے۔''

۱۲۸ اے اللہ! رحمت نازل فرما، حضرت محمد ﷺ پر اور حضرت محمد ﷺ کی آل پر، جیسا کہ آپ نے رحمت نازل فرمائی حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کی آل پر، بے شک آپ لائقِ حمد ہیں، بزرگی والے ہیں۔ اے اللہ! برکتیں نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر اور حضرت محمد ﷺ کی آل پر، جیسا کہ آپ نے برکتیں نازل فرمائیں حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کی آل پر، بے شک آپ لائقِ حمد ہیں، بزرگی والے ہیں۔

۱۲۹ اے اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر اور حضرت محمد ﷺ کی آل پر، جب کبھی آپ ﷺ کا ذکر کریں ذکر کرنے والے، اور جب کبھی آپ ﷺ کو بھول جائیں غفلت والے، اور برکتیں اور سلام نازل فرما۔

۱۳۰ اے اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر، جیسا کہ آپ ﷺ اس کے اہل اور اس کے مستحق ہیں۔

۱۳۱ اے اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر اور حضرت محمد ﷺ کی آل پر، بہ تعداد اپنی معلومات کے، اور خوب خوب سلام نازل فرما اسی قدر۔

۱۳۲ اے اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ نبیٔ اُمی پر، اور ہر نبی پر، ہر فرشتے پر اور ہر ولی پر، جفت اور طاق کی تعداد میں، اور ہمارے رَبّ کے کامل اور بابرکت کلمات کی تعداد میں۔

۱۳۳ اے اللہ! رحمت نازل فرما اپنے بندے، اپنے نبی، اپنے رسول نبیٔ اُمی حضرت محمد ﷺ پر، اور آپ ﷺ کی آل و ازواج اور ذُرّیت پر، بہ تعداد اپنی مخلوق کے، اور بہ مقدار اپنی ذات کی رضا کے، اور اپنے عرش کے وزن کے مطابق، اور اپنے کلمات کی روشنائی کی مقدار میں۔

۱۳۴ اے اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر اور حضرت محمد ﷺ کی آل پر، ایسی رحمت جو ہمیشہ رہے آپ کے ہمیشہ رہنے کے ساتھ۔

۱۳۵ اے اللہ! اے محمد ﷺ اور آلِ محمد ﷺ کے رَبّ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر اور آلِ محمد ﷺ پر اور جزا دے حضرت محمد ﷺ کو جس کے آپ ﷺ اہل ہیں۔

۱۳۶ یا اللہ! ہمیشہ افضل سے افضل رحمتیں نازل فرمایئے اپنے بندۂ خاص اور اپنے نبیٔ مکرّم سیّدنا محمد نبیٔ اُمی ﷺ پر، اور خوب خوب سلام نازل فرمایئے، اور آپ ﷺ کے شرف و منزلت میں اضافہ فرمایئے، اور آپ ﷺ کو

قیامت کے دن اپنے نزدیک منزلِ مقرّب میں اُتاریئے۔

١٣٧ یا اللہ! حضرت محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما ایسی رحمت جو آپ کی رضا کی اور آنحضرت ﷺ کا حق ادا کرنے کی موجب ہو۔

١٣٨ اللہ تعالیٰ صلوٰۃ وسلام نازل فرمائیں حضرت محمد ﷺ پر اور آپ ﷺ کی آل پر۔

١٣٩ یا اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر اوّلین میں، اور رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر آخرین میں، اور رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر نبیوں میں، اور رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر رسولوں میں، اور رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر ملأ اعلیٰ میں، اور آپ ﷺ کی تمام آل و اصحاب پر بھی۔ یا اللہ! عطا فرما حضرت محمد ﷺ کو مقامِ وسیلہ اور فضیلت اور شرف اور بلند درجہ۔ یا اللہ! میں ایمان لایا حضرت محمد ﷺ پر، اور آپ ﷺ کو دیکھا نہیں، پس محروم نہ کیجئے مجھے جنت میں آپ ﷺ کی زیارت سے، اور مجھے نصیب کیجئے آپ ﷺ کی محبت، اور مجھے وفات دیجئے آپ ﷺ کی ملت پر، اور مجھے پلایئے آپ ﷺ کے حوض سے ایسا جام جو لذیذ ہو، خوشگوار ہو، سیراب کرنے والا ہو، کہ اس کے بعد ہمیں کبھی پیاس نہ لگے، بے شک آپ ہر چیز پر قادر ہیں، یا اللہ! پہنچا دیجئے حضرت محمد ﷺ کی رُوح پُرفتوح کو میری طرف سے تحیہ اور سلام۔ یا اللہ! جیسا کہ میں ایمان لایا آپ ﷺ پر، اور آپ ﷺ کو دیکھا نہیں، پس جنت میں مجھے آپ ﷺ کے دیدار سے محروم نہ فرمایئے، اپنی رحمت کے ساتھ، اے ارحم الراحمین!

۱۴۰ یا اللہ! رحمت نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد ﷺ پر، کہ پہلے تھا مخلوق سے ان کا نور، رحمت ہے جہان والوں کے لئے ان کا ظہور، بہ تعداد ان کے جو گزر چکے آپ کی مخلوق میں سے اور جو باقی رہے، اور جو نیک بخت ہیں ان میں سے اور جو بدبخت ہیں، ایسی رحمت کہ جو ختم کردے گنتی کو اور احاطہ کرلے حد کا، ایسی رحمت کہ نہ اس کی غایت ہو اور نہ انتہا، نہ حد ہو اور نہ ختم ہونا، آپ اپنی رحمتیں آنحضرت ﷺ پر نازل فرمائیں وہ ایسی دائم ہوں کہ آپ کے دوام کے ساتھ ہمیشہ رہیں، اور آپ ﷺ کی آل و اصحاب پر بھی اسی طرح ہمیشہ رہیں، اور تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں اس پر۔

۱۴۱ اے اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر، ایسی رحمت کہ آپ اس کی برکت سے ہمیں تمام ہولناکیوں اور آفتوں سے نجات عطا فرمائیں اور اس کی برکت سے آپ ہماری تمام حاجتیں پوری فرمادیں، اور اس کی برکت سے آپ ہمیں اپنے پاس اعلیٰ درجات میں بلند کردیں، اور اس کی برکت سے آپ ہمیں تمام بھلائیوں کی آخری حدوں تک پہنچادیں، دُنیا کی زندگی میں بھی اور مرنے کے بعد بھی۔

۱۴۲ یا اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر، بہ تعداد ان لوگوں کے جو آپ ﷺ پر دُرود بھیجیں تیری مخلوق میں سے، اور رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر، بہ تعداد ان لوگوں کے جو آپ ﷺ پر دُرود نہ بھیجیں، اور رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر جیسا کہ آپ نے ہمیں حکم فرمایا ہے آپ ﷺ پر دُرود بھیجنے کا، اور رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر جیسا کہ آپ چاہتے ہیں

اور پسند فرماتے ہیں کہ آپ ﷺ پر دُرود بھیجا جائے، اور رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر، جیسا کہ آپ ﷺ پر دُرود بھیجنا آپ کے شایانِ شان ہو۔

١٤٣ یا اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر، جو آپ کے خاص بندے، آپ کے نبی و رسول اور نبیٔ اُمی ہیں، اور آپ ﷺ کی آل پر بھی، اور خوب خوب سلام نازل فرما۔

١٤٤ یا اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر بہ تعداد ہر بیماری اور دوا کے، اور برکتیں اور سلام نازل فرما۔

١٤٥ یا اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر، جو رُوح کو معطر کرنے والے ہیں، اور آپ ﷺ کی آلِ پاک پر، ایسی رحمت کہ آپ ﷺ اس کے ذریعہ ہمیں معطر کردیں، اور برکت اور سلام نازل فرما۔

١٤٦ یا اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ کی رُوحِ پاک پر ارواح میں، اور رحمت نازل فرما آنحضرت ﷺ کے جسدِ مبارک پر اَجساد میں، اور رحمت نازل فرما آنحضرت ﷺ کی قبرِ مبارک پر قبور میں۔

١٤٧ یا اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر اور آپ ﷺ کی آل پر، اور برکت و سلام نازل فرما۔

١٤٨ یا اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ نبیٔ اُمی پر، اور آپ ﷺ کی آل پر، اور سلام نازل فرما۔

١٤٩ یا اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر ہمارے کلام کے اوّل میں، درمیان میں اور آخر میں۔

۱۵۰ رحمت نازل فرمائیں اللہ تعالیٰ، ہم اس کی تسبیح وتحمید کرتے ہیں، حضرت محمد ﷺ پر، جو اس کے خاص بندے اور رسول نبیٔ اُمی ہیں، اور آپ ﷺ کی آل پر، اور برکت اور سلام نازل فرمائیں، جیسا کہ آپ ﷺ کے شایانِ شان ہو۔

۱۵۱ یا اللہ! رحمت نازل فرما جہانوں کے سردار، اپنے حبیب حضرت محمد ﷺ پر اور ان کی آل پر، ایسی رحمت جو تیرے شایانِ شان ہو۔

۱۵۲ یا اللہ! رحمت نازل فرما میرے نبی حضرت محمد ﷺ پر اور آپ ﷺ کی آل پر، سب سے جلیل القدر رحمت، اور پوری فرما آپ ﷺ کے طفیل میری تمام حاجتیں، اور رحمت نازل فرما آنحضرت ﷺ پر، جیسا کہ آپ کے شایانِ شان ہو، اور سلام بھیج، اور شرف وکرامت عطا فرما ہمیشہ۔

۱۵۳ یا اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ نبیٔ اُمی پر، اور آپ ﷺ کی ازواج اُمہات المؤمنینؓ پر، اور آپ ﷺ کی ذُرّیت اور اہلِ بیت پر، جیسی کہ آپ نے رحمت نازل فرمائی حضرت ابراہیم علیہ السلام پر، بے شک آپ لائقِ حمد ہیں، بزرگی والے ہیں۔

۱۵۴ یا اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر، جو آپ کے بندۂ خاص، آپ کے نبی اور آپ کے رسول، نبیٔ اُمی ہیں۔

۱۵۵ یا اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر، اور آپ ﷺ کو اُتار منزلِ مقرّب میں اپنے پاس قیامت کے دن۔

۱۵۶ یا اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر، اور قیامت کے دن

آپ ﷺ کو ایسی نشست گاہ عطا فرمائیے جو آپ کے پاس مقرّب ہو۔

١٥٧ یا اللہ! رحمت نازل فرما اپنے بندے اور اپنے رسول حضرت محمد ﷺ پر، اور رحمت نازل فرما مؤمن مردوں اور مؤمن عورتوں پر، اور مسلمان مردوں پر اور مسلمان عورتوں پر۔

١٥٨ یا اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمدن النبی ﷺ پر، جیسا کہ آپ نے ہمیں حکم فرمایا ہے کہ ہم آپ ﷺ پر صلوٰۃ بھیجیں۔ اور رحمت نازل فرما حضرت محمدن النبی ﷺ پر، جیسا کہ لائق ہے کہ آپ ﷺ پر صلوٰۃ بھیجی جائے۔ اور رحمت نازل فرما حضرت محمدن النبی ﷺ پر بہ تعداد ان لوگوں کے جو آپ ﷺ پر صلوٰۃ بھیجیں۔ اور رحمت نازل فرما حضرت محمدن النبی ﷺ پر بہ تعداد ان لوگوں کو جو آپ ﷺ پر صلوٰۃ نہ بھیجیں۔ اور رحمت نازل فرما حضرت محمدن النبی ﷺ پر بہ تعداد ان لوگوں کو جو آپ ﷺ پر صلوٰۃ نہ بھیجیں۔

١٥٩ یا اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر، جیسا کہ آپ چاہتے ہیں اور پسند فرماتے ہیں کہ آپ ﷺ پر صلوٰۃ بھیجی جائے، یا اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر، جیسا کہ آپ نے ہمیں حکم فرمایا ہے کہ ہم آپ ﷺ پر صلوٰۃ بھیجیں، یا اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر، جیسا کہ آپ ﷺ اس کے اہل ہیں۔

١٦٠ یا اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ کی رُوح پُرفتوح پر ارواح میں، اور رحمت نازل فرما آنحضرت ﷺ کے جسدِ مبارک پر اَجساد میں، اور رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ کی قبرِ منوّر پر قبور میں۔

۱۶۱ یا اللہ! رحمت نازل فرما اپنے بندے اور رسول حضرت محمد ﷺ پر اور رحمت بھیج مؤمن مردوں اور عورتوں پر، اور مسلمان مردوں اور عورتوں پر۔

۱۶۲ اے اللہ! اے مالک حل و حرام کے! اور اے مالک بلدِ حرام کے! اور اے مالک حرمت والے مہینے کے! ہر آیت کے بدلے میں، جو آپ نے ماہِ رمضان میں نازل فرمائی، حضرت محمد ﷺ کی رُوحِ پاک کو میری جانب سے صلوٰۃ و سلام پہنچا دیجئے۔

۱۶۳ اے اللہ! رحمت نازل فرما اپنے بندے حضرت محمد ﷺ پر اور حضرت محمد ﷺ کی آل پر، اور برکت و سلام نازل فرما۔

۱۶۴ یا اللہ! حضرت نبی محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما، یہاں تک کہ آپ کی صلوات میں سے کچھ باقی نہ رہے، اور حضرت نبی محمد ﷺ پر برکتیں نازل فرما، یہاں تک کہ آپ کی برکتوں میں سے کچھ باقی نہ رہے، اور حضرت نبی محمد ﷺ پر رحمت فرما، یہاں تک کہ آپ کی رحمت میں سے کچھ باقی نہ رہے۔

۱۶۵ میں حاضر ہوں اے اللہ! اور آپ کے حکم کی تعمیل کے لئے بار بار حاضر ہوں، احسان کرنے والے رحیم پروردگار کی صلواتیں ہوں اور مقرّب فرشتوں کی، اور نبیوں اور صدیقوں کی، اور شہداء اور صالحین کی، اور ان تمام چیزوں کی، جو اے رَبّ العالمین! آپ کی تسبیح کہتی ہیں، حضرت محمد بن عبداللہ ﷺ پر، جو خاتم النبیین ہیں، سیّد المرسلین ہیں، امام المتقین ہیں، اور رسولِ رَبّ العالمین ہیں، گواہی دینے والے، ڈرانے والے ہیں، اور آپ کی طرف آپ

کے حکم سے بلانے والے ہیں، روشن چراغ ہیں، اور آپ ﷺ پر سلام ہو۔

۱۶۶ اللہ تعالیٰ کی، اس کے فرشتوں کی، اس کے نبیوں کی، اس کے رسولوں کی اور اس کی تمام مخلوق کی رحمتیں ہوں حضرت محمد ﷺ پر اور آپ ﷺ کی تمام آل پر، اور آپ ﷺ پر اور ان سب پر سلام ہو، اور اللہ تعالیٰ کی رحمتیں اور برکتیں ہوں۔

۱۶۷ اللہ تعالیٰ رحمت نازل فرمائیں حضرت محمد ﷺ پر، اور آپ ﷺ کو جزا دیں ہماری جانب سے جس کے آپ ﷺ اہل ہیں۔

۱۶۸ یا اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر اور آپ ﷺ کی آل پر، اور سلام نازل فرما، اور آپ ﷺ کو ہماری طرف سے جزائے خیر عطا فرما۔

۱۶۹ یا اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر، اور آپ ﷺ کی شفاعتِ کبریٰ قبول فرما، اور آپ ﷺ کے بلند درجے کو اُونچا کردے، اور دُنیا و آخرت میں آپ ﷺ کی دُعا و درخواست آپ ﷺ کو عطا فرما، جیسا کہ آپ نے ابراہیم علیہ السلام اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کو عطا فرمائی۔

۱۷۰ اے اللہ! اپنی عنایتیں، اپنی برکتیں، اپنی رحمتیں، اپنی شفقت اور محبت نبیوں کے سردار اور متقیوں کے امام حضرت محمد ﷺ پر نازل فرمایئے، جو آپ کے بندے اور آپ کے رسول اور نبی ہیں، خیر کے امام ہیں، اور رسولِ رحمت ہیں۔ اے اللہ! اور آپ ﷺ کو مقامِ محمود میں کھڑا کیجئے جس پر اوّلین و آخرین رشک کریں گے۔ یا اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر، اور حضرت محمد ﷺ کی آل پر، جیسا کہ آپ نے رحمت فرمائی حضرت ابراہیم علیہ السلام

پر اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کی آل پر، بے شک آپ لائقِ حمد ہیں، بزرگی والے ہیں۔ اور برکت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر اور حضرت محمد ﷺ کی آل پر، جیسا کہ آپ نے برکت نازل فرمائی حضرت ابراہیم علیہ السلام پر اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کی آل پر، بے شک آپ لائقِ حمد ہیں، بزرگی والے ہیں۔

۱۷۱ یا اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر اور آپ ﷺ کی آل پر، آپ ﷺ کے اصحاب پر، آپ ﷺ کی اولاد پر، آپ ﷺ کی ازواج پر، آپ ﷺ کی ذُرّیات پر، آپ ﷺ کے اہلِ بیت پر، آپ ﷺ کے سسرالی رشتہ داروں پر، آپ ﷺ کے انصار (مددگاروں) پر، آپ ﷺ کے پیروکاروں پر، آپ ﷺ سے محبت رکھنے والوں پر، آپ ﷺ کی اُمت پر، اور ہم سب پر بھی۔

۱۷۲ یا اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر، جب کبھی ذکر کریں آپ ﷺ کا ذکر کرنے والے، اور جب کبھی غافل ہوں آپ ﷺ کے ذکر سے غافل لوگ۔

۱۷۳ یا اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر، جس سے آسمان بھر جائے، زمین بھر جائے اور عرشِ عظیم بھر جائے۔

۱۷۴ یا اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد نبیٔ اُمی ﷺ پر، اور آپ ﷺ کی آل پر، اور سلام نازل فرما۔

۱۷۵ یا اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر، اور حضرت محمد ﷺ کی آل پر، ایسی صلوٰۃ جو آپ کی رضا (کی موجب) ہو، اور جس سے آپ ﷺ

کا حق ادا ہو جائے، اور عطا فرما آپ ﷺ کو وسیلہ اور مقامِ محمود، جس کا آپ نے ان ﷺ سے وعدہ فرما رکھا ہے، اور جزا دے آپ ﷺ کو ہماری طرف سے اس سے افضل اور بہتر جزا جو آپ نے کسی نبی کو اس کی اُمت کی جانب سے عطا فرمائی ہو، اور رحمت نازل فرما آپ ﷺ کے تمام بھائیوں، یعنی نبیوں اور نیک لوگوں پر، اے سب سے بڑھ کر رحم کرنے والے۔

۱۷۶ یا اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر اور آپ ﷺ کی آل پر، بہ تعداد ان تمام چیزوں کے جو آپ نے پیدا فرمائیں۔ یا اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر اور آپ ﷺ کی آل پر، ان تمام چیزوں کی بھرتی کے مطابق جو آپ نے پیدا فرمائیں۔ یا اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر اور آپ ﷺ کی آل پر ہر شے کی تعداد میں۔ یا اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر اور آپ ﷺ کی آل پر ہر شے کی بھرتی کے مطابق۔ یا اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر اور آپ ﷺ کی آل پر، ان تمام چیزوں کی تعداد کے برابر جن کا شمار اور احاطہ کیا ہے آپ کی کتاب نے۔ یا اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر اور آپ ﷺ کی آل پر، ان چیزوں کی تعداد میں جن کو آپ کا علم محیط ہے۔ یا اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر اور آپ ﷺ کی آل پر، ان چیزوں کی بھرتی کے مطابق، جن کو آپ کا علم محیط ہے۔

۱۷۷ یا اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر، جو چھوڑنے والے ہیں ایمان کی لگام احسان کے میدان میں، اور جو بھیجنے والے ہیں کرم کی ہوائیں جنت کے باغیچوں کی طرف، اور حضرت محمد ﷺ کی آل پر، اور سلام

نازل فرما۔

۱۷۸ یا اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر، جو کفر و طغیان کے فرقوں کو پاش پاش کرنے والے ہیں، اور شیطان کے لشکر کو منتشر کرنے والے ہیں، اور حضرت محمد ﷺ کی آل پر بھی، اور برکت نازل فرما، اور سلام نازل فرما۔

۱۷۹ اے اللہ! رحمت نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد ﷺ پر، جو صحیح اور غلط کے درمیان فرق کرنے والے اور حق و باطل کے درمیان فیصلہ کرنے والے ہیں، اوراقِ مصحف کے جمع کرنے والے اور اس کو قرآن کے آسمان سے اُتارنے والے ہیں، اور حضرت محمد ﷺ کی آل پر بھی، اور سلام نازل فرما۔

۱۸۰ یا اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر قیامت کے میدانوں میں۔ یا اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر جب وہ عام مصیبت کی گھڑی (یعنی قیامت) قائم ہو۔ یا اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر، ایسی صلوٰۃ جو ملامت سے چھڑانے والی ہو۔ یا اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر، ایسی صلوٰۃ جو سلامتی تک پہنچانے والی ہو۔ یا اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر ایسی صلوٰۃ جس کا فیضان ہو اہلِ کرامت پر۔ یا اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر ہر وقت اور ہر زمانے میں۔ یا اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر ہر زبان اور ہر دِل سے۔ یا اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر ہر حکمت و بیان کے ظہور کے وقت۔ یا اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر جو صاحب ہیں کتابِ عزیز کے اور حامل ہیں فرقانِ مجید کے۔ یا اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر، ایسی صلوٰۃ جو جامع ہو "کن فیکون" کے بھید کی،

اور رحمت نازل فرما آپ ﷺ کے تمام بھائیوں پر، یعنی نبی، صدیق، شہید اور نیک بندے، جو اہلِ قبلہ ہیں، اہلِ ایمان ہیں، صاحبِ کتاب ہیں۔ اے حنان! اے منان! اور مغفرت فرما اپنے نبی وحبیب حضرت محمد ﷺ کی اُمت کی، اور ان کو سکونت عطا فرما جنت میں، اور ان پر احسان فرما، اے احسان کے مالک! اور ان کو داخل فرما اپنی رحمت کے ساتھ اپنی رضا اور رضوان میں، اور رحمت وغفران میں، اور ان کو پناہ دے شیطان سے اور دوزخ سے، اے سب سے بڑھ کر رحم کرنے والے!

۱۸۱ یا اللہ! دُرود بھیج حضرت محمد ﷺ پر ایسا دُرود شریف کہ جو آپ ﷺ کے ذکر کے ساتھ مقرون ہو۔ یا اللہ! دُرود شریف بھیج حضرت محمد ﷺ پر، ایسا دُرود شریف جو جامع ہو آپ ﷺ کی خوشی اور سرور کو۔ یا اللہ! دُرود نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر ایسا دُرود شریف جو احاطہ کرے آپ ﷺ کے تمام حالات واطوار کا۔ یا اللہ! دُرود نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر، ایسا دُرود شریف جو منوّر کردے سننے والوں کے دِلوں کو۔ یا اللہ! نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر، ایسا دُرود شریف جو شارح ہو آپ ﷺ کے باطنی کمالات کی آپ ﷺ کے چہرۂ انور کی تحریر میں، اور رحمت نازل فرما آپ ﷺ کے تمام بھائیوں پر، یعنی انبیاء و اولیاء پر، بہ تعداد آپ ﷺ کے عبور کرنے اور گزرنے کے درمیان پانی کے اور اس کی طہارت کے، اور درمیان نور کے اور اس کے ظہور کے، اور درمیان حق کے اور اس کے اُمور کے۔

۱۸۲ یا اللہ! رحمت نازل فرمائیے حضرت محمد ﷺ پر بعد آپ ﷺ

کے ہر ذکر کے دس لاکھ مرتبہ۔

١٨٣ یا اللہ! رحمت نازل فرما ہمارے آقا حضرت **محمد** ﷺ پر اور آپ ﷺ کی آل پر اوّلین میں، اور رحمت نازل فرما ہمارے آقا حضرت **محمد** ﷺ پر آخرین میں، اور رحمت نازل فرما ہمارے آقا حضرت **محمد** ﷺ پر ملأ اعلیٰ میں قیامت تک۔

١٨٤ یا اللہ! رحمت نازل فرما حضرت **محمد** ﷺ پر ہمارے کلام کے اوّل میں، اور رحمت نازل فرما حضرت **محمد** ﷺ پر ہمارے کلام کے آخر میں۔

١٨٥ یا اللہ! رحمت نازل فرما ہمارے آقا حضرت **محمد** ﷺ پر اور آپ ﷺ کی آل واصحاب پر، اور سلام نازل فرما، قرآنِ کریم کے ایک ایک حرف کی تعداد میں اور ہر حرف کے بدلے ہزار ہزار مرتبہ۔